# ایسر القرآن

## قَدْ اَفْلَحَ 18

ہمارا مشن ہے کہ...... قرآنی الفاظ کے اُردو تلفظ...... اُردو لفظی ترجمہ عربی مادہ اور عام زبان میں استعمال کو سمجھ کر...... قرآن پاک کو بامحاورہ اُردو ترجمہ کے ساتھ پڑھنے کو ممکن بنانا

خاور صادق
قرآن سمجھو
تحریک

قرآن پاک کو اس انداز میں سمجھنے اور سمجھانے کے لئے طریقہ کار

**ڈاکٹر اُمِّ اَرقم سلمٰی ضمیر خان صاحبہ** اور **انجینئر امیر ضمیر احمد خان صاحب**

نے تخلیق وتجویز فرمایا......اور ہر مرحلہ پر راہنمائی اور تصحیح فرمائی

جملہ حقوق بحق پبلشرز محفوظ ہیں


| | | |
|---|---|---|
| تدوین وترتیب | : | ڈاکٹر اُمِّ اَرقم سلمٰی ضمیر خان |
| تسوید وتصحیح | : | ابوسعد محمد شفیق خاں جالندھری |
| پروف ریڈنگ | : | ڈاکٹر حافظ محمد عرفان رمضان |
| نظرِ ثانی | : | ابُوعبداللہ مفتی محمد مسعود ظفرؔ |
| اہتمام | : | حافظ محمد عثمان عیشؔ |
| پارہ | : | قَدْ اَفْلَحَ (18) |
| اشاعت اوّل | : | |
| تعداد | : | 1000 |
| طباعت | : | اقراء کمپیوٹرز، پرنٹرز اینڈ پبلشرز |

پریس مارکیٹ امین پور بازار فیصل آباد۔ پاکستان 0301-7977716

پبلشرز :

خاور صادق "قرآن سمجھو" تحریک

صدقہ جاریہ محترم محمد صادق چوہدری/محترمہ خاور صادق

1- سینٹ میری پارک، گلبرگ III، کلمہ چوک، لاہور 0300-7942202

www.quran-samjho.org quran.samjho.tahreek@gmail.com

# القرآن الكريم

## قَدْ اَفْلَحَ 18

ہمارا مشن ہے کہ.....قرآنی الفاظ کے اُردو تلفظ......اُردو لفظی ترجمہ
عربی مادہ اور عام زبان میں استعمال کو سمجھ کر......قرآن پاک کو
بامحاورہ اُردو ترجمہ کے ساتھ پڑھنے کو ممکن بنانا

خاور صادق
قرآن سمجھو
تحریک

# منفرد انداز میں قرآن پاک کی تلاوت اور اُسے سمجھنے کا طریقہ

قرآن پاک ایک ایسی آسمانی کتاب ہے جسے اللہ عزوجل نے عربی زبان میں نازل کیا ہے۔اس کے باوجود قرآنِ مجید کو مختلف زبانوں میں سمجھانے کیلئے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو منتخب فرمایا۔فہمِ قرآن کیلئے عالمِ اسلام میں مختلف کوششیں کی گئیں۔اسی طرح اُردو زبان میں بھی قرآن پاک کی ترجمانی کیلئے بیش بہا کوششیں ہوئیں، مگر بدقسمتی سے عربی زبان کو عربی لہجے میں پڑھنا بالخصوص پاکستان کے کچھ علاقہ جات میں مشکلات کا ہی شکار رہا۔ حقیقت یہ ہے کہ مستقل اساتذہ کرام کی رہنمائی کے بغیر قرآنِ پاک کے مقدس عربی الفاظ کو صحتِ تلفظ سے پڑھنا ناممکن ہی نظر آتا ہے۔اس کے علاوہ تمام مسلم احباب کیلئے قرآنِ پاک کے الفاظ کی تعلیم کا ابتدائی مرحلہ حروفِ تہجی کے الفاظ کو ہجوں کی شکل میں جوڑ توڑ میں لکھا جاتا ہے اور پڑھایا جاتا ہے۔اس کیلئے ادارہ جات میں بنیادی (قاعدے) موجود ہیں اور وہاں مستقل قراء کرام، اساتذہ کرام بھی موجود ہیں، اُن کی بروقت رہنمائی متعلمین اور مبتدئین کے لئے ازبس ضروری ہے، مگر افسوس صد افسوس! بے شمار لوگ ابھی بھی قرآن پاک کی ناظرہ تعلیم اور اس کے ترجمہ وتفہیم سے یکسر قاصر نظر آتے ہیں۔

خاور صادق "قرآن سمجھو" تحریک کا ایک ہی بنیادی مقصد ہے کہ ہر آدمی جس کی قومی زبان اردو ہے اُسے قرآنی الفاظ کا تلفظ بھی سمجھ آجائے اور قرآن کے لفظی اور بامحاورہ ترجمہ بھی سمجھنے میں آسانی ہوجائے اور ترجمہ کو عام زبان میں استعمال ہونے والے الفاظ سے کالمی انداز میں قرآن کو سمجھانے کی منفرد کوشش کی گئی ہے۔ پہلے کالم میں قرآنی الفاظ، دوسرے کالم میں قرآنی الفاظ کا اردو میں تلفظ، تیسرے کالم میں لفظی اردو ترجمہ، چوتھے کالم میں قرآنی الفاظ کا عربی لغت میں مادہ اور پانچویں کالم میں عام زبان میں عربی الفاظ کا استعمال پیش کیا گیا ہے، تاکہ پڑھنے والے اچھی طرح تلفظ سیکھنے کے ساتھ اردو ترجمہ بھی خوب ذہن نشین کرلیں اور بامحاورہ ترجمہ بھی دل نشین انداز میں پیش خدمت ہے۔عوام الناس کیلئے یہ نادر اور منفرد کوشش وکاوش ہے۔اللہ تعالیٰ شرف قبولیت سے نوازے۔

قرآنی الفاظ کی تلاوت کا طریقہ قرأت وتجوید کے رولز کے مطابق چند ضروری مگر مختصر قوانین پڑھنے والوں کی رہنمائی کیلئے پیش خدمت ہیں:

**① جزم والا همزه:** اس کے لئے اُردو کے تلفظ میں "x" کراس کا نشان لگایا گیا ہے، جیسے:

يَأْتُوكُمْ   یَ x تُ وْکُمْ   مُؤْمِنِيْنَ   مُ x مِ نِ یْ نَ

**② مد متصل:** اگر حروف مدہ (واؤ، الف، یائے) کے بعد ہمزہ اُسی کلمہ میں آجائے تو اُسے مدِ متصل کہتے ہیں اسے تین نقطوں سے ظاہر کیا گیا ہے، جیسے:

جَآءَكُمْ   جَا... ءَ کُ مْ   سُوْٓءَ   سُ وْ ... ءَ   سَيِّئَتُ   سَیْ ... ءَ تُ

**③ مد منفصل:** اگر حروفِ مدہ (واؤ، الف، یائے) کے بعد ہمزہ دوسرے کلمہ میں آئے تو اُس کو مدِ منفصل کہتے ہیں اُسے دو نقطوں سے ظاہر کیا گیا ہے، جیسے:

بِمَآ اُنْزِلَ   بِ مَا.. اُنْ زِ لَ   قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا   قُ وْ لُ وْ.. آ مَنْ نَا   فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ   فِی.. اَنْ فُ سِ کُمْ

**④ ادغام تام اور مدغم حروف کی صوت (آواز):** دو حرفوں کا آپس میں اس طرح مل جانا گویا دونوں ایک ہو گئے ہیں اسکی تین صورتیں ہیں:

① ایک حرف دو مرتبہ ایک کلمہ یا دو کلموں میں اس طرح آئے کہ پہلا حرف ساکن اور دوسرا متحرک ہو تو ساکن کو متحرک میں مدغم کر دیں گے، اس کو مدغم مثلین کہتے ہیں جیسے:

اِذْهَبْ بِكِتَابِيْ   اِذْ ہَ بْ بِ کِ تَا بِ یْ   سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا   سَ عْ یُ کُمْ مَ شْ کُ وْ رَا   عَنْ نَّفْسِيْ   عَنْ نَفْ سِ یْ

② اگر ایسے دو حرف ایک کلمہ یا دو کلموں میں جمع ہوں جن کا مخرج ایک اور ان کا پہلا حرف ساکن اور دوسرا متحرک ہو تو ساکن حرف کو متحرک حرف میں مدغم کر دیں گے، جیسے:

اُحِطْتُّ   اُ حِ ت تُ   اِذْظَّلَمُوْا   اِ ظْ ظَ لَ مُ وْ   قَدْ تَّبَيَّنَ   قَ تْ تَ بَ یْ یَ نَ

③ اگر ایسے دو حروف ایک کلمہ یا دو کلموں میں جمع ہوں جو قریب المخرج اور قریب الصوت ہوں اور پہلا حرف ساکن اور دوسرا حرف متحرک ہو تو ساکن حرف کو متحرک میں مدغم کر دیں گے، جیسے:

اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ   اَ لَ مْ نَ خْ لُ کْ کُمْ   قُلْ رَّبِّيْ   قُ رْ رَ بْ بِ یْ   مِنْ رَّحِيْقٍ   مِ رْ رَ حِ یْ قِنْ

**⑤ ادغام ناقص میں صوت (آواز):** "ن" ساکن یا "ن" تنوین (کے قاعدہ ادغام غُنّہ کے ساتھ) میں دیکھ چکے ہیں کہ "ن" کے ادغام کے باوجود اس کی صوت (آواز) باقی ہے ایسے ہی مدغم حرف کی کوئی صفت باقی رہے تو اُس کو ادغامِ ناقص کہتے ہیں، جیسے:

مَنْ يَّفْعَلْ   مَا ئیں یَ فْ عَ لْ   مَنْ يَّشَآءُ   مَا ئیں یَ شَا... ءُ   عِلْمًا وَّ   عِ لْ مَا وَں وَ   جَنّٰتٌ وَّ   جَ نْ نَا تُوں وَ

نوٹ: تلاوت کے حوالے سے مزید ضروری "قواعد وضوابط" تفصیل کے ساتھ ایک کتابچہ کی صورت میں شائع کئے جائیں گے۔ (ادارہ)

الجزء ۱۸

اٰيَاتُهَا ۱۱۸ (۲۳) سُوۡرَةُ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ مَكِّيَّةٌ (۷۴) رُكُوۡعَاتُهَا ۶

# بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | قَدۡ | قَ دۡ | یقیناً | | |
| | اَفۡلَحَ | اَفۡ لَ حَ | فلاح پا گئے | ف ل ح | فلَاح وبہبود، حَیَّ عَلَی الفَلَاح، فَلَاحی اِدارہ، فَلَاحِ اِنسانیت |
| | الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ۙ ① | لۡ مُ x مِ نُوۡ نَ | مؤمن | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، اِیمان |
| ۲ | الَّذِيۡنَ | اَل لَ ذِ یۡ نَ | وہ لوگ کہ | | |
| | هُمۡ | هُ مۡ | وہ | | |
| | فِيۡ صَلَاتِهِمۡ | فِيۡ صَ لَا تِ هِمۡ | اپنی نمازوں میں | ص ل و | صَلوٰۃِ ظُہر، صَلوٰۃِ عید، صَلوٰۃِ جُمعہ |
| | خٰشِعُوۡنَ ۙ ② | خَا شِ عُوۡ نَ | خُشُوع (عاجزی) کرنے والے ہیں | خ ش ع | نماز میں خُشُوع وخُضُوع کرنا |
| ۳ | وَالَّذِيۡنَ | وَل لَ ذِ یۡ نَ | اور وہ لوگ کہ | | غَرض وغَایَت، لَہوولَعَب |
| | هُمۡ | هُ مۡ | وہ | | |

قَدۡ اَفۡلَحَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ۙ ① الَّذِيۡنَ هُمۡ فِيۡ صَلَاتِهِمۡ خٰشِعُوۡنَ ۙ ② وَالَّذِيۡنَ هُمۡ

یقیناً ایمان والوں نے فلاح حاصل کر لی ① جو اپنی نماز میں خشوع کرتے ہیں ② جو لغویات سے منہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَنِ اللَّغۡوِ | عَ نِ ل لَ غۡ وِ | لغویات (فضول باتوں) سے | ل غ و | لَغوِیَات، لَغوِیات، لَغوکلام |
| | مُعۡرِضُوۡنَ ۙ ③ | مُ عۡ رِ ضُوۡ نَ | منہ پھیرنے والے ہیں | ع ر ض | اِعراض کرنا، اِعراض برتنا |
| ۴ | وَالَّذِيۡنَ | وَل لَ ذِ یۡ نَ | اور وہ لوگ کہ | | غَرض وغَایَت، لَہوولَعَب |
| | هُمۡ | هُ مۡ | وہ | | |
| | لِلزَّكٰوةِ | لِز زَ کَا ةِ | زکاۃ | ز ك و | زَکوٰۃُ الفِطر، مَالِ زَکوٰۃ، نِصَابِ زَکوٰۃ، بکریوں کی زَکوٰۃ |
| | فٰعِلُوۡنَ ۙ ④ | فَا عِ لُوۡ نَ | ادا کرنے والے ہیں | ف ع ل | فِعل، اَفعَال، فَاعِل، مَفعُول |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵ | وَالَّذِيْنَ | وَل لَ ذِ یْ نَ | اور وہ لوگ کہ | | غَرض وغایت، لَہو ولَعب |
| | هُمْ | ہُ مْ | وہ | | |

عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۝۳ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۝۴ وَالَّذِيْنَ هُمْ

موڑ لیتے ہیں ۝۳ جو زکوٰۃ ادا کرنے والے ہیں ۝۴ جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِفُرُوْجِهِمْ | لِ فُ رُوْ جِ ہِمْ | اپنی شرم گاہوں کی | ف ر ج | فَرْج (شرم گاہ)، فُرُوج (جمع) |
| | حٰفِظُوْنَ ۝۵ | حَا فِ ظُوْ نَ | حفاظت کرنے والے ہیں | ح ف ظ | حِفظ، حافِظ، حِفَاظت، مَحفُوظ |
| ۶ | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ | عَ لَا.. اَ زْ وَا جِ ہِمْ | اپنی بیویوں سے | ز و ج | زوجہ، زوج، اَزواجِ مُطَہَّرات |
| | اَوْ | اَ وْ | یا | | |
| | مَا مَلَكَتْ | مَا مَ لَ کَتْ | جن (کنیزوں) کے مالک ہوئے | م ل ك | مِلک، مَلکِیّت، اِملاک |
| | اَيْمَانُهُمْ | اَیْ مَا نُ ہُمْ | ان کے دائیں ہاتھ | ی م ن | یَمین ویَسار (دائیں بائیں)، مَیمَنہ ومَیسَرہ |
| | فَاِنَّهُمْ | فَ اِن نَ ہُمْ | تو بلاشبہ (ان سے جنسی خواہش پوری کرنے میں) وہ | | |

لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝۵ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ

والے ہیں ۝۵ بجز (سوائے) اپنی بیویوں اور ملکیت کی لونڈیوں کے یقیناً یہ ملامتیوں میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | غَيْرُ | غَا ئِ رُ | نہیں ہیں | غ ی ر | غَیرمُلکی، غَیرمَشروط، غَیرُاللہ |
| | مَلُوْمِيْنَ ۝۶ | مَ لُوْ مِیْ نَ | ملامت کئے ہوئے | ل و م | مَلَامت زدہ، مَلَامت کرنا |
| ۷ | فَمَنِ | فَ مَنِ | پھر جو شخص | | |
| | ابْتَغٰى | بْ تَ غَا | تلاش کرے | ب غ ی | |
| | وَرَآءَ | وَ رَا...ءَ | سوائے | و ر ی | مَاوراءُالنَّہر، مَاورائے آئین، مَاورائے عدالت |
| | ذٰلِكَ | ذَا لِ کَ | ان کے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاُولٰٓئِكَ هُمُ | فَ اُ لَا ... ءِ کَ ہُ مُ | تو وہی لوگ ہیں | | |
| | الْعٰدُوْنَ ۚ ﴿٧﴾ | لْ عَا دُوْ نَ | حد سے گزرنے والے | ع د و | عُدوان، تَعَدّی، مُتعدّی اَمراض |
| ٨ | وَالَّذِيْنَ | وَ لْ لَ ذِ یْ نَ | اور وہ لوگ کہ | | غَرض و غَایت، لَہو ولَعِب |
| | هُمْ | ہُ مْ | وہ | | |

غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ﴿٦﴾ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۚ ﴿٧﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ

سے نہیں ہیں ﴿٦﴾ جو اس کے سوا کچھ اور چاہیں وہی حد سے تجاوز کر جانے والے ہیں ﴿٧﴾ جو اپنی امانتوں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِاَمٰنٰتِهِمْ | لِ اَ مَا نَا تِ ہِمْ | اپنی امانتوں کی | ء م ن | اَمن و اَمان، مُؤمِن، اِیمان |
| | وَعَهْدِهِمْ | وَ عَ ہْ دِ ہِمْ | اور اپنے عہد کی | ع ہ د | اِیفائے عَہد، مُعاہدہ، عہدِ خلافت |
| | رٰعُوْنَ ۙ ﴿٨﴾ | رَ ا عُوْ نَ | حفاظت کرنے والے ہیں | ر ع ی | رَاعیٰ (چرواہا)، رَعِیّت، رَعَایَا |
| ٩ | وَالَّذِيْنَ | وَ لْ لَ ذِ یْ نَ | اور وہ لوگ کہ | | غَرض و غَایت، لَہو ولَعِب |
| | هُمْ | ہُ مْ | وہ | | |
| | عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ | عَ لَا صَ لَ وَا تِ ہِمْ | اپنی نمازوں کی | ص ل و | صَلٰوۃِ ظُہر، صَلٰوۃِ عِید، صَلٰوۃِ جُمعہ |
| | يُحَافِظُوْنَ ۘ ﴿٩﴾ | یُ حَا فِ ظُوْ نَ | حفاظت کرتے ہیں | ح ف ظ | حِفظ، حافِظ، حِفَاظت، مَحفُوظ |

لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۙ ﴿٨﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۘ ﴿٩﴾

اور وعدے کی حفاظت کرنے والے ہیں ﴿٨﴾ جو اپنی نمازوں کی نگہبانی کرتے ہیں ﴿٩﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٠ | اُولٰٓئِكَ هُمُ | اُ لَا ... ءِ کَ ہُ مُ | یہی لوگ ہیں | | |
| | الْوٰرِثُوْنَ ۙ ﴿١٠﴾ | لْ وَا رِ ثُوْ نَ | وارث | و ر ث | وَارِث، عِلم وَرَاثَت، مَورُوثی |
| ١١ | الَّذِيْنَ | اَ لْ لَ ذِ یْ نَ | وہ جو | | |
| | يَرِثُوْنَ | یَ رِ ثُوْ نَ | وارث ہوں گے | و ر ث | وَارِث، عِلم وَرَاثَت، مَورُوثی |
| | الْفِرْدَوْسَ ؕ | لْ فِ رْ دَ ا وْ سَ | فردوس (بہشتِ اعلیٰ) کے | | جَنّتُ الفِردَوس (جنّت کا اعلیٰ مقام) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هُمۡ | ہُ مۡ | وہ | | |
| | فِيۡهَا | فِیۡ ہَا | اس میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | خٰلِدُوۡنَ ⑪ | خَالِ دُوۡ ن | ہمیشہ رہیں گے | خ ل د | خُلدِ بَرِیں، خُلُود (ہمیشگی)، خَالِدَہ (نام) |

اُولٰٓئِكَ هُمُ الۡوٰرِثُوۡنَ ۙ⑩ الَّذِيۡنَ يَرِثُوۡنَ الۡفِرۡدَوۡسَ ؕ هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ⑪

یہی وارث ہیں ⑩ جو فردوس کے وارث ہوں گے جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے ⑪

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲ | وَلَقَدۡ | وَ لَ قَ دۡ | اور بلاشبہ تحقیق | | سیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | خَلَقۡنَا | خَ لَ قۡ نَ | ہم نے پیدا کیا ہے | خ ل ق | خَالِق، تخلِیق، مَخلُوق، خلقت |
| | الۡاِنۡسَانَ | لۡ اِنۡ سَا نَ | انسان کو | ن س ی | اِنسانی خُلیہ، خُوبصورت اِنسان، اِنسانیت، اِنسانی وقار |
| | مِنۡ سُلٰلَةٍ | مِنۡ سُ لَا لَ ةِ | خلاصے (جوہر) سے | س ل ل | مِن و عَن، مِن جُملَہ، مِن حَیثُ القَوم |
| | مِّنۡ طِيۡنٍ ۚ⑫ | م مِنۡ طِیۡ ن | مٹی کے | ط ی ن | مِن و عَن، مِن جُملَہ، مِن حَیثُ القَوم، پاک طِینَت (پاک مٹی)، بدطینت |
| ۱۳ | ثُمَّ | ثُمۡ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | جَعَلۡنٰهُ | جَ عَلۡ نَا ہُ | ہم نے اسے بنایا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سَازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کا غذات |
| | نُطۡفَةً | نُ طۡ فَ تَنۡ | ایک نطفہ | ن ط ف | نُطفَہ اِنسانی |
| | فِيۡ قَرَارٍ | فِیۡ قَ رَا رِ | قرار گاہ (رحم) میں | ق ر ر | اِستقرارِ حَمل، قَرار گاہ، مُستَقِر |

وَلَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ مِنۡ سُلٰلَةٍ مِّنۡ طِيۡنٍ ۚ⑫ ثُمَّ جَعَلۡنٰهُ نُطۡفَةً فِيۡ قَرَارٍ

یقیناً ہم نے انسان کو مٹی کے جوہر سے پیدا کیا ⑫ پھر اسے نطفہ بنا کر محفوظ جگہ میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَّكِيۡنٍ ۖ⑬ | م مَ کِیۡ ن | محفوظ | م ك ن | مَکان، مَکِیں، مَکانات |
| ۱۴ | ثُمَّ | ثُمۡ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | خَلَقۡنَا | خَ لَ قۡ نَ | ہم نے بنایا | خ ل ق | خَالِق، تخلِیق، مَخلُوق، خلقت |
| | النُّطۡفَةَ | ن نُ طۡ فَ ةَ | اس نطفے کو | ن ط ف | نُطفَہ اِنسانی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَقَةً | عَ لَ قَ تَنْ | جما ہوا خون | ع ل ق | |
| | فَخَلَقْنَا | فَ خَ لَقْ نَ | پھر ہم نے بنایا | خ ل ق | خَالِق، تَخْلِیق، مَخْلُوق، خلقت |
| | الْعَلَقَةَ | لْ عَ لَ قَ ةَ | اس جمے ہوئے خون کو | ع ل ق | |
| | مُضْغَةً | مُضْ غَ تَنْ | گوشت کا لوتھڑا | م ض غ | |
| | فَخَلَقْنَا | فَ خَ لَقْ نَ | پھر ہم نے بنائیں | خ ل ق | خَالِق، تَخْلِیق، مَخْلُوق، خلقت |

مَّكِيْنٍ ۝۱۳ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا

قرار دے دیا ⑬ پھر نطفہ کو ہم نے جما ہوا خون بنا دیا، پھر اس خون کے لوتھڑے کو گوشت کا ٹکڑا کر دیا، پھر گوشت کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمُضْغَةَ | لْ مُضْ غَ ةَ | اس لوتھڑے کی | م ض غ | |
| | عِظٰمًا | عِ ظَا مَنْ | ہڈیاں | ع ظ م | عِظَام، کَسرُالعظم (ہڈی کا ٹوٹنا) |
| | فَكَسَوْنَا | فَ كَ سَا وْ نَ | پھر ہم نے پہنایا | ك س و | کِسَاءِ عَرَبِی (عربی لباس)<br>کِسَاءِ ہِندِی (ہندی لباس) |
| | الْعِظٰمَ | لْ عِ ظَا مَ | ان ہڈیوں کو | ع ظ م | عِظَام، کَسرُالعظم (ہڈی کا ٹوٹنا) |
| | لَحْمًا ۗ | لَ حْ مَنْ | گوشت | ل ح م | لَحمِ خنزیر، مَاءُاللَّحم، لَحمِیَات (پروٹین) |
| | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اَنْشَاْنٰهُ | اَنْ شَ x نَا هُ | ہم نے اسے پیدا کیا | ن ش ء | نَشَاۃِ ثَانِیہ، اِنشَاء پَردَازِی، نَشوونُما |
| | خَلْقًا | خَ لْ قَنْ | مخلوق | خ ل ق | خَالِق، تَخْلِیق، مَخْلُوق، خلقت |
| | اٰخَرَ ؕ | آ خَ رَ | اور ہی (مکمل شکل) میں | ء خ ر | آخر، اُخریٰ، تاخیر، مُؤَخَّر<br>طاؤس و رُبَابِ آخر |
| | فَتَبٰرَكَ | فَ تَ بَا رَ كَ | پس بڑا بابرکت ہے | ب ر ك | بَرَکت، بَرَکَات، مُبَارَک بَاد |
| | اللّٰهُ | لْ لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |

الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ۗ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ؕ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ

ٹکڑے کو ہڈیاں بنا دیں، پھر ہڈیوں کو ہم نے گوشت پہنا دیا، پھر دوسری بناوٹ میں اس کو پیدا کر دیا، برکتوں والا ہے وہ اللہ تعالیٰ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَحْسَنُ | اَ حْ سَ نُ | جو سب سے اچھا ہے | ح س ن | حَسن، اِحسان، مُحسن، مُحسِنات |
| | الْخٰلِقِيْنَ ﴿١٤﴾ | لْ خَا لِ قِيْ نَ | بنانے والوں میں سے | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خلقت |
| ١٥ | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اِنَّكُمْ | اِن نَ کُ مْ | بے شک تم | | |
| | بَعْدَ ذٰلِكَ | بَ عْ دَ ذَا لِ كَ | اس کے بعد | ب ع د | بَعداز نماز، بَعد اَزاں، بَعد اَز ظُہر |
| | لَمَيِّتُوْنَ ﴿١٥﴾ | لَ مَا ئِيْ يِ تُوْ نَ | یقیناً مرنے والے ہو | م و ت | مَوت، اَموات، حیات و مَمات |
| ١٦ | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اِنَّكُمْ | اِن نَ کُ مْ | یقیناً تم | | |
| | يَوْمَ | یَا ؤْ مَ | دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | الْقِيٰمَةِ | لْ قِ یَا مَ ةِ | قیامت کے | ق و م | قِیامت، روزِ قِیامت، سُورۃُ القِیامہ |

اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿١٤﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ﴿١٥﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

جو سب سے بہترین پیدا کرنے والا ہے ﴿١٤﴾ اس کے بعد پھر تم سب یقیناً مر جانے والے ہو ﴿١٥﴾ پھر قیامت کے دن بلاشبہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تُبْعَثُوْنَ ﴿١٦﴾ | تُبْ عَ ثُوْ نَ | دوبارہ اُٹھائے جاؤ گے | ب ع ث | بِعثَتِ نَبوی، مَبعُوث، مَبعَث |
| ١٧ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | سیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | خَلَقْنَا | خَ لَقْ نَا | ہم نے پیدا کئے | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خلقت |
| | فَوْقَكُمْ | فَا ؤْ قَ كُ مْ | تمہارے اوپر | ف و ق | فَوقُ الاَرض، فَوقَ السَّماء، فَوقِیّت |
| | سَبْعَ | سَبْ عَ | سات (آسمان) | س ب ع | سَبعَ سَمٰوات، قِرَاَت سَبعہ |
| | طَرَآئِقَ ۖ | طَ رَ ا...ءِ قَ | تہ بہ تہ | ط ر ق | |
| | وَمَا كُنَّا | وَ مَا كُ ن نَا | اور ہم نہیں ہیں | ك و ن | عدل و اِنصاف، قول و قرار، مکر و فریب |
| | عَنِ الْخَلْقِ | عَنِ لْ خَ لْ قِ | (اپنی) مخلوق سے | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خلقت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | غٰفِلِيْنَ ﴿١٧﴾ | غَا فِ لِیْ ن | غافل (بے خبر) | غ ف ل | غَفلت، غَافِل آدمی، مُغَفَّل |

تُبْعَثُوْنَ ﴿١٦﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ﴿١٧﴾

تم سب اٹھائے جاؤ گے ﴿١٦﴾ ہم نے تمہارے اوپر سات آسمان بنائے ہیں اور ہم مخلوقات سے غافل نہیں ہیں ﴿١٧﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٨ | وَاَنْزَلْنَا | وَ اَن زَل نَا | اور ہم نے نازل کیا | ن ز ل | نَازِل، نُزُول، نَازِلہ، مَنَازِل |
| | مِنَ السَّمَآءِ | مِنَ سْ سَ مَا ... ءِ | آسمان سے | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | مَآءً | مَا ... ءَ م | پانی | م و ہ | مَاءِ زَمزَم، مَاءِ شِیرِیں، مَاءِ بَارِد |
| | بِقَدَرٍ | بِ قَ دَ رِ ن | ایک اندازے کے ساتھ | ق د ر | مُقَدَّر، مِقدار، تَقدِیرِ اِلٰہی، بَقدرِ ضَرُورت |
| | فَاَسْكَنّٰهُ | فَ اَ سْ كَن نَا هُ | پھر ہم نے اسے ٹھہرایا | س ك ن | سَاکِن، سَکَنَہ، سُکُونَت، سَکِینَت |
| | فِى الْاَرْضِ ۖ | فِل اَر ضِ | زمین میں | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَرَاضی، کُرۂ اَرض |
| | وَاِنَّا | وَ اِن نَا | اور بے شک ہم | | قَول وقَرَار، حُزن ومَلَال، غَم وحُزن |
| | عَلٰى ذَهَابٍۢ بِهٖ | عَ لَا ذَ ہَا بِم بِ ہِیْ | اس کے لے جانے پر (بھی) | ذ ھ ب | ذَاہِب (جانے والا)، مَذہَبِیَّت، ذَہَاب، مَذہَب، بَینَ المَذَاہِب |

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِى الْاَرْضِ ۖ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۢ بِهٖ

ہم ایک صحیح انداز سے آسمان سے پانی برساتے ہیں، پھر اسے زمین میں ٹھہرا دیتے ہیں، اور ہم اس کے لے جانے پر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَقٰدِرُوْنَ ﴿١٨﴾ ج | لَ قَا دِ رُوْ ن | یقیناً قادر ہیں | ق د ر | قَادِر، قُدرَت، مُقتَدِر، قَدِیر |
| ١٩ | فَاَنْشَاْنَا | فَ اَن شَ x نَا | پھر ہم نے پیدا کئے | ن ش ء | نَشأۃ ثَانِیہ، اِنشَاء پَردَازی |
| | لَكُمْ | لَ کُ م | تمہارے لئے | | |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اس کے ذریعے سے | | |
| | جَنّٰتٍ | جَن نَا تِ | باغات | ج ن ن | جَنّتِ فِردوس، جَنّتُ المُعلّٰی، جَنّتُ البَقیع |
| | مِّنْ نَّخِيْلٍ | م مِن نَ خِیْ لِ ن | کھجوروں کے | ن خ ل | نَخل، نَخلِستان، نَخلِ مَرقَد (قبر پر کھجور) |
| | وَّاَعْنَابٍ ۘ | وَ اَع نَا بِ | اور انگوروں کے | ع ن ب | عِنَب (انگور)، اَعنَاب (جمع) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَكُمْ | لَ كُ مْ | تمہارے لئے | | |
| | فِيْهَا | فِيْ هَا | ان میں | | فِي الْحَال، فِي الْفَور، فِي الْوَقْت |
| | فَوَاكِهُ | فَ وَا كِ هُ | لذیذ میوے ہیں | ف ك ه | |

# لَقٰدِرُوْنَ ﴿١٨﴾ فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّ اَعْنَابٍ ۘ لَكُمْ فِيْهَا فَوَاكِهُ

یقیناً قادر ہیں ⑱ اس پانی کے ذریعہ سے ہم تمہارے لئے کھجوروں اور انگوروں کے باغات پیدا کر دیتے ہیں، کہ تمہارے لئے ان میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَثِيْرَةٌ | كَ ثِيْ رَ تُنْ | بہت زیادہ | ك ث ر | خیرِ کثیر، کثرت، اکثر، کثیر لوگ |
| | وَّمِنْهَا | وَ مِنْ هَا | اور انہی میں سے کچھ | | عدل و انصاف، قول و قرار، مکر و فریب، مِنجانب، مِن حیثُ القوم |
| | تَاْكُلُوْنَ ﴿١٩﴾ | تَ x كُ لُوْ نَ | تم کھاتے ہو | ء ك ل | اَکلِ حلال، مَاکول، مَاکولات |
| ٢٠ | وَشَجَرَةً | وَ شَ جَ رَ تَنْ | اور (ہم نے پیدا کیا) ایک درخت | ش ج ر | شجرۂ نسب، شجرۂ طیّبہ، شجرۂ ممنوعہ |
| | تَخْرُجُ | تَ خْ رُ جُ | جو نکلتا (اُگتا) ہے | خ ر ج | خارج، وزارتِ خارجہ، مخرج، خروج |
| | مِنْ | مِنْ | سے | | مِن وعَن، مِن جُملہ، مِن حیثُ القوم |
| | طُوْرِ سَيْنَآءَ | طُوْ رِ سَا ئِیْ نَا...ءَ | طورِ سیناء | ط و ر<br>س ی ن | سورۂ طور، قومِ طور، طور پہاڑ، طورِ سینا پہاڑ کا نام ہے، وادیِ سینا |
| | تَنْۢبُتُ | تَمْ بُ تُ | وہ اُگاتا ہے | ن ب ت | نباتاتُ الارض، علمِ نباتات |
| | بِالدُّهْنِ | بِدْ دُ هْ نِ | روغن (تیل) | د ه ن | |

# كَثِيْرَةٌ وَّ مِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿١٩﴾ وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ

بہت سے میوے ہوتے ہیں انہی میں سے تم کھاتے بھی ہو ⑲ اور وہ درخت جو طورِ سینا پہاڑ سے نکلتا ہے جو تیل نکالتا ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَصِبْغٍ | وَ صِ بْ غٍ | اور سالن | ص ب غ | |
| | لِّلْاٰكِلِيْنَ ﴿٢٠﴾ | لِ لْ آ كِ لِيْ نَ | کھانے والوں کے لئے | ء ك ل | اَکلِ حلال، مَاکول، مَاکولات |
| ٢١ | وَاِنَّ | وَ اِنْ نَ | اور بے شک | | سیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | لَكُمْ | لَ كُ مْ | تمہارے لئے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِي الْاَنْعَامِ | فِلْ اَنْ عَامِ | چوپایوں میں | ن ع م | عَوام کالانعام، سُورۃُ الانعام |
| | لَعِبْرَةً ؕ | لَ عِبْ رَهْ | یقیناً (سامانِ) عبرت ہے | ع ب ر | عِبرتناک سَزا، عِبرتناک انجام |
| | نُسْقِيْكُمْ | نُسْ قِيْ كُ مْ | ہم تمہیں پلاتے ہیں | س ق ی | سَاقی، سَقّہ، نمازِ اِستِسقاء |
| | مِّمَّا | مِمْ مَا | اس میں سے جو | | مَا حَول، مَا فَوقُ الفِطرَت، مَاجَرہ |
| | فِيْ بُطُوْنِهَا | فِيْ بُ طُوْنِ هَا | ان کے پیٹوں میں ہے | ب ط ن | بَطنِ وَادی، بَاطِن، بَاطِنیّت، عورت کا بَطن |

وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ۝٢٠ وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهَا

اور کھانے والوں کے لئے سالن ہے ⑳ تمہارے لئے چوپایوں میں بھی بڑی بھاری عبرت ہے، ان کے پیٹوں میں سے ہم تمہیں دودھ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلَكُمْ | وَ لَ كُ مْ | اور تمہارے لئے | | عَدل وانصاف، قَول وقَرار، مَکروفَریب |
| | فِيْهَا | فِيْ هَا | ان میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | مَنَافِعُ | مَ نَا فِ عُ | منافع ہیں | ن ف ع | نَفع نُقصان، مُنَافِع، مَنفَعَت |
| | كَثِيْرَةٌ | كَ ثِيْ رَ تُنْ | بہت زیادہ | ك ث ر | خَیرِ کَثیر، کَثرت، اَکثر، کَثیر لوگ |
| | وَّمِنْهَا | وَمِنْ هَا | اور ان میں سے بعض کو | | عَدل وانصاف، قَول وقَرار، مَکروفَریب، مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | تَاْكُلُوْنَ ۙ ۝٢١ | تَ x كُ لُوْنَ | تم کھاتے ہو | ء ك ل | اَکلِ حَلَال، مَاکُول، مَاکُولَات |
| ٢٢ | وَعَلَيْهَا | وَ عَ لَا يْ هَا | اور ان پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | وَعَلَى الْفُلْكِ | وَ عَ لَلْ فُ لْ كِ | اور کشتیوں پر | ف ل ك | فُلک (کشتی) |

وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۙ ۝٢١ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ

پلاتے ہیں اور بھی بہت سے نفع تمہارے لئے ان میں ہیں ان میں سے بعض کو تم کھاتے بھی ہو ㉑ اور ان پر اور کشتیوں پر تم سوار

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تُحْمَلُوْنَ ۝٢٢ ع | تُحْ مَ لُوْنَ | تم سوار کئے جاتے ہو | ح م ل | حَمل، حَامِلہ عورت، حَامِلِ قرآن |
| ٢٣ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | عَدل وانصاف، قَول وقَرار، مَکروفَریب |
| | اَرْسَلْنَا | اَرْ سَلْ نَا | ہم نے بھیجا | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالتِ مُحَمَّدِیّہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نُوْحًا | نُوحَنْ | نوح کو | | حضرت نوح علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اِلٰی قَوْمِهٖ | اِلاَ قَاوْمِہِیْ | اس کی قوم کی طرف | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | فَقَالَ | فَ قَالَ | تو اس نے کہا: | ق و ل | قَول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | يٰقَوْمِ | یَا قَاوْمِ | اے میری قوم! | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | اعْبُدُوا | عْ بُ دُ | تم عبادت کرو | ع ب د | عَبد، عِبادت، عابِد، مَعبود |
| | اللّٰهَ | ل لَاہَ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | مَا لَكُمْ | مَا لَ کُ مْ | تمہارے لئے نہیں ہے | | |

تُحْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ

کرائے جاتے ہو ﴿۲۲﴾ یقیناً ہم نے نوح (علیہ السلام) کو اس کی قوم کی طرف رسول بنا کر بھیجا، اس نے کہا کہ اے میری قوم کے لوگو! اللہ تعالیٰ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْ اِلٰهٍ | مِنْ اِلَاہِنْ | کوئی (اور) معبود | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | غَيْرُهٗ ؕ | غَائِرُہٗ | اس کے سوا | غ ی ر | غیرمُلکی، غیرمَشروط، غیرُاللہ |
| | اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۲۳﴾ | اَفَ لَا تَت تَ قُوْنَ | کیا پھر تم ڈرتے نہیں! | و ق ی | مُتّقی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |
| ۲۴ | فَقَالَ | فَ قَالَ | تو کہا | ق و ل | قَول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | الْمَلَؤُا | لْ مَ لَ ءُ | ان سرداروں نے | م ل ء | |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِیْ نَ | جنہوں نے | | |
| | كَفَرُوْا | کَ فَ رُوْ | کفر کیا | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّارِ مکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | مِنْ قَوْمِهٖ | مِنْ قَاوْمِہِیْ | اس کی قوم میں سے: | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | مَا هٰذَآ | مَا ہَاذَا.. | نہیں ہے یہ | | لہٰذا، ہٰذا مِن فضلِ ربّی |

مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ

کی عبادت کرو اور اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، کیا تم (اس سے) نہیں ڈرتے ﴿۲۳﴾ اس کی قوم کے کافر سرداروں نے صاف کہہ دیا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَّا بَشَرٌ | اِل لَا بَ شَ رُ | مگر ایک بشر | ب ش ر | خَیرُالبَشَر، نُورو بَشَر، بَشَرِیَّت |
| | مِّثْلُكُمْ ۙ | م مِثْ لُ كُ مْ | تم ہی جیسا | م ث ل | مِثَال، مِثْل، اَمْثِلہ، تَمْثِیل، مِثَالِیں |
| | یُرِیْدُ | یُ رِیْ دُ | وہ چاہتا ہے | ر و د | پُختہ اِرادہ، اِرادت، مُرِیدِصَادِق |
| | اَنْ | آ ئیں | یہ کہ | | |
| | یَّتَفَضَّلَ | یَ تَ فَض ضَ لَ | وہ برتری حاصل کرے | ف ض ل | فَضل، فَضِیلَت، اَفْضَل، فَضَائِل |
| | عَلَیْكُمْ ؕ | عَ لَا ئِیْ كُ مْ | تم پر | | عَلَی الاِعلَان، عَلَی العُمُوم |
| | وَلَوْ | وَ لَا وْ | اور اگر | | عَدل واِنصَاف، قَول وقَرَار، مَکروفَریب |
| | شَآءَ | شَا...ءَ | چاہتا | ش ی ء | اِن شَاءَاللہ، مَاشَاءَاللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | لَاَنْزَلَ | لَ اَنْ زَ لَ | تو یقیناً نازل کرتا | ن ز ل | نَازِل، نُزُول، نَازِلَہ، مَنَازِل |
| | مَلٰٓئِكَةً ۚۖ | مَ لَا...ءِ كَ ةً | فرشتے | م ل ك | مَلَکُ المَوت (مَوت کا فَرِشتہ) مَسجُودِ مَلَائکہ |

اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ یُرِیْدُ اَنْ یَّتَفَضَّلَ عَلَیْكُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۚۖ

کہ یہ تو تم جیسا ہی انسان ہے، یہ تم پر فضیلت اور بڑائی حاصل کرنا چاہتا ہے، اگر اللہ تعالیٰ ہی کو منظور ہوتا تو کسی فرشتے کو اتارتا، ہم نے تو اسے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَّا سَمِعْنَا | مَا سَ مِ عْ نَا | ہم نے نہیں سنی | س م ع | سَامِع، مَسمُوع، قُوّتِ سَامِعَت، سَمع وبَصر |
| | بِهٰذَا | بِ ہَا ذَا | یہ (توحید کی بات/ بشر بھی نبی ہوتا ہے) | | مَسجِدِ ہٰذَا، حَامِلِ رُقعَہ ہٰذَا، لِہٰذَا |
| | فِیْٓ اٰبَآئِنَا | فِیْ.. آ بَا...ءِ نَ | اپنے باپ دادا میں | ء ب و | آبَاؤاَجدَاد، اِسکے آبَاء، آبَائی عَلَاقَہ |
| | الْاَوَّلِیْنَ ۚ﴿۲۴﴾ | لْ اَوْ وَ لِیْ نَ | پہلے | ء و ل | اَوّل، اُولیٰ، اَوَائل، اَوّل وآخر |
| ۲۵ | اِنْ هُوَ | اِنْ ہُ وَ | نہیں ہے وہ | | |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | رَجُلٌۢ | رَ جُ لُمْ | ایک آدمی ہی | ر ج ل | اَسمَاءُالرِّجَال کی کُتُب، رِجَال کشی قَحطُ الرِّجَال |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِهٖ | بِ ہِیۡ | اسے | | |
| | جِنَّةٌ | جِن نَ تُنۡ | جنون ہے | ج ن ن | مجنُون آدمی، مجنُون لوگ، جنُون |
| | فَتَرَبَّصُوۡا | فَ تَ رَب بَ صُوۡ | لہٰذا تم انتظار کرو | ر ب ص | |
| | بِهٖ | بِ ہِیۡ | اس کا | | |

مَّا سَمِعۡنَا بِهٰذَا فِیۡۤ اٰبَآئِنَا الۡاَوَّلِیۡنَ ﴿۲۴﴾ اِنۡ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوۡا بِهٖ

اپنے اگلے باپ دادوں کے زمانے میں سنا ہی نہیں ﴿۲۴﴾ یقیناً اس شخص کو جنون ہے، پس تم اسے ایک وقت مقرر تک

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | حَتّٰی | حَت تَا | تک | | حَتَّی الِامکان، حَتّٰی کہ |
| | حِیۡنٍ ﴿۲۵﴾ | حِیۡ ن | ایک وقت | ح ی ن | |
| ۲۶ | قَالَ | قَ ا لَ | اس (نوح) نے کہا: | ق و ل | قَول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | رَبِّ | رَب بِ | اے میرے رب! | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد ﷺ |
| | انۡصُرۡنِیۡ | اُنۡ صُ رۡ نِیۡ | تو میری مدد کر | ن ص ر | نُصرت، نَاصِر، مَنصُور، نَصِیر |
| | بِمَا | بِ مَا | اس وجہ سے کہ | | مَاشَاءَاللہ، مَافَوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | كَذَّبُوۡنِ ﴿۲۶﴾ | كَذ ذَ بُوۡنِ | انہوں نے مجھے جھٹلایا ہے | ك ذ ب | کِذب، تکذِیب، کاذِب، کَذّاب، مُسیلمہ کَذّاب (نبُوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| ۲۷ | فَاَوۡحَیۡنَاۤ | فَ اَوۡ حَ یۡ نَا.. | تب ہم نے وحی کی | و ح ی | وَحی مَتلو، وَحی غیر مَتلو، وَحی کا آنا |
| | اِلَیۡهِ | اِ لَیۡ هِ | اس کی طرف | | اَلدّاعِی اِلیَ الخَیر، مَکتُوب اِلَیہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | اَنِ | اَنِ | یہ کہ | | |
| | اصۡنَعِ | اِصۡ نَ عِ | تو بنا | ص ن ع | صَانِع، صَنعت کاری، صَنعتی شہر |

حَتّٰی حِیۡنٍ ﴿۲۵﴾ قَالَ رَبِّ انۡصُرۡنِیۡ بِمَا كَذَّبُوۡنِ ﴿۲۶﴾ فَاَوۡحَیۡنَاۤ اِلَیۡهِ اَنِ اصۡنَعِ

ڈھیل دو ﴿۲۵﴾ نوح (علیہ السلام) نے دعا کی اے میرے رب! ان کے جھٹلانے پر تو میری مدد کر ﴿۲۶﴾ تو ہم نے ان کی طرف وحی بھیجی کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الۡفُلۡكَ | لۡ فُ لۡ كَ | کشتی | ف ل ك | فُلک (کَشتی) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِاَعْيُنِنَا | بِ اَ عْ یُ نِ نَا | ہماری آنکھوں کے سامنے | ع ی ن | عُیُون، اَعیُن، عَین (آنکھ) قُرّۃُ العَین (آنکھوں کی ٹھنڈک) |
| | وَوَحْيِنَا | وَ وَ حْ یِ نَا | اور ہماری وحی کے (مطابق) | و ح ی | وَحی مَتلُو، وَحی غیر مَتلُو، وَحی کا آنا |
| | فَاِذَا | فَ اِ ذَا | پھر جب | | |
| | جَآءَ | جَا...ءَ | آ جائے | ج ی ء | |
| | اَمْرُنَا | اَمْ رُ نَا | ہمارا حکم | ء م ر | اَمرِ رَبِّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | وَفَارَ | وَ فَا رَ | اور اُبل پڑے | ف و ر | |
| | التَّنُّوْرُ ۙ | تْ تَنْ نُوْ رُ | تنُور | | تنُور (جہاں روٹیاں لگائی جاتی ہیں) |
| | فَاسْلُكْ | فَسْ لُ کْ | تو داخل (سوار) کر | س ل ك | سَالِک (چلنے والا) سُلُوک، مَسلَک |
| | فِيْهَا | فِیْ ہَا | اس (کشتی) میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | مِنْ كُلٍّ | مِنْ کُلْ لِنْ | ہر قسم سے | ك ل ل | کُل کَائِنَات، کُل جہان، کُل عَالَم |

الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ

تو ہماری آنکھوں کے سامنے ہماری وحی کے مطابق ایک کشتی بنا، جب ہمارا حکم آجائے اور تنور اُبل پڑے تو تُو ہر قسم کا ایک ایک جوڑا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | زَوْجَيْنِ | زَ وْ جَا یْ نِ | جوڑے (ہر ایک سے نر اور مادہ) | ز و ج | زَوجہ، زَوج، اَزوَاجِ مُطَہَّرَات |
| | اثْنَيْنِ | ثْ نَا یْ نِ | دونوں | ث ن ی | ثَانِی، عَقدِ ثَانِی، لَاثَانِی |
| | وَاَهْلَكَ | وَ اَ هْ لَ کَ | اور اپنے گھر والوں کو | ء ہ ل | اَہل وعیَال، اَہلِ خانہ، اَہلِ بَیت |
| | اِلَّا مَنْ | اِلْ لَا مَنْ | سوائے اس کے کہ | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | سَبَقَ | سَ بَ قَ | پہلے گزر چکا | س ب ق | سَابِق، مَسبُوق، سَبقَت لِسَانی سَبقَت لیجانا |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا یْ ہِ | اس کی بابت | | عَلَی الاِعلَان، عَلَی العُمُوم |
| | الْقَوْلُ | لْ قَا وْ لُ | (اللہ کا) حکم | ق و ل | قَول وقَرَار، اَقوَالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | مِنْهُمْ ج | مِنْ ہُمْ | ان میں سے | | مِن وعَن، مِن جُملَہ، مِن حَیثُ القَوم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلَا تُخَاطِبْنِیْ | وَ لَا تُ خَا طِبْ نِیْ | اور مجھ سے بات نہ کرنا | خ ط ب | خُطبہ، خَطِیب، خِطَاب، مُخَاطِب |

زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۚ وَلَا تُخَاطِبْنِیْ

اس میں رکھ لے اور اپنے اہل کو بھی، مگر ان میں سے جن کی بابت ہماری بات پہلے گزر چکی ہے، خبردار! جن لوگوں نے ظلم کیا ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِی الَّذِيْنَ | فِلْ لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں کے بارے میں | | فِی الْحَال، فِی الْفَور، فِی الْوَقْت |
| | ظَلَمُوْا ۚ | ظَ لَ مُوْ | جنہوں نے ظلم کیا | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمِین |
| | اِنَّهُمْ | اِن نَ هُمْ | بلاشبہ وہ (سب) | | |
| | مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۷﴾ | مُ غْ رَ قُوْ نَ | ڈبوئے جائیں گے | غ ر ق | غَرَق ہونا، غَرِیقُ الْمَاء، غَرِیقِ رَحْمت |
| ۲۸ | فَاِذَا | فَ اِ ذَا | پھر جب | | |
| | اسْتَوَيْتَ | سْ تَ وَ ئِیْ تَ | پورے طور پر بیٹھ جائے | س و ی | تَسوِیَۃُ الصُّفُوف (صفوں کو سیدھا کرنا) مُسَاوات، مُسَاوِی |
| | اَنْتَ | اَنْ تَ | تُو | | |
| | وَمَنْ | وَ مَنْ | اور وہ جو | | عَدل و اِنصَاف، قَول و قَرَار، مَکر و فَریب |
| | مَّعَكَ | مَ عَ كَ | تیرے ساتھ ہیں | | مَعَ اَہل و عِیَال، مَعِیَّت |

فِی الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَاِذَا اسْتَوَيْتَ اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ

ان کے بارے میں مجھ سے کچھ کلام نہ کرنا وہ تو سب ڈبوئے جائیں گے ﴿۲۷﴾ جب تُو اور تیرے ساتھی کشتی پر باطمینان بیٹھ جاؤ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَى الْفُلْكِ | عَ لَلْ فُلْ كِ | کشتی پر | ف ل ك | فُلک (کشتی) |
| | فَقُلِ | فَ قُ لِ | تو کہہ: | ق و ل | قَول و قَرَار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقولہ |
| | الْحَمْدُ | لْ حَ مْ دُ | تمام تعریف | ح م د | حَمد و ثَناء، حَامِد، مَحمُود، مُحَمَّد |
| | لِلّٰهِ | لِلْ لَا هِ | اللہ ہی کیلئے ہے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | الَّذِیْ | لْ لَ ذِیْ | وہ جس نے | | |
| | نَجّٰنَا | نَ جْ جَا نَا | ہمیں نجات دی | ن ج و | نَجات، فِرقَہ نَاجِیَہ، نَجات دَہندہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنَ الْقَوْمِ | مِ نَلْ قَا ؤِم | قوم سے | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۸﴾ | ظ ظَا لِ مِیْ ن | ظالم | ظ ل م | ظُلم، ظالِم، مَظلُوم، ظالمین |
| ۲۹ | وَقُلْ | وَ قُلْ | اور تو کہہ: | ق و ل | قَول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | رَّبِّ | رَ رَب بِ | اے میرے رب! | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |

عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ نَجّٰنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۸﴾ وَقُلْ رَّبِّ

تو کہنا کہ سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہی ہے جس نے ہمیں ظالم لوگوں سے نجات عطا فرمائی ﴿۲۸﴾ اور کہنا کہ اے میرے رب!

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْزِلْنِىْ | اَنْ زِ لْ نِیْ | تو مجھے اتار | ن ز ل | نازِل، نُزُول، نازِلہ، مَنازِل |
| | مُنْزَلًا | مُنْ زَ لَن | اتارنا | ن ز ل | نازِل، نُزُول، نازِلہ، مَنازِل |
| | مُّبٰرَكًا | مُ مُ بَا رَ کَا ؤُں | بابرکت | ب ر ك | بَرکت، بَرکات، مُبارک باد |
| | وَّاَنْتَ | وَ اَنْ تَ | اور تو | | سَیروسیاحت، علم وحکمت، شب وروز |
| | خَيْرُ | خَا ئِ رُ | سب سے بہتر ہے | خ ی ر | خیر خواہی، خیر وشر، خیر وبرکت |
| | الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۲۹﴾ | لْ مُنْ زِ لِیْ ن | اتارنے والوں میں | ن ز ل | نازِل، نُزُول، نازِلہ، مَنازِل |
| ۳۰ | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | فِىْ ذٰلِكَ | فِیْ ذَا لِ کَ | اس (واقعے) میں | | فِی الحال، فِی الفور، فِی الوقت |
| | لَاٰيٰتٍ | لَ آ يَا تِ نْ ؤُں | یقیناً عظیم نشانیاں ہیں | ء ی ی | آیتْ (نشانی/واحد)، آیات (جمع) |
| | وَّاِنْ | وَ اِنْ | اور بلاشبہ | | سَیروسیاحت، علم وحکمت، شب وروز، اِن شاءَ اللہ |
| | كُنَّا | کُن نَا | ہم ہمیشہ سے ہیں | ك و ن | |

اَنْزِلْنِىْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۲۹﴾ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ وَّاِنْ كُنَّا

مجھے بابرکت جگہ اتار اور تو ہی بہترین اتارنے والا ہے ﴿۲۹﴾ یقیناً اس میں بڑی بڑی نشانیاں ہیں اور ہم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَمُبْتَلِيْنَ ﴿۳۰﴾ | لَ مُبْ تَ لِیْ ن | یقیناً آزمانے والے | ب ل و | بَلا، مُبتَلا، دَورِ اِبتلاء وآزمائش |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۱ | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اَنْشَاْنَا | اَنْ شَ x نَا | ہم نے پیدا کئے | ن ش ء | اِنشاء پَردازی، علمِ اِنشاء، نَشوونُما |
| | مِنْۢ بَعْدِهِمْ | مِم بَ عْ دِ ہِمْ | ان کے بعد | ب ع د | بَعدازنماز، بَعدازاں، بَعدازظہر |
| | قَرْنًا | قَ رْ نَن | لوگ | ق ر ن | قُرونِ اُولیٰ، قِرانُ المَنازِل |
| | اٰخَرِيْنَ ۚ ۳۱ | آ خَ رِیْ ن | دوسرے | ء خ ر | آخر، اُخریٰ، تاخیر، مُؤخّر طَاؤس و رُباب آخر |
| ۳۲ | فَاَرْسَلْنَا | فَ اَرْسَلْ نَا | اور ہم نے بھیجا | ر س ل | رَسول، رُسُل، مُرسَل، رِسالتِ مُحمّدیہ |
| | فِيْهِمْ | فِیْ ہِمْ | ان میں | | فِی الحال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | رَسُوْلًا | رَ سُوْ لَن | ایک رسول | ر س ل | رَسول، رُسُل، مُرسَل، رِسالتِ مُحمّدیہ |

لَمُبْتَلِيْنَ ۳۰ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ۚ ۳۱ فَاَرْسَلْنَا فِيْهِمْ رَسُوْلًا

بیشک آزمائش کرنے والے ہیں ۳۰ ان کے بعد ہم نے اور بھی اُمت پیدا کی ۳۱ پھر ان میں خود ان میں سے (ہی) رسول بھی بھیجا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْهُمْ | م مِنْ ہُمْ | انہی میں سے | | مِنجانب، مِن حَیثُ القَوم |
| | اَنِ اعْبُدُوا | اَنِ عْ بُ دُ | یہ کہ تم عبادت کرو | ع ب د | عَبد، عِبادت، عابِد، مَعبود |
| | اللّٰهَ | ل لَا ہَ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | مَا لَكُمْ | مَا لَ کُ مْ | تمہارے لئے نہیں ہے | | |
| | مِّنْ اِلٰهٍ | مِنْ اِلَاہِنْ | کوئی (اور) معبود | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | غَيْرُهٗ ط | غَائِ رُہٗ | اس کے سوا | غ ی ر | غیرمُلکی، غیرمَشروط، غیرُاللہ |
| | اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ع ۳۲ | اَفَ لَا تَت تَ قُوْن | کیا پھر تم ڈرتے نہیں! | و ق ی | مُتّقی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |
| ۳۳ | وَقَالَ | وَ قَ الَ | اور کہا | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |

مِّنْهُمْ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ط اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ع ۳۲ وَقَالَ

سب اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، تم کیوں نہیں ڈرتے؟ ۳۲ اور سردارانِ قوم نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَلۡمَلَاُ | لُ مَ لَ اُ | ان وڈیروں نے | م ل ء | |
| | مِنۡ قَوۡمِهٖ | مِنۡ قَاۡ ءِمۡ هِ | اس کی قوم میں سے | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ مُوسیٰ |
| | الَّذِيۡنَ | ل لَ ذِ یۡ نَ | جنھوں نے | | |
| | كَفَرُوۡا | کَ فَ رُوۡ | کفر کیا | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّارِ مَکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | وَكَذَّبُوۡا | وَ کَذ ذَ بُوۡ | اور جھٹلایا | ك ذ ب | کِذب، تکذِیب، کاذِب، کذّاب، مُسیلمہ کذّاب (نبُوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | بِلِقَآءِ | بِ لِ قَا...ءِ | ملاقات کو | ل ق ی | مُلاقاتی حضرات، شرفِ مُلاقات |
| | الۡاٰخِرَةِ | لۡ آ خِ رَ ةِ | آخرت کی | ء خ ر | آخرت کا دن، اُخروی کامیابی، آخرت کا سفر |
| | وَاَتۡرَفۡنٰهُمۡ | وَ اَ تۡ رَفۡ نَا هُمۡ | جبکہ ہم نے انھیں خوشحالی دی تھی | ت ر ف | |
| | فِى الۡحَيٰوةِ | فِلۡ حَ یَا ةِ | زندگی میں: | ح ی ی | حیّ قیّوم، مُحیُ الدّین، حَیاتِ جاوداں، اِحیائے سُنّت (سنت کو زندہ کرنا) |

**اَلۡمَلَاُ مِنۡ قَوۡمِهِ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَكَذَّبُوۡا بِلِقَآءِ الۡاٰخِرَةِ وَاَتۡرَفۡنٰهُمۡ فِى الۡحَيٰوةِ**

جواب دیا، جو کفر کرتے تھے اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلاتے تھے اور ہم نے انہیں دنیوی زندگی میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الدُّنۡيَا ۙ | دُ دُنۡ یَا | دنیا کی | د ن و | دِین ودُنیا، دُنیاوی زندگی |
| | مَا هٰذَاۤ | مَا ہَا ذَا.. | نہیں ہے یہ (رسول) | | مَسجِد ہٰذا، حامِل رُقعہ ہٰذا، لِہٰذا |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلّا ما شاءَ اللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |
| | بَشَرٌ | بَ شَ رُ | بشر | ب ش ر | خیرُ البَشَر، نُور و بَشَر، بَشرِیّت |
| | مِّثۡلُكُمۡ ۙ | م مِثۡ لُ کُ مۡ | تمہی جیسا | م ث ل | مِثال، مِثل، اَمثِلہ، تمثِیل، مِثالیں |
| | يَاۡكُلُ | یَ x کُ لُ | وہ کھاتا ہے | ء ك ل | اَکلِ حلال، ماکول، ماکُولات |
| | مِمَّا | مِم مَا | اس (چیز) میں سے کہ | | ما شاءَ اللہ، مافوقَ الفِطرت، ماتحت |
| | تَاۡكُلُوۡنَ | تَ x کُ لُوۡنَ | تم کھاتے ہو | ء ك ل | اَکلِ حلال، ماکول، ماکُولات |
| | مِنۡهُ | مِنۡ هُ | اس میں سے | | مِن وعَن، مِن جُملہ، مِن حیثُ القوم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَیَشْرَبُ | وَیَش رَبُ | اور وہ پیتا ہے | ش ر ب | شَربت،مَشرُوب،شَراب |
| | مِمَّا | مِم مَا | اس میں سے جس سے | | مَاشَاءَاللہ،مَافوقَ الفِطرت،مَاتحت |

اَلدُّنْيَا ۙ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَ يَشْرَبُ مِمَّا

خوشحال کر رکھا تھا، کہ یہ تو تم جیسا ہی انسان ہے، تمہاری ہی خوراک یہ بھی کھاتا ہے اور تمہارے پینے کا پانی ہی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَشْرَبُوْنَ ﴿٣٣﴾ | تَش رَ بُو ن | تم پیتے ہو | ش ر ب | شَربت،مَشرُوب،شَراب |
| ٣٤ | وَلَئِنْ | وَ لَ ءِ ن | اور بلاشبہ اگر | | سَیروسَیاحت،علم وحِکمت،شَب ورُوز، اِن شَاءَاللہ |
| | اَطَعْتُمْ | اَ طَ عْ تُم | تم نے اطاعت کی | ط و ع | اِطَاعَت رَسُول،اِطَاعَت گُزار،مُطِیع |
| | بَشَرًا | بَ شَ رَ | ایک بشر کی | ب ش ر | خَیرُالبَشَر،نُوروبَشَر،بَشرِیَّت |
| | مِّثْلَكُمْ | م مِث لَ کُ م | اپنے جیسے ہی | م ث ل | مِثَال،مِثل،اَمثِلہ،تَمثِیل،مِثَالیں |
| | اِنَّكُمْ | اِن نَ کُ م | تو بلاشبہ تم | | |
| | اِذًا | اِ ذَ | اس وقت | | |
| | لَّخٰسِرُوْنَ ﴿٣٤﴾ | ل لَ خَا سِ رُو ن | یقیناً خسارہ پانے والے ہوں گے | خ س ر | خَسارہ اُٹھانے والا،خَائِب وخَاسِر |
| ٣٥ | اَيَعِدُكُمْ | اَ یَ عِ دُ کُ م | کیا وہ تمہیں وعدہ دیتا ہے | و ع د | وَعدہ وَفَائی،وَعدہ ووَعِید،وَعدہ کرنا |

تَشْرَبُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَ لَئِنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿٣٤﴾ اَيَعِدُكُمْ

یہ بھی پیتا ہے ﴿٣٣﴾ اگر تم نے اپنے جیسے ہی انسان کی تابعداری کر لی تو بے شک تم سخت خسارے والے ہو ﴿٣٤﴾ کیا یہ تمہیں اس بات

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنَّكُمْ | اَن نَ کُ م | کہ بے شک تم | | |
| | اِذَا | اِ ذَا | جب | | |
| | مِتُّمْ | مِت تُم | مر جاؤ گے | م و ت | مَوت،اَموَات،حَیَات ومَمَات |
| | وَكُنْتُمْ | وَ کُن تُم | اور ہو جاؤ گے | ك و ن | عَدل واِنصَاف،قَول وقَرار،مَکروفَریب |
| | تُرَابًا | تُ رَا بَا وُ ں | مٹی | ت ر ب | تُربَت،تُرب ہِندی(ہندی مٹی) اَبوتُراب(حضرت علی رضی اللہ عنہ کی کنیت) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّعِظَامًا | وَ عِ ظَا مَنۡ | اور ہڈیاں | ع ظ م | عِظَام، کَسرُالعظم (ہڈی کا ٹوٹنا) |
| | اَنَّكُمۡ | اَن نَ کُ مۡ | تو بلاشبہ تم | | |
| | مُّخۡرَجُوۡنَ ﴿۳۵﴾ | مُ خۡ رَ جُوۡ نَ | (زندہ کرکے) نکالے جاؤ گے؟ | خ ر ج | خَارِج، وَزَارتِ خَارِجَہ مَخرَج، خُرُوج |
| ۳۶ | هَيۡهَاتَ هَيۡهَاتَ | ہَا ئِ ہَا تَ ہَا ئِ ہَا تَ | دور ہے (عقل سے بہت دور ہے) | | |

اَنَّكُمۡ اِذَا مِتُّمۡ وَكُنۡتُمۡ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمۡ مُّخۡرَجُوۡنَ ﴿۳۵﴾ هَيۡهَاتَ هَيۡهَاتَ

کا وعدہ کرتا ہے کہ جب تم مرکر صرف خاک اور ہڈی رہ جاؤ گے تو تم پھر زندہ کئے جاؤ گے ﴿۳۵﴾ نہیں نہیں دور اور بہت دور ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِمَا | لِ مَا | وہ جس کا | | مَا حَول، مَافوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |
| | تُوۡعَدُوۡنَ ﴿۳۶﴾ | تُو عَ دُو ن | تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے | و ع د | وَعدَہ وَفَائی، وَعدَہ وَعِید، وَعدَہ کرنا |
| ۳۷ | اِنۡ | اِنۡ | نہیں ہے | | |
| | هِيَ | ہِ یَ | یہ (زندگی) | | |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّامَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | حَيَاتُنَا | حَ یَا تُ نَ | ہماری زندگی | ح ی ی | حَیٌّ قَیُّوم مُحیُ الدِّین، حَیَات جَاوِدَاں اِحیَائے سُنّت (سنت کو زندہ کرنا) |
| | الدُّنۡيَا | د دُن یَا | دنیا ہی کی | د ن و | دِین و دُنیا، دُنیَاوِی زندگی |
| | نَمُوۡتُ | نَ مُو تُ | ہم مرتے ہیں | م و ت | مَوت، اَموَات، حَیَات و مَمَات |
| | وَنَحۡيَا | وَ نَ حۡ یَا | اور جیتے ہیں | ح ی ی | حَیٌّ قَیُّوم مُحیُ الدِّین، حَیَات جَاوِدَاں اِحیَائے سُنّت (سنت کو زندہ کرنا) |
| | وَمَا نَحۡنُ | وَ مَا نَ حۡ نُ | اور ہم نہیں ہیں | | سَیر و سَیَاحَت، عِلم و حِکمَت، شَب و رُوز |

لِمَا تُوۡعَدُوۡنَ ﴿۳۶﴾ اِنۡ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنۡيَا نَمُوۡتُ وَنَحۡيَا وَمَا نَحۡنُ

وہ جس کا تم وعدہ دیئے جاتے ہو ﴿۳۶﴾ (زندگی) تو صرف دنیا کی زندگی ہے ہم مرتے جیتے رہتے ہیں اور یہ نہیں کہ ہم پھر اُٹھائے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِمَبۡعُوۡثِيۡنَ ﴿۳۷﴾ | بِ مَبۡ عُو ثِی ن | دوبارہ اُٹھائے جانے والے | ب ع ث | بِعثَت نَبوی، مَبعُوث، مَبعَث |
| ۳۸ | اِنۡ | اِنۡ | نہیں ہے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هُوَ | ہُ وَ | وہ (رسول) | | |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلیل |
| | رَجُلُ | رَ جُ لُ | (ایسا) آدمی | ر ج ل | اَسماءُ الرِّجال کی کُتب، رِجال کشی، قحطُ الرِّجال |
| | اِفْتَرٰی | اِف تَ رَا | (کہ) اس نے باندھا ہے | ف ر ی | مُفتری (بہتان طراز)، افتراء پردازی، کِذب و افتِراء، مُفتری لوگ |
| | عَلَی اللّٰهِ | عَ لَل لَا ہِ | اللہ پر | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | كَذِبًا | کَ ذِ بَا ؤں | جھوٹ | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کَذّاب، مُسَیلمہ کَذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | وَّمَا نَحْنُ | وَ مَا نَ حْ نُ | اور ہم نہیں | | سیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | لَهٗ | لَ ہُوْ | اس پر | | |
| | بِمُؤْمِنِيْنَ ۳۸ | بِ مُ x مِ نِیْ نَ | ایمان لانے والے | ء م ن | اَمن و اَمان، مُؤمن، ایمان |

بِمَبْعُوْثِيْنَ ۳۷ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلُ اِفْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا وَّمَا نَحْنُ لَهٗ بِمُؤْمِنِيْنَ ۳۸

جائیں گے ۳۷ یہ تو بس ایسا شخص ہے جس نے اللہ تعالیٰ پر جھوٹ (بہتان) باندھ لیا ہے، ہم تو اس پر ایمان لانے والے نہیں ہیں ۳۸

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۹ | قَالَ | قَ الَ | ان نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | رَبِّ | رَب بِ | اے میرے رب! | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمِین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | انْصُرْنِيْ | اُن صُ رْ نِیْ | تو میری مدد فرما | ن ص ر | نُصرت، ناصِر، منصُور، نَصیر |
| | بِمَا | بِ مَا | اس وجہ سے کہ | | مَا شَاءَ اللہ، مافوقَ الفِطرت، ماتحت |
| | كَذَّبُوْنِ ۳۹ | کَذ ذَ بُوْ نِ | انہوں نے مجھے جھٹلایا ہے | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کَذّاب، مُسَیلمہ کَذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| ۴۰ | قَالَ | قَ الَ | اس (اللہ) نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | عَمَّا قَلِيْلٍ | عَم مَا قَ لِیْ لِ | بہت تھوڑے سے عرصے میں | ق ل ل | قلیل، قلیل مدّت، اِلّا قلیل، قِلّت |
| | لَّيُصْبِحُنَّ | ل لَ یُصْ بِ حُن نَ | یقیناً وہ ضرور ہو جائیں گے | ص ب ح | |
| | نٰدِمِيْنَ ۴۰ | نَا دِ مِیْ نَ | پچھتانے والے | ن د م | نادِم ہونا، ندامت و شرمندگی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿٣٩﴾ قَالَ عَمَّا قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ ﴿٤٠﴾ ج

نبی (علیہ السلام) نے دعا کی کہ پروردگارا! ان کے جھٹلانے پر تو میری مدد کر ﴿٣٩﴾ جواب ملا کہ یہ تو بہت ہی جلد اپنے کئے پر پچھتانے لگیں گے ﴿٤٠﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٤١ | فَاَخَذَتْهُمُ | فَ اَ خَ ذَ تْ هُمُ | پھر انہیں آ پکڑا | ء خ ذ | اَخذُ الکِتاب، مَاخذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | الصَّيْحَةُ | ص صَا ئِ حَ ةُ | چیخ نے | ص ی ح | |
| | بِالْحَقِّ | بِلْ حَق قِ | حق کے ساتھ | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقت |
| | فَجَعَلْنٰهُمْ | فَ جَ عَلْ نَا هُمْ | تو ہم نے انہیں کر دیا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | غُثَآءً ج | غُ ثَا...آ | کوڑا کرکٹ | | |
| | فَبُعْدًا | فَ بُ عْ دَ | چنانچہ (رحمت سے) دُوری ہے | ب ع د | بَعِید اَز قِیاس، بُعد (دُوری)، مَاضی بَعِید |
| | لِّلْقَوْمِ | ل لِلْ قَا وْ مِ | قوم کے لئے | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |
| | الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤١﴾ | ظ ظَا لِ مِی ن | ظالم | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمِین |

فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ غُثَآءً ۚ فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤١﴾

بالآخر عدل کے تقاضے کے مطابق چیخ نے پکڑ لیا اور ہم نے انہیں کوڑا کرکٹ کر ڈالا، پس ظالموں کے لئے دُوری ہو ﴿٤١﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اَنْشَاْنَا | اَنْ شَ x نَا | ہم نے پیدا کیں | ن ش ء | اِنشاء پَردازی، عِلم اِنشاء، نَشو نُما |
| | مِنْۢ بَعْدِهِمْ | مِمْ بَ عْ دِ هِمْ | ان کے بعد | | بَعد اَزاں، بَعد اِس کے |
| | قُرُوْنًا | قُ رُ وْ نَنْ | اُمتیں | ق ر ن | قُرُونِ اُولیٰ، قَرنُ المَنازِل |
| | اٰخَرِيْنَ ﴿٤٢﴾ ط | آ خَ رِی ن | دوسری | ء خ ر | آخر، اُخریٰ، تاخِیر، مُوَخَّر طاؤس و رُباب آخر |
| ٤٣ | مَا تَسْبِقُ | مَا تَسْ بِ قُ | آگے نہیں نکل سکتی | س ب ق | حَسبِ سَابِق، سَبقَت لِسانی سَبقَت لیجانا |
| | مِنْ اُمَّةٍ | مِنْ اُمْ مَ تِنْ | کوئی اُمت | ء م م | اُمَّتِ مُسلمہ، اُمَّتِ مُحمَّدیہ |
| | اَجَلَهَا | اَ جَ لَ هَا | اپنے مقرر وقت سے | ا ج ل | اَجَل، آجال، فِرشتۂ اَجَل، لُقمۂ اَجَل |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَمَا | وَ مَا | اور نہ | | سیروسیاحت،علم وحکمت،شب وروز |

ثُمَّ اَنۡشَاۡنَا مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ قُرُوۡنًا اٰخَرِيۡنَ ؕ﴿۴۲﴾ مَا تَسۡبِقُ مِنۡ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا

ان کے بعد ہم نے اور بھی بہت سی اُمتیں پیدا کیں ﴿۴۲﴾ نہ تو کوئی اُمت اپنے وقت مقررہ سے آگے بڑھی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَسۡتَاۡخِرُوۡنَ ﴿۴۳﴾ | يَسۡ تَ x خِ رُوۡن | وہ(لوگ) پیچھے ہی رہ سکتے ہیں | ء خ ر | مُؤخَّر، تاخیر، مُتأخِّرِین ومُستقدِمین |
| ۴۴ | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اَرۡسَلۡنَا | اَرۡسَلۡ نَا | ہم نے بھیجے | ر س ل | رسول،رُسُل،مُرسل،رسالتِ محمدیّہ |
| | رُسُلَنَا | رُسُ لَ نَا | اپنے کئی رسول | ر س ل | رسول،رُسُل،مُرسل،رسالتِ محمدیّہ |
| | تَتۡرَا ؕ | تَتۡ رَا | پے درپے | | |
| | كُلَّمَا | كُل لَ مَا | جب بھی | | |
| | جَآءَ | جَا...ءَ | آیا | ج ی ء | |
| | اُمَّةً | اُم مَ تَ | کسی امت کے پاس | ء م م | اُمّتِ مُسلمہ، اُمّتِ محمدیہ |
| | رَّسُوۡلُهَا | رَرَسُوۡلُ هَا | اس کا رسول | ر س ل | رسول،رُسُل،مُرسل،رسالتِ محمدیّہ |
| | كَذَّبُوۡهُ | كَذ ذَ بُوۡهُ | تو انھوں نے اسے جھٹلایا | ک ذ ب | کِذب،تکذیب،کاذِب،کَذّاب<br>مُسیلمہ کذّاب(نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |

يَسۡتَاۡخِرُوۡنَ ﴿۴۳﴾ ثُمَّ اَرۡسَلۡنَا رُسُلَنَا تَتۡرَا ؕ كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوۡلُهَا كَذَّبُوۡهُ

اور نہ پیچھے رہی ﴿۴۳﴾ پھر ہم نے لگاتار رسول بھیجے، جب جب جس اُمت کے پاس اس کا رسول آیا اس نے جھٹلایا، پس ہم نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاَتۡبَعۡنَا | فَ اَتۡ بَ عۡ نَا | چنانچہ ہم نے پیچھے لگایا | ت ب ع | تابعدار، تابع فرماں، اتّباعِ سُنّت |
| | بَعۡضَهُمۡ | بَ عۡ ضَ هُمۡ | ان کے بعض کو | ب ع ض | بعض لوگ، بعض النّاس، بعض اشیاء |
| | بَعۡضًا | بَ عۡ ضَا ؤں | بعض کے | ب ع ض | بعض لوگ، بعض النّاس، بعض اشیاء |
| | وَّجَعَلۡنٰهُمۡ | وَ جَ عَلۡ نَا هُمۡ | اور ہم نے انہیں بنادیا | ج ع ل | جَعلی، جعل سازی، جعلی نوٹ<br>جعلی مقابلہ، جعلی کا غذات |
| | اَحَادِيۡثَ ۚ | اَحَا دِیۡ ث | قصے کہانیاں | ح د ث | حدیث، حادثہ، تحدیثِ نعمت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَبُعْدًا | فَ بُ عْ دَ | لہٰذا (رحمت سے) دُوری ہے | ب ع د | بَعِید اَز قِیاس، بُعد (دوری)، مَاضیِ بَعِید |
| | لِّقَوْمٍ | ل لِ قَا وْ مِ | ان لوگوں کے لئے | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قَومِ مُوسیٰ |
| | لَّا يُؤْمِنُوْنَ ۴۴ | ل لَا یُ x مِ نُوْ نَ | جو ایمان نہیں لاتے | ء م ن | اَمن و اَمان، مُومن، اِیمان |

فَاَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّ جَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ۴۴

ایک کو دوسرے کے پیچھے لگادیا اور انہیں افسانہ بنا دیا، ان لوگوں کو دُوری ہے جو ایمان قبول نہیں کرتے ۴۴

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۵ | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اَرْسَلْنَا | اَرْ سَلْ نَا | ہم نے بھیجا | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالَت مُحَمَّدِیَّہ |
| | مُوْسٰى | مُوْ سَا | موسیٰ کو | | حضرت موسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَاَخَاهُ | وَ اَ خَا هُ | اور اس کے بھائی | ء خ و | اُخُوَّت پُروگرام، مُوَاخَات، اُخُوَّت، اَخوَانُ المُسلِمِین |
| | هٰرُوْنَ ۙ | ہَا رُوْ نَ | ہارون کو | | حضرت ہارون علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | بِاٰيٰتِنَا | بِ آ یَا تِ نَا | اپنی نشانیوں کے ساتھ | ء ی ی | آیَت (نشانی/واحد)، آیَات (جمع) |
| | وَسُلْطٰنٍ | وَ سُلْ طَا نِ | اور دلیل (کے ساتھ) | س ل ط | سَیر و سَیاحت، عِلم و حِکمت، شَب و روز سُلطَان (کوئی دلیل)، سُلطَانیِ گواہ |
| | مُّبِيْنٍ ۙ ۴۵ | م مُ بِیْ نِ | واضح | ب ی ن | بَیان، مُبَیَّنہ طَور پر، دَلِیلِ بَیِّن |
| | اِلٰى فِرْعَوْنَ | اِلَا فِ رْ عَا وْ نَ | فرعون کی طرف | | (ایک حکمران تھا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں) |

ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۙ ۴۵ اِلٰى فِرْعَوْنَ

پھر ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اور اس کے بھائی ہارون (علیہ السلام) کو اپنی آیتوں اور کھلی دلیل کے ساتھ بھیجا ۴۵ فرعون اور اس کے لشکروں کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۶ | وَمَلَا۟ئِهٖ | وَ مَ لَ ءِ ہِیْ | اور اُس کے درباریوں (کی طرف) | م ل ء | |
| | فَاسْتَكْبَرُوْا | فَسْ تَ کْ بَ رُوْ | تو انہوں نے تکبر کیا | ك ب ر | کِبَر، اَکبَر، کَبِیر، تَکَبُّر، مُتَکَبِّر |
| | وَكَانُوْا | وَ کَا نُوْ | اور وہ تھے | ك و ن | سَیر و سَیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | قَوْمًا | قَا وْ مَنْ | لوگ | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قَومِ مُوسیٰ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَالِيْنَ ۚ ۝٤٦ | عَا لِیْ ن | سرکش | ع ل و | عُلُوّ، عُلْیَا، اَعلیٰ و اَرفَع، عالی مقام |
| ٤٧ | فَقَالُوْٓا | فَ قَا لُوْ.. | پس انہوں نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | اَنُؤْمِنُ | اَ نُ x مِ نُ | کیا ہم ایمان لائیں | ء م ن | اَمن و اَمان، مُومن، ایمان |
| | لِبَشَرَيْنِ | لِ بَ شَ رَ ائِ نِ | دو آدمیوں پر | ب ش ر | خیرُ البشر، نور و بشر، بشریّت |
| | مِثْلِنَا | مِثْ لِ نَا | جو ہم جیسے ہی ہیں؟ | م ث ل | مثال، مثل، اَمثلہ، تمثیل، مثالیں |

وَمَلَاۡئِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ۚ ۝٤٦ فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا

طرف، پس انہوں نے تکبر کیا اور تھے ہی وہ سرکش لوگ ۝٤٦ کہنے لگے کہ کیا ہم اپنے جیسے دو شخصوں پر ایمان لائیں؟ حالانکہ خود ان کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَقَوْمُهُمَا | وَ قَا ؤْ مُ هُ مَا | جبکہ ان دونوں کی قوم | ق و م | قوم، اَقوام، مسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | لَنَا | لَ نَا | ہماری | | |
| | عٰبِدُوْنَ ۚ ۝٤٧ | عَا بِ دُوْ ن | غلام ہے | ع ب د | عابد، عَبید، عبداللہ، عُبَیداللہ |
| ٤٨ | فَكَذَّبُوْهُمَا | فَ كَذْ ذَ بُوْ هُ مَا | لہٰذا انہوں نے ان دونوں کو جھٹلایا | ك ذ ب | کذب، تکذیب، کاذب، کذّاب مسیلمہ کذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | فَكَانُوْا | فَ كَا نُوْ | تو وہ ہو گئے | ك و ن | |
| | مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ۝٤٨ | مِ نَلْ مُ هْ لَ كِيْ ن | ہلاک شدہ لوگوں میں سے | ه ل ك | ہلاک ہونا، مُہلک، ہلاکت |
| ٤٩ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلا شبہ تحقیق | | سیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | اٰتَيْنَا | آ تَا ئِیْ نَا | ہم نے دی | ء ت ی | |

وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ۚ ۝٤٧ فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ۝٤٨ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

قوم (بھی) ہمارے ماتحت ہے ۝٤٧ پس انہوں نے ان دونوں کو جھٹلایا آخر وہ بھی ہلاک شدہ لوگوں میں مل گئے ۝٤٨ ہم نے تو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُوْسٰى | مُوْ سَ | موسیٰ کو | | حضرت موسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | الْكِتٰبَ | اَلْ كِ تَا بَ | کتاب | ك ت ب | کتاب حکمت، کتاب اللہ، کتابت |
| | لَعَلَّهُمْ | لَ عَلْ لَ هُمْ | تا کہ وہ (لوگ) | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَهْتَدُوْنَ ﴿٤٩﴾ | یَ ہْ تَ دُوْ نَ | ہدایت پا جائیں | ھ د ی | ہِدایت، ہادیِٔ عالَم، ہادیِٔ کائنات |
| ٥٠ | وَجَعَلْنَا | وَ جَ عَلْ نَا | اور ہم نے بنایا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | ابْنَ مَرْيَمَ | بْ نَ مَرْ یَ مَ | (عیسیٰ) ابنِ مریم کو | ب ن و | اِبْنُ الْوَقْت، اَبْناء، بَنُوْن، اِبْنِ عُمَر |
| | وَاُمَّهٗٓ | وَ اُمْ مَ ہُوْ.. | اور اس کی ماں کو | ء م م | اُمِّ ہانی، اُمِّ عبّاس، اُمِّ ارقم |
| | اٰيَةً | آ یَ تَ ئَں | عظیم نشانی | ء ی ی | آیَت (نشانی/واحد)، آیات (جمع) |
| | وَّاٰوَيْنٰهُمَآ | وَ آ وَ ئْ نَا ہُ مَا | اور ہم ان دونوں کو لے آئے | ء و ی | ملجا و ماویٰ، یتیموں کا ماویٰ |

مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿٤٩﴾ وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَآ

موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب (بھی) دی کہ لوگ راہ راست پر آجائیں ﴿٤٩﴾ ہم نے ابنِ مریم (علیہما السلام) اور اس کی والدہ کو ایک نشانی بنایا،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلٰى رَبْوَةٍ | اِلَا رَبْ وَتِنْ | ایک بلند جگہ کی طرف | ر ب و | |
| | ذَاتِ قَرَارٍ | ذَا تِ  قَ رَا رِنْ وْں | جو سکون و آرام والی تھی | ق ر ر | اِستقرارِ حمل، قرار گاہ، مُستقر |
| | وَّمَعِيْنٍ ﴿٥٠﴾ | وَ مَ عِیْ نْ | اور جاری چشمے | ع ی ن | عَین (چشمہ)، اَعْیُن (جمع چشمے) |
| ٥١ | يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ | یَا.. اَیْ یُ ہَرْ رُ سُ لُ | اے رسولو! | ر س ل | رَسول، رُسُل، مُرسَل، رِسالتِ مُحَمَّدیہ |
| | كُلُوْا | کُ لُوْ | تم کھاؤ | ء ك ل | اَکْلِ حلال، ماکول، ماکولات |
| | مِنَ الطَّيِّبٰتِ | مِ نَ طْ طَائْ یِ بَا تِ | پاکیزہ چیزوں میں سے | ط ی ب | طَیِّب، کلمہ طیّبہ، مدینہ طیّبہ |
| | وَاعْمَلُوْا | وَ عْ مَ لُوْ | اور عمل کرو | ع م ل | عَمل، اعمال، عامِل، مَعمول |

اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ﴿٥٠﴾ يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا

اور ان دونوں کو بلند صاف قرار والی اور جاری پانی والی جگہ میں پناہ دی ﴿٥٠﴾ اے پیغمبرو! حلال چیزیں کھاؤ اور نیک عمل کرو تم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | صَالِحًا ؕ | صَا لِ حَا | نیک | ص ل ح | صالحین، صُلحاء، اَعمالِ صالح |
| | اِنِّيْ | اِن نِیْ | بے شک میں | | |
| | بِمَا | بِ مَا | اس کو جو | | ماشاءاللہ، مافوق الفطرت، ماتحت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَعْمَلُوْنَ | تَ عْ مَ لُوْنَ | تم عمل کرتے ہو | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |
| | عَلِيْمٌ ﴿٥١﴾ | عَ لِیْ م | خُوب جاننے والا ہوں | ع ل م | عِلْم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمَہ |
| ٥٢ | وَاِنَّ | وَ اِن نَ | اور بلاشبہ | | عَدل وانصاف، قَول وقرار، مَکروفریب |
| | هٰذِهٖٓ | ہَا ذِ ہِیْ.. | یہ | | مَسجِدِ ہٰذَا، حَامِلِ رُقعہ ہٰذا، لِہٰذَا |
| | اُمَّتُكُمْ | اُمْ مَ تُ کُ مْ | تمہاری اُمت ہے | ء م م | اُمَّتِ مُسلِمہ، اُمَّتِ مُحمَّدیہ |
| | اُمَّةً | اُمْ مَ تَاؤں | اُمت | ء م م | اُمَّتِ مُسلِمہ، اُمَّتِ مُحمَّدیہ |
| | وَّاحِدَةً | وَا حِ دَ تَاؤں | ایک ہی | و ح د | وَاحِد، وَحدَانیت، تَوحِید، مُوَحِّد |
| | وَّاَنَا | وَ اَ نَ | اور میں | | عَدل وانصاف، قَول وقرار، مَکروفریب |

صَالِحًا ۭ اِنِّىْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿٥١﴾ وَاِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا

جو کچھ کر رہے ہو اس سے میں بخوبی واقف ہوں ﴿٥١﴾ یقیناً تمہارا یہ دین ایک ہی دین ہے اور میں ہی تم سب کا رب ہوں، پس تم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَبُّكُمْ | رَ بْ بُ کُ مْ | تمہارا رب ہوں | ر ب ب | اَربَاب، مُرَبِّی، رَبُّ العَالَمِین<br>رَبِّ کَعبہ، رَبِّ مُحمَّد ﷺ |
| | فَاتَّقُوْنِ ﴿٥٢﴾ | فَتْ تَ قُوْنِ | لہٰذا تم مجھ ہی سے ڈرو | و ق ی | مُتَّقی لوگ، تقویٰ و پَرہیزگاری |
| ٥٣ | فَتَقَطَّعُوْٓا | فَ تَ قَطْ طَ عُوْ.. | پھر انہوں نے جُدا جُدا کرلیا | ق ط ع | قَاطِعِ بِدعت، قَطعِ تعلُّق، قَطعِ رَحمی |
| | اَمْرَهُمْ | اَمْ رَ ہُمْ | اپنے معاملے (دین) کو | ا م ر | اَمرِ رَبِّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | بَيْنَهُمْ | بَا ئِیْ نَ ہُمْ | آپس میں | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ<br>بَینُ الاَقوامی |
| | زُبُرًا ۭ | زُ بُ رَا | ٹکڑے ٹکڑے کر کے | ز ب ر | |
| | كُلُّ | کُلْ لُ | ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | حِزْبٍۢ | حِ زْ بِمْ | ایک گروہ (کے لوگ) | ح ز ب | حِزب (گروہ)، حِزبُ اللّٰہ،<br>غَزوَۂ اَحزَاب، سُورَۃُ الاَحزَاب |
| | بِمَا | بِ مَا | اسی پر جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافَوقَ الفِطرت، مَاتَحت |
| | لَدَيْهِمْ | لَ دَا ئِیْ ہِمْ | ان کے پاس ہے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ﴿٥٢﴾ فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ۭ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ

مجھ سے ڈرتے رہو ﴿۵۲﴾ پھر انہوں نے خود (ہی) اپنے امر (دین) کے آپس میں ٹکڑے ٹکڑے کر لئے، ہر گروہ جو کچھ اسکے پاس ہے اس پر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَرِحُوْنَ ﴿٥٣﴾ | فَ رِحُوْن | خوش ہیں | ف ر ح | فَرحت بخش، فَرحت وسُرور، تفریح |
| ۵۴ | فَذَرْهُمْ | فَ ذَرْ ہُمْ | لہٰذا آپ ان کو چھوڑ دیجئے | و ذ ر | |
| | فِيْ غَمْرَتِهِمْ | فِيْ غَ مْ رَ تِ ہِمْ | ان کی غفلت میں | غ م ر | فِی الْحَال، فِی الْفَور، فِی الْوَقْت |
| | حَتّٰى حِيْنٍ ﴿٥٤﴾ | حَت تا حِیْ ن | ایک وقت تک | ح ی ن | حَتَّی الْاِمکان، حَتّٰی کہ |
| ۵۵ | اَيَحْسَبُوْنَ | اَ یَ حْ سَ بُوْنَ | کیا وہ گمان کرتے ہیں | ح س ب | حَسَب وگُماں، حَسَبِ حَال |
| | اَنَّمَا | اَن نَ مَا | کہ بے شک وہ جو | | |
| | نُمِدُّهُمْ | نُ مِد دُ ہُمْ | ہم انہیں بڑھا رہے ہیں | م د د | مَدّ ظِلُّہُ الْعَالِی، مُدّت، مَدّ، مَدِّ مُتَّصِل |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اس کے ساتھ | | |

فَرِحُوْنَ ﴿٥٣﴾ فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿٥٤﴾ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ

اِترا رہا ہے ﴿۵۳﴾ پس آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) (بھی) انہیں انکی غفلت میں ہی کچھ مدت پڑا رہنے دیں ﴿۵۴﴾ کیا یہ (یوں) سمجھ بیٹھے ہیں؟ کہ ہم جو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْ مَّالٍ | مِمْ مَا لِنْ | مال سے | م و ل | مَال، اَموَال، مَالِ غنیمت |
| | وَّبَنِيْنَ ﴿٥٥﴾ | وَ بَ نِیْ ن | اور اولاد | ب ن و | اِبْنُ الْوَقْت، اَبْناء، بَنُون، اِبْنِ عُمَر |
| ۵۶ | نُسَارِعُ | نُ سَا رِ عُ | ہم جلدی کر رہے ہیں | س ر ع | سُرعَتِ اَفعال، سَرِیعُ الْحَرکَت، سَرِیعُ التَّاثِیر دَوا |
| | لَهُمْ | لَ ہُمْ | ان کے لئے | | |
| | فِي الْخَيْرٰتِ ۭ | فِلْ خَا ئِ رَات | بھلائیوں میں؟ | خ ی ر | خیر خواہی، خیر وشر، خیر وبرکت |
| | بَلْ | بَ لْ | (نہیں نہیں) بلکہ | | |
| | لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿٥٦﴾ | لَا یَشْ عُ رُوْن | وہ شعور نہیں رکھتے | ش ع ر | شُعُوری طور پر، لَاشُعُوری طور پر |
| ۵۷ | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَلَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | وہ لوگ کہ | | |

مِنْ مَّالٍ وَّ بَنِيْنَ ۙ﴿۵۵﴾ نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

بھی انکے مال و اولاد بڑھا رہے ہیں ﴿۵۵﴾ وہ ان کیلئے بھلائیوں میں جلدی کر رہے ہیں (نہیں نہیں) بلکہ یہ سمجھتے ہی نہیں ﴿۵۶﴾ یقیناً جو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هُمْ | ہُ مْ | وہ | | |
| | مِّنْ خَشْيَةِ | مِنْ خَشْ یَ ةِ | خوف سے | خ ش ی | خَشیَّتِ الٰہی، خَشیَّتِ طاری ہونا |
| | رَبِّهِمْ | رَب بِ ہِمْ | اپنے رب کے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | مُّشْفِقُوْنَ ۙ﴿۵۷﴾ | مُشْ فِ قُوْ ن | ڈرنے والے ہیں | ش ف ق | مُشفِق (ڈرانے والا)، اِشفاق (نام) |
| ۵۸ | وَالَّذِيْنَ | وَل لَ ذِ یْ نَ | اور وہ لوگ کہ | | غَرض و غایت، لہو و لعب |
| | هُمْ | ہُ مْ | وہ | | |
| | بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ | بِ آیاتِ رَب بِ ہِمْ | اپنے رب کی آیتوں پر | ء ی ی<br>ر ب ب | آیتِ قرآنی، آیۃ الکرسی<br>اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین |
| | يُؤْمِنُوْنَ ۙ﴿۵۸﴾ | یُ x مِ نُوْ ن | ایمان لاتے ہیں | ء م ن | اَمن و اَمان، مُومن، اِیمان |

هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۙ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ۙ﴿۵۸﴾

لوگ اپنے رب کریم کی ہیبت سے ڈرتے ہیں ﴿۵۷﴾ اور جو اپنے رب کریم کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں ﴿۵۸﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵۹ | وَالَّذِيْنَ | وَل لَ ذِ یْ نَ | اور وہ لوگ کہ | | غَرض و غایت، لہو و لعب |
| | هُمْ | ہُ مْ | وہ | | |
| | بِرَبِّهِمْ | بِ رَب بِ ہِمْ | اپنے رب کے ساتھ | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | لَا يُشْرِكُوْنَ ۙ﴿۵۹﴾ | لَا یُشْ رِ کُوْ ن | شریک نہیں ٹھہراتے | ش ر ك | شِرک، مُشرِک، مُشرِکین، شُرَکاء |
| ۶۰ | وَالَّذِيْنَ | وَل لَ ذِ یْ نَ | اور وہ لوگ کہ | | غَرض و غایت، لہو و لعب |
| | يُؤْتُوْنَ | یُ x تُوْ نَ | وہ دیتے ہیں | ء ت ی | |
| | مَآ | مَا.. | جو کچھ | | ماشاءاللہ، مافوق الفطرت، ماتحت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اٰتَوۡا | آ تا ؤ | وہ دیتے ہیں (صدقہ) | ء ت ی | |
| | وَّ قُلُوۡبُهُمۡ | وَقُ لُوۡ بُ ہُمۡ | جبکہ ان کے دل | ق ل ب | قلب، قُلوب، قِلبی تعلُّق |
| | وَجِلَةٌ | وَ جِ لَ تُنۡ | ڈرنے والے ہوتے ہیں | و ج ل | |

وَالَّذِيۡنَ هُمۡ بِرَبِّهِمۡ لَا يُشۡرِكُوۡنَ ۙ﴿۵۹﴾ وَالَّذِيۡنَ يُؤۡتُوۡنَ مَاۤ اٰتَوۡا وَّ قُلُوۡبُهُمۡ وَجِلَةٌ

اور جو اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتے ﴿۵۹﴾ اور جو لوگ دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں اور ان کے دل کپکپاتے ہیں کہ وہ اپنے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنَّهُمۡ | اَن نَ ہُمۡ | اس سے کہ بے شک وہ | | |
| | اِلٰى رَبِّهِمۡ | اِلاَ رَب بِ ہِمۡ | اپنے رب کی طرف | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | رٰجِعُوۡنَ ۙ﴿۶۰﴾ | رَاجِ عُوۡن | لوٹنے والے ہیں | ر ج ع | رُجوع، رَجعت، مَرجعِ خلائق |
| ۶۱ | اُولٰٓئِكَ | اُلَآ ... ءِ کَ | یہی لوگ ہیں | | |
| | يُسٰرِعُوۡنَ | یُ سَا رِعُوۡنَ | جو جلدی کرتے ہیں | س ر ع | سُرعتِ افعال، سَریعُ الحرکت سَریعُ التّاثیر دوا |
| | فِى الۡخَيۡرٰتِ | فِلۡ خَائۡ رَاتِ | بھلائیوں میں | خ ی ر | خیر خواہی، خیر و شر، خیر و برکت |
| | وَهُمۡ | وَہُمۡ | اور وہ | | عدل و اِنصاف، قول و قرار، مکر و فریب |
| | لَهَا | لَ ہَا | ان کے لئے | | |
| | سٰبِقُوۡنَ ﴿۶۱﴾ | سَا بِ قُوۡن | آگے نکلنے والے ہیں | س ب ق | سَابِق، مَسبُوق، سَبقتِ لِسانی سَبقت لیجانا |

اَنَّهُمۡ اِلٰى رَبِّهِمۡ رٰجِعُوۡنَ ۙ﴿۶۰﴾ اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوۡنَ فِى الۡخَيۡرٰتِ وَهُمۡ لَهَا سٰبِقُوۡنَ ﴿۶۱﴾

رب کی طرف لوٹنے والے ہیں ﴿۶۰﴾ یہی ہیں جو جلدی جلدی بھلائیاں حاصل کر رہے ہیں اور یہی ہیں جو انکی طرف دوڑ جانے والے ہیں ﴿۶۱﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۶۲ | وَلَا نُكَلِّفُ | وَلَا نُ کَل لِ فُ | اور ہم تکلیف نہیں دیتے | ک ل ف | تکلِیف، تکلُّف، مُکلَّف ٹھہرانا |
| | نَفۡسًا | نَفۡ سَنۡ | کسی جان کو | ن ف س | نفس، اَنفُس، نفسا نفسی، مُتنفّس |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |
| | وُسۡعَهَا | وُسۡ عَ ہَا | اس کی طاقت کے مطابق ہی | و س ع | وُسعتِ ظرفی، وَسیع، وَاسع وَسیع و عَریض |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلَدَيْنَا | وَلَ دَا ئِیْ نَا | اور ہمارے پاس | | سیر وسیاحت،علم وحکمت،شب و روز |
| | كِتٰبٌ | کِ تَا بُوْ ءِیْں | ایسی کتاب ہے | ك ت ب | کِتابِ حِکمت،کِتابُ اللہ،کِتابت |
| | يَّنْطِقُ | یَنْ طِ قُ | جو بولتی ہے | ن ط ق | حَیوانِ ناطِق (انسان)،نُطقِ لِسانی |
| | بِالْحَقِّ | بِلْ حَق قِ | حق کے ساتھ | ح ق ق | حَق،حُقُوق،حَق بات،حَقِیقت |
| | وَهُمْ | وَ هُ مْ | اور ان پر | | سیر وسیاحت،علم وحکمت،شب و روز |
| | لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٦٢﴾ | لَا یُظْ لَ مُوْن | ظلم نہیں کیا جائے گا | ظ ل م | ظُلم،ظَالِم،مَظلُوم،ظَالِمِین |

وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٦٢﴾

ہم کسی نفس کو اسکی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے، اور ہمارے پاس ایسی کتاب ہے جو حق کے ساتھ بولتی ہے، انکے اوپر کچھ بھی ظلم نہ کیا جائیگا ﴿٦٢﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٦٣ | بَلْ | بَ لْ | بلکہ | | |
| | قُلُوْبُهُمْ | قُ لُوْ بُ هُمْ | ان (کافروں) کے دل | ق ل ب | قَلب،قُلُوب،قَلبی تعلّق |
| | فِيْ غَمْرَةٍ | فِیْ غَ مْ رَ تِ | غفلت میں ہیں | غ م ر | عدل وانصاف،قول وقرار،مکروفریب |
| | مِّنْ هٰذَا | م مِنْ هَا ذَا | اس (قرآن) سے | | مِنْ وعَنْ،مِنْ جُملہ،مِنْ حَیثُ القَوم لِهٰذَا،هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّی |
| | وَلَهُمْ | وَلَ هُمْ | اور ان کے لئے | | سیر وسیاحت،علم وحکمت،شب و روز |
| | اَعْمَالٌ | اَ عْ مَا لُ | کئی (برے) اعمال ہیں | ع م ل | عَمَل،اَعمال،عَامِل،مَعمُول |
| | مِّنْ دُوْنِ | م مِنْ دُوْ نِ | سوائے | د و ن | بِدُون اِس کے |
| | ذٰلِكَ | ذَا لِ كَ | اس (غفلت) کے | | |
| | هُمْ | هُ مْ | وہ | | |
| | لَهَا | لَ هَا | انہیں | | |

بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا

بلکہ ان کے دل اس طرف سے غفلت میں ہیں اور ان کے لئے اس کے سوا بھی بہت سے اعمال ہیں جنہیں وہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عٰمِلُوۡنَ ﴿۶۳﴾ | عَامِ لُوۡن | کرنے والے ہیں | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمول |
| ۶۴ | حَتّٰۤی | حَت تا.. | یہاں تک کہ | | حَتَّی الِامکان، حَتّٰی کہ |
| | اِذَاۤ | اِ ذَا.. | جب | | |
| | اَخَذۡنَا | اَ خَ ذۡ نَا | ہم پکڑیں گے | ء خ ذ | اَخذُ الکِتَاب، مَاخَذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | مُتۡرَفِیۡهِمۡ | مُتۡ رَفِیۡ ہِمۡ | ان کے خوشحال لوگوں کو | ت ر ف | |
| | بِالۡعَذَابِ | بِلۡ عَ ذَا بِ | عذاب کے ساتھ | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جَہنّم عَذابِ آخرت |
| | اِذَا هُمۡ | اِ ذَا ہُمۡ | تو اس وقت وہ | | |
| | یَجۡـَٔرُوۡنَ ﴿۶۴﴾ | یَ جۡ ءَ رُوۡن | چیخ پکار کریں گے | ج ر ء | |

عٰمِلُوۡنَ ﴿۶۳﴾ حَتّٰۤی اِذَاۤ اَخَذۡنَا مُتۡرَفِیۡهِمۡ بِالۡعَذَابِ اِذَا هُمۡ یَجۡـَٔرُوۡنَ ﴿۶۴﴾

کرنے والے ہیں ﴿۶۳﴾ یہاں تک کہ جب ہم نے ان کے آسودہ حال لوگوں کو عذاب میں پکڑ لیا تو وہ بلبلانے لگے ﴿۶۴﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۶۵ | لَا تَجۡـَٔرُوا | لَا تَ جۡ ءَ رُ | (انہیں کہا جائے گا:) تم مت چیخو چلاؤ | ج ر ء | |
| | الۡیَوۡمَ ۟ قف | لۡ یَا وۡ مَ | آج | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | اِنَّكُمۡ | اِن نَ کُ مۡ | یقیناً تم | | |
| | مِّنَّا | مِن نَا | ہمارے ہاں سے | | |
| | لَا تُنۡصَرُوۡنَ ﴿۶۵﴾ | لَا تُنۡ صَ رُوۡن | مدد نہیں کیے جاؤ گے | ن ص ر | نُصرت، نَاصِر، مَنصُور، نَصِیر |
| ۶۶ | قَدۡ | قَ دۡ | تحقیق | | |
| | كَانَتۡ | کَا نَتۡ | تھیں | ك و ن | |
| | اٰیٰتِیۡ | آ یَا تِیۡ | میری آیتیں | ء ی ی | آیتِ قُرآنی، آیۃُ الکُرسی آیتِ کَریمہ |
| | تُتۡلٰی | تُتۡ لَا | تلاوت کی جاتیں | ت ل و | تِلاوَت، وَحی مَتلو، وَحی غیر مَتلو |
| | عَلَیۡكُمۡ | عَ لَا یۡ کُ مۡ | تم پر | | عَلَی الِاعلان، عَلَی العُموم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ ۫ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿٦٥﴾ قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ

آج مت بلبلاؤ یقیناً تم ہمارے مقابلہ پر مدد نہ کئے جاؤ گے ﴿٦٥﴾ میری آیتیں تو تمہارے سامنے پڑھی جاتی تھیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَكُنْتُمْ | فَ کُنْ تُمْ | توتم تھے | ك و ن | |
| | عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ | عَ لَا.. اَعْ قَا بِ کُ مْ | اپنی ایڑیوں پر | ع ق ب | اَعْقاب (ایڑیاں)، یَعْقُوب |
| | تَنْكِصُوْنَ ﴿٦٦﴾ | تَنْ کِ صُوْ نَ | پھر جاتے | ن ك ص | |
| ٦٧ | مُسْتَكْبِرِيْنَ | مُسْ تَ کْ بِ رِیْ نَ | تکبر کرتے ہوئے | ك ب ر | کِبر، اَکبر، کُبریٰ، کَبیر، تکبُّر |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اس (قرآن) کے ساتھ | | |
| | سٰمِرًا | سَا مِ رَنْ | رات کو باتیں کرتے ہوئے | س م ر | رات کو افسانہ گوئی کرنا |
| | تَهْجُرُوْنَ ﴿٦٧﴾ | تَ ہْ جُ رُوْ نَ | تم بے ہُودہ بَکتے تھے | ھ ج ر | |

فَكُنْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿٦٦﴾ مُسْتَكْبِرِيْنَ ۖۚ بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ﴿٦٧﴾

پھر بھی تم اپنی ایڑیوں کے بل اُلٹے بھاگتے تھے ﴿٦٦﴾ اکڑتے اینٹھتے (تکبر کرتے ہوئے) افسانہ گوئی کرتے ہوئے تم بیہودہ گوئی کرتے تھے ﴿٦٧﴾

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ٦٨ | اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا | اَ فَ لَمْ یَدْ دَبْ بَ رُ | کیا پھر انہوں نے غور نہیں کیا | د ب ر | تَدبُّر، تدبیر کرنے والا، مُدبّر آدمی |
| | الْقَوْلَ | لْ قَا وْ لَ | اس بات (قرآن) میں؟ | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | اَمْ | اَ مْ | یا | | |
| | جَآءَهُمْ | جَا...ءَ ہُمْ | ان کے پاس آیا ہے | ج ی ء | |
| | مَّا | مَا | وہ جو | | مَاشَاءَاللہ، مافوقَ الفِطرت، ماتحت |
| | لَمْ يَاْتِ | لَمْ یَ x تِ | نہیں آیا تھا | ء ت ی | |
| | اٰبَآءَهُمُ | آ بَا...ءَ ہُمْ | ان کے باپ دادا کے پاس؟ | ء ب و | آباؤاَجداد، اِسکے آباء، آبائی علاقہ |
| | الْاَوَّلِيْنَ ﴿٦٨﴾ | لْ اَ وْ وَ لِیْ نَ | پہلے | ء و ل | اَوّل، اُولیٰ، اَوائل، اوّل وآخر |
| ٦٩ | اَمْ | اَ مْ | یا | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | **اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶۸﴾ اَمْ** | | | | |
| | کیا انہوں نے اس بات میں غور وفکر ہی نہیں کیا؟ بلکہ ان کے پاس وہ آیا جو انکے اگلے باپ دادوں کے پاس نہیں آیا تھا؟ ﴿۶۸﴾ یا انہوں نے | | | | |
| | لَمْ | لَم | نہیں | | |
| | يَعْرِفُوْا | یَ عْ رِ فُوْ | انہوں نے پہچانا | ع ر ف | عُرف، عَارِف، تَعرِیف، تعَارُف |
| | رَسُوْلَهُمْ | رَ سُوْ لَ ہُمْ | اپنے رسول کو | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالَت مُحَمَّدِیَہ |
| | فَهُمْ | فَ ہُمْ | لہٰذا وہ | | |
| | لَهٗ | لَ ہُوْ | اس کے | | |
| | مُنْكِرُوْنَ ﴿۶۹﴾ | مُنْ کِ رُوْ ن | منکر ہیں؟ | ن ك ر | نَہِیْ عَنِ الْمُنکَر، مُنکَرات، مُنکِرِین |
| ۷۰ | اَمْ يَقُوْلُوْنَ | اَمْ یَ قُوْ لُوْ نَ | یا وہ کہتے ہیں: | ق و ل | قَول وقَرَار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اسے | | |
| | جِنَّةٌ ؕ | جِن نَ ۃٌ | کوئی جنُون ہے؟ | ج ن ن | مجنُون آدمی، مجنُون لوگ، جَنُون |
| | بَلْ | بَ لْ | بلکہ | | |
| | جَآءَهُمْ | جَا... ءَ ہُمْ | وہ ان کے پاس | ج ی ء | |
| | **لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۶۹﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ بَلْ جَآءَهُمْ** | | | | |
| | اپنے پیغمبر (ﷺ) کو پہچانا نہیں کہ اس کے منکر ہو رہے ہیں؟ ﴿۶۹﴾ یا یہ کہتے ہیں کہ اسے جنون ہے؟ بلکہ وہ تو ان کے پاس حق لایا ہے، | | | | |
| | بِالْحَقِّ | بِلْ حَق قِ | حق لایا ہے | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقَت |
| | وَاَكْثَرُهُمْ | وَ اَ کْ ثَ رُ ہُمْ | اور ان کے اکثر | ك ث ر | خَیر کَثِیر، کَثرت، اَکثَر، کَثِیر لوگ |
| | لِلْحَقِّ | لِلْ حَق قِ | حق کو | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقَت |
| | كٰرِهُوْنَ ﴿۷۰﴾ | کَا رِ ہُوْ ن | ناپسند کرنے والے ہیں | ك ر ہ | کَرَاہَت، مَکرُوہ، مَکرُوہ تحرِیمی |
| ۷۱ | وَلَوِ | وَ لَ وِ | اور اگر | | سَیر وسَیَاحَت، عِلم وحِکمَت، شَب وروز |

| عام زبان میں استعمال | عربی مادہ | ترجمہ | اردو تلفظ | قرآنی الفاظ | آیت نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| تابعدار، تابعِ فرماں، اِتّباعِ سُنّت | ت ب ع | پیروی کرے | ت تَ بَ عَ | اتَّبَعَ | |
| حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقت | ح ق ق | حق (اللہ) | لْ حَق قُ | الْحَقُّ | |
| ہَوائے نَفس، ہَوَا و ہَوَس | ھ و ی | ان کی خواہشات کی | اَہْ وَا...ءَ ہُمْ | اَهْوَآءَهُمْ | |
| فَساد، فَسَادات، فاسِد مَادَہ، مُفسِد | ف س د | تو یقیناً خراب ہو جائیں | لَ فَ سَ دَ تِ | لَفَسَدَتِ | |

بِالْحَقِّ وَ اَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ

ہاں ان میں اکثر حق سے چڑنے والے ہیں ﴿٧٠﴾ اگر حق ہی ان کی خواہشوں کی پیروی کرے تو زمین و آسمان اور ان کے درمیان کی ہر چیز

| عام زبان میں استعمال | عربی مادہ | ترجمہ | اردو تلفظ | قرآنی الفاظ | آیت نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء | س م و | آسمان | س سَ مَا وَا تُ | السَّمٰوٰتُ | |
| اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض | ء ر ض | اور زمین | وَلْ اَرْ ضُ | وَالْاَرْضُ | |
| سَیر و سَیاحت، علم و حکمت، شب و روز | | اور جو کوئی بھی | وَ مَنْ | وَمَنْ | |
| فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت | | ان میں ہے | فِيْ هِنْ نَ | فِيْهِنَّ ؕ | |
| | | بلکہ | بَ لْ | بَلْ | |
| | ء ت ی | ہم لے کر آئے ہیں | اَ تَا ئِ نَا هُمْ | اَتَيْنٰهُمْ | |
| ذِکر، اَذکَار، ذَاکِر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی | ذ ك ر | ان کی نصیحت | بِ ذِكْ رِ هِمْ | بِذِكْرِهِمْ | |
| | | اور وہ | فَ هُمْ | فَهُمْ | |
| ذِکر، اَذکَار، ذَاکِر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی | ذ ك ر | اپنی نصیحت سے | عَنْ ذِكْ رِ هِمْ | عَنْ ذِكْرِهِمْ | |

السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ

درہم برہم ہو جائے، حق تو یہ ہے کہ ہم نے انہیں ان کی نصیحت پہنچا دی ہے لیکن وہ اپنی نصیحت سے منہ موڑنے والے

| عام زبان میں استعمال | عربی مادہ | ترجمہ | اردو تلفظ | قرآنی الفاظ | آیت نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| اِعرَاض کرنا، اِعرَاض بَرتنا | ع ر ض | منہ پھیرنے والے ہیں | مُ عْ رِ ضُوْ نَ | مُّعْرِضُوْنَ ؕ﴿٧١﴾ | |
| | | یا | اَ مْ | اَمْ | ٧٢ |
| سُوال، مَسئَلہ، مَسئُول، سَائِل | س ء ل | آپ ان سے سوال کرتے ہیں | تَسْ ءَ لُ هُمْ | تَسْـَٔلُهُمْ | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | خَرْجًا | خَ رْ جَنْ | اُجرت کا؟ | خ ر ج | خَراج (ٹیکس یا اُجرت) |
| | فَخَرَاجُ | فَ خَ رَا جُ | پس اُجرت | خ ر ج | خَراج (ٹیکس یا اُجرت) |
| | رَبِّكَ | رَب بِ کَ | آپ کے رب کی | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمِین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | خَيْرٌ ۚ | خَا ئِ رُوْں | بہت بہتر ہے | خ ی ر | خَیر خواہی، خَیر و شَر، خَیر و بَرَکت |
| | وَّهُوَ | وَ هُ وَ | اور وہ | | قَول و قَرار، حُزن و مَلَال، غَم و حُزن |
| | خَيْرُ | خَا ئِ رُ | بہتر ہے | خ ی ر | خَیر خواہی، خَیر و شَر، خَیر و بَرَکت |
| | الرّٰزِقِيْنَ ۝٧٢ | رَ رَا زِ قِیْ نَ | سب رزق دینے والوں سے | ر ز ق | رِزق، رَازِق، رَزّاق، رِزقِ حلال |

مُّعْرِضُوْنَ ۝٧١ ۗ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۚ وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝٧٢

ہیں ۝٧١ کیا آپ ان سے کوئی اُجرت چاہتے ہیں؟ یادر کھیے کہ آپ کے رب کی اُجرت بہت ہی بہتر ہے اور وہ سب سے بہتر روزی دینے والا ہے ۝٧٢

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٧٣ | وَاِنَّكَ | وَ اِن نَ کَ | اور بلاشبہ آپ | | عَدل و اِنصاف، قَول و قَرار، مَکر و فَریب |
| | لَتَدْعُوْهُمْ | لَ تَ دْ عُوْ هُمْ | یقیناً بلاتے ہیں ان کو | د ع و | دُعا، دَعوت، اَدعیہ، دَاعی اِلَی اللہ |
| | اِلٰى صِرَاطٍ | اِلَا صِ رَا طِ | راہ (اسلام) کی طرف | ص ر ط | پُل صِراط، صِراطِ مُستقیم (رسالہ کا نام) |
| | مُّسْتَقِيْمٍ ۝٧٣ | مُ مُسْ تَ قِیْ مْ | سیدھی | ق و م | اِستِقامَت فِی الدِّین، مُقیم، خَطِ مُستقیم |
| ٧٤ | وَاِنَّ | وَ اِن نَ | اور بلاشبہ | | عَدل و اِنصاف، قَول و قَرار، مَکر و فَریب |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | وہ لوگ کہ | | |
| | لَا يُؤْمِنُوْنَ | لَا یُ x مِ نُوْ نَ | وہ ایمان نہیں لاتے | ء م ن | اَمن و اَمان، مُومن، ایمان |
| | بِالْاٰخِرَةِ | بِلْ آ خِ رَ ةِ | آخرت پر | ء خ ر | آخرت کا دن، اُخروی کامیابی آخرت کا سفر |

وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝٧٣ وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

یقیناً آپ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) تو انہیں راہ راست کی طرف بلا رہے ہیں ۝٧٣ بیشک جو لوگ آخرت پر یقین نہیں رکھتے وہ سیدھے راستے سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَنِ الصِّرَاطِ | عَنِ صْ صِ رَا طِ | (وہ) اس راہ سے | ص ر ط | پُل صِراط، صِراطِ مُستقیم (رسالہ کا نام) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَنٰكِبُوْنَ ۝۷۴ | لَ نا کِ بُوْن | انحراف کرنے والے ہیں (یقیناً ہٹے ہوئے ہیں) | ن ك ب | |
| ۷۵ | وَلَوْ | وَ لَ وْ | اور اگر | | قَول وقرار، حُزن ومَلال، غَم وحُزن |
| | رَحِمْنٰهُمْ | رَ حِ مْ نا هُمْ | ہم ان پر رحم کریں | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرم |
| | وَكَشَفْنَا | وَ کَ شَفْ نَا | اور ہم دُور کردیں | ك ش ف | مُنکَشِف ہونا، کَشف بینک، کاشِف |
| | مَا | مَا | وہ جو | | مَافَوقُ الادب، مَافَوقُ الفِطرت |
| | بِهِمْ | بِ هِمْ | انہیں ہے | | |
| | مِّنْ ضُرٍّ | مِنْ ضُرْ رِنْ | کوئی بھی تکلیف | ض ر ر | ضَرر رَساں، مُضرِ صحت، مَسجدِ ضِرار |
| | لَّلَجُّوْا | ل لَ لَ ج جُوْ | تو وہ ضرور اصرار کریں گے | ل ج ج | |

عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ۝۷۴ وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا

مڑ جانے والے ہیں ۝۷۴ اور اگر ہم ان پر رحم فرمائیں اور ان کی تکلیفیں دُور کر دیں تو یہ تو اپنی اپنی سرکشی میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْ طُغْيَانِهِمْ | فِیْ طُ غْ يَا نِ هِمْ | اپنی سرکشی میں | ط غ ی | طُغیانی، طاغُوت، طاغُوتی نظام |
| | يَعْمَهُوْنَ ۝۷۵ | يَ عْ مَ هُوْن | بھٹکتے ہوئے | ع م ه | |
| ۷۶ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | سَیر وسَیاحت، علم وحِکمت، شَب وروز |
| | اَخَذْنٰهُمْ | اَ خَ ذْ نَا هُمْ | ہم نے انہیں پکڑا تھا | ء خ ذ | اَخذُ الکِتاب، مَاخذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | بِالْعَذَابِ | بِلْ عَ ذَا بِ | عذاب کے ساتھ | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جَہنّم، عَذابِ آخرت |
| | فَمَا اسْتَكَانُوْا | فَ مَسْ تَ كَا نُوْ | تو نہ انہوں نے عاجزی کی | ك و ن | |
| | لِرَبِّهِمْ | لِ رَبْ بِ هِمْ | اپنے رب کے سامنے | ر ب ب | اَربَاب، مُربّی، رَبُّ العالَمِین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |

فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝۷۵ وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ

جم کر اور بہکنے لگیں ۝۷۵ اور ہم نے انہیں عذاب میں بھی پکڑا تاہم یہ لوگ نہ تو اپنے پروردگار کے سامنے جھکے اور نہ ہی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ۝۷۶ | وَ مَا يَ تَ ضَرْ رَ عُوْن | اور نہ وہ گڑگڑاتے تھے | ض ر ع | عِجز وتَضرُّع، تَضرُّعاً وَّخُفیہ (عاجزی ونیاز پنہائی سے) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۷۷ | حَتّٰٓى | حَت تا.. | یہاں تک کہ | | حتّٰی الاِمکان، حتّٰی کہ |
| | اِذَا | اِ ذَ ا | جب | | |
| | فَتَحْنَا | فَ تَ حْ نَا | ہم نے کھول دیا | ف ت ح | فتح، فاتح، مفتوح، افتتاح |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا يْ ہِمْ | ان پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | بَابًا | بَا بَنْ | دروازہ | ب و ب | بابِ رحمت، بابِ عُمرہ، بابِ ارقم |
| | ذَا عَذَابٍ | ذَا عَ ذَا بِنْ | عذاب والا | ع ذ ب | عذابِ الٰہی، عذابِ جہنّم عذابِ آخرت |
| | شَدِيْدٍ | شَ دِ یْ دِنْ | بہت سخت | ش د د | شدید، شدّت، اشد ضروری |
| | اِذَا | اِ ذَ ا | تو اسی وقت | | |
| | هُمْ | ہُمْ | وہ | | |
| | فِيْهِ | فِیْ ہِ | اس میں | | فِی الحال، فِی الفور، فِی الوقت |

وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۷۶﴾ حَتّٰٓى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ

عاجزی اختیار کی ﴿۷۶﴾ یہاں تک کہ جب ہم نے ان پر سخت عذاب کا دروازہ کھول دیا تو اسی وقت فوراً

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۷﴾ ع | مُبْ لِ سُوْ نَ | ناامید ہونے والے ہو گئے | ب ل س | |
| ۷۸ | وَهُوَ الَّذِيْٓ | وَ ہُ وَ ل لَ ذِ یْ.. | اور وہی ہے (اللہ) جس نے | | عدل و انصاف، قول و قرار، مکر و فریب |
| | اَنْشَاَ | اَنْ شَ اَ | پیدا کئے | ن ش ء | انشاء پردازی، علمِ انشاء، نشو و نما |
| | لَكُمُ | لَ کُ مُ | تمہارے لئے | | |
| | السَّمْعَ | س سَمْ عَ | کان | س م ع | سامع، مسموع، قوتِ سماعت |
| | وَالْاَبْصَارَ | وَلْ اَبْ صَا رَ | اور آنکھیں | ب ص ر | بصارت، بصیرت، ابصار |
| | وَالْاَفْـِٕدَةَ ط | وَلْ اَفْ ءِ دَ ةَ | اور دل | ف ء د | محمد فؤاد (نا)، فؤاد عبدالباقی (مصنف) |
| | قَلِيْلًا مَّا | قَ لِیْ لَمْ مَا | بہت تھوڑا ہی | ق ل ل | قلیل، قلیل مدت، اِلّا قلیل، قلّت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا

مایوس ہوگئے ﴿۷۷﴾ وہ اللہ تعالیٰ ہے جس نے تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل پیدا کئے مگر تم بہت (ہی) کم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾ | تَشْ كُ رُوْن | تم شکر کرتے ہو | ش ك ر | شُکر، شُکریہ، شُکر گزار، مَشکور |
| ۷۹ | وَهُوَ الَّذِيْ | وَهُوَ لْ لَ ذِيْ | اور وہی ہے جس نے | | عدل و انصاف، قول و قرار، مکر و فریب |
| | ذَرَاَكُمْ | ذَرَاَ كُمْ | تمہیں پھیلایا | ذ ر ء | |
| | فِي الْاَرْضِ | فِلْ اَرْضِ | زمین میں | ء ر ض | ارض و سماء، اراضی، کرۂ ارض |
| | وَاِلَيْهِ | وَاِلَيْهِ | اور اسی کی طرف | | غرض و غایت، لہو و لعب، اَلدَّاعِیْ اِلَی الْخَیْر، مکتوب الیہ، مُرسَل الیہ |
| | تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۹﴾ | تُحْ شَ رُوْن | تم اکٹھے کئے جاؤ گے | ح ش ر | حشر کا دن، حاشر، شافعِ یومِ محشر |
| ۸۰ | وَهُوَ الَّذِيْ | وَهُوَ لْ لَ ذِيْ | اور وہی ہے جو | | عدل و انصاف، قول و قرار، مکر و فریب |

تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾ وَهُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَهُوَ الَّذِيْ

شکر کرتے ہو ﴿۷۸﴾ اور وہی ہے جس نے تمہیں پیدا کر کے زمین میں پھیلا دیا اور اسی کی طرف تم جمع کئے جاؤ گے ﴿۷۹﴾ اور یہ وہی ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يُحْيٖ | يُحْ يِيْ | زندہ کرتا ہے | ح ی ی | حیّ و قیّوم، محیُ الدّین، حیات جاوداں، اِحیائے سُنّت (سنت کو زندہ کرنا) |
| | وَيُمِيْتُ | وَيُ مِيْ تُ | اور مارتا ہے | م و ت | موت، اَموات، حیات و مَمات |
| | وَلَهُ | وَلَ هُ | اور اسی کے حکم سے ہے | | سیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | اخْتِلَافُ | خْ تِ لَا فُ | ادل بدل کر آنا | خ ل ف | اِختلافِ امت، اِختلافات، اِختلافِ مذہب، فُروعی اختلاف |
| | الَّيْلِ | لْ لَيْ لِ | رات | ل ی ل | لیل و نہار، لیلۃ القدر، قیامُ اللّیل |
| | وَالنَّهَارِ ۭ | وَنْ نَ هَار | اور دن کا | ن ه ر | لیل و نہار، نہار مُنہ، نہاری |
| | اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۸۰﴾ | اَفَ لَا تَ عْ قِ لُوْن | کیا پھر تم سمجھتے نہیں؟ | ع ق ل | عقل، عاقل، معقول، عقیل |
| ۸۱ | بَلْ | بَ لْ | بلکہ | | |
| | قَالُوْا | قَا لُوْ | انہوں نے کہا | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِثْلَ | مِ ثْ لَ | مثل | م ث ل | مِثال، مِثل، اَمثِلہ، تَمثِیل، مِثالیں |

يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝٨٠ بَلْ قَالُوْا مِثْلَ

جو جلاتا اور مارتا ہے اور رات دن کے ردوبدل کا مختار بھی وہی ہے، کیا تم کو سمجھ بوجھ نہیں؟ ۝٨٠ بلکہ ان لوگوں نے بھی ویسی ہی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَا | مَا | اسی کے جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | قَالَ | قَا لَ | کہا تھا | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | الْاَوَّلُوْنَ ۝٨١ | لْ اَ وْ وَ لُوْ نَ | پہلوں نے | ء و ل | اَوَّل، اُولیٰ، اَوَائل، اَوَّل وآخر |
| ٨٢ | قَالُوْٓا | قَا لُوْ.. | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | ءَاِذَا | ءَ اِ ذَا | کیا جب | | |
| | مِتْنَا | مِتْ نَا | ہم مر جائیں گے | م و ت | مَوت، اَموات، حَیات ومَمات |
| | وَكُنَّا | وَ كُنْ نَا | اور ہم ہو جائیں گے | ك و ن | عَدل واِنصاف، قَول وقَرار، مَکر وفَریب |
| | تُرَابًا | تُ رَا بَاؤں | مٹی | ت ر ب | تُربَت، تُربِ ہِندی (ہندی مٹی) اَبوتُراب (حضرت علی رضی اللہ عنہ کی کنیت) |
| | وَّعِظَامًا | وَ عِ ظَا مَنْ | اور ہڈیاں | ع ظ م | عِظام، کَسرُ العَظم (ہڈی کا ٹوٹنا) |
| | ءَاِنَّا | ءَ اِنْ نَا | کیا یقیناً ہم | | |
| | لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝٨٢ | لَ مَبْ عُوْ ثُوْ نَ | ضرور دوبارہ اُٹھائے جائیں گے؟ | ب ع ث | بِعثَتِ نَبوی، مَبعُوث، مَبعَث |

مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ۝٨١ قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝٨٢

بات کہی جو اگلے کہتے چلے آئے ۝٨١ کہ کیا جب ہم مر کر مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے کیا پھر بھی ہم ضرور اٹھائے جائیں گے؟ ۝٨٢

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٨٣ | لَقَدْ | لَ قَ دْ | بلاشبہ تحقیق | | |
| | وُعِدْنَا | وُ عِ دْ نَا | ہم وعدہ دیئے گئے ہیں | و ع د | وَعدہ وَفائی، وَعدہ ووَعِید، وَعدہ کرنا |
| | نَحْنُ | نَ حْ نُ | ہم | | |
| | وَاٰبَآؤُنَا | وَ آ بَا...ؤُ نَا | اور ہمارے باپ دادا بھی | ء ب و | آباؤاَجداد، اِسکے آباء، آبائی عَلاقہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هٰذَا | ہَا ذَا | یہی | | لہٰذا، ہٰذا مِن فَضلِ رَبِّی |
| | مِنْ قَبْلُ | مِنْ قَبْ لُ | اس سے پہلے | ق ب ل | قَبل اسکے، قَبل از نماز، قَبل از طعام |
| | اِنْ | اِنْ | نہیں ہیں | | |
| | هٰذَآ | ہَا ذَا.. | یہ | | لہٰذا، ہٰذا مِن فَضلِ رَبِّی |
| | اِلَّآ | اِل لَا.. | مگر | | اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |
| | اَسَاطِيْرُ | اَسَاطِیْ رُ | (قصے) کہانیاں | س ط ر | |
| | الْاَوَّلِيْنَ ۝٨٣ | لْ اَوْ وَلِیْ نَ | پہلے لوگوں کی | ء و ل | اَوّل، اُولیٰ، اَوائل، اوّل و آخر |

لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا هٰذَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝٨٣

ہم سے اور ہمارے باپ دادوں سے پہلے ہی سے یہ وعدہ ہوتا چلا آیا ہے کچھ نہیں یہ تو صرف اگلے لوگوں کے افسانے ہیں ۝٨٣

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۸۴ | قُلْ | قُ لْ | آپ کہہ دیجئے: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | لِّمَنِ | لِ مَنِ | کس کے لئے ہے | | |
| | الْاَرْضُ | لْ اَرْ ضُ | زمین | ء ر ض | ارض و سماء، اَراضی، کُرۂ ارض |
| | وَمَنْ | وَ مَنْ | اور جو (مخلوق) | | سَیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | فِيْهَآ | فِیْ ہَا.. | اس میں ہے | | فِی الحال، فِی الفور، فِی الوقت |
| | اِنْ | اِنْ | اگر | | اِن شاءاللہ |
| | كُنْتُمْ | کُنْ تُمْ | ہو تم | ک و ن | |
| | تَعْلَمُوْنَ ۝٨٤ | تَعْ لَ مُوْ نَ | جانتے؟ | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، معلوم، علّامہ |
| ۸۵ | سَيَقُوْلُوْنَ | سَ یَ قُوْ لُوْ نَ | وہ ضرور کہیں گے: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | لِلّٰهِ ؕ | لِل لَا هِ | اللہ ہی کے لئے ہے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہ العالمین |
| | قُلْ | قُ لْ | کہہ دیجئے: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۴﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ

پوچھئے تو سہی کہ زمین اور اس کی کل چیزیں کس کی ہیں؟ بتلاؤ اگر جانتے ہو؟ ﴿۸۴﴾ فوراً جواب دیں گے کہ اللہ تعالیٰ کی، کہہ دیجئے کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۵﴾ | اَ فَ لَا تَ ذَ کْ کَ رُوْ نَ | کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے! | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذاکر، مَذکور، ذِکرِ الٰہی |
| ۸۶ | قُلْ | قُ لْ | کہہ دیجئے: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | مَنْ | مَ نْ | کون ہے | | |
| | رَّبُّ | رَ ب بُ | رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں کا | س م و | سماوی کُتُب، اَرض و سَماء |
| | السَّبْعِ | س سَ بْ عِ | ساتوں | س ب ع | سَبع سَموات، قِرَاَت سَبعہ |
| | وَرَبُّ | وَ رَ ب بُ | اور رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | الْعَرْشِ | لْ عَ رْ شِ | عرش | ع ر ش | عَرشِ الٰہی، عَرشِ مُعلّٰی، عَرشِ بریں |
| | الْعَظِيْمِ ﴿۸۶﴾ | لْ عَ ظِیْ مِ | عظیم کا؟ | ع ظ م | عَظیم، اَعظم، عَظمت، وزارتِ عُظمٰی |

اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۵﴾ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۸۶﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِاللّٰهِ ۙ | بِلْ لَا هِ | اللہ کی قسم کے ساتھ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | اِنَّهٗ | اِن نَ هُوْ | کہ بلاشبہ وہ (شخص) | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝۸ لا | لَ مِنَ لْ كَا ذِ بِيْ نَ | یقیناً جھوٹوں میں سے ہے | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کذّاب مُسیلمہ کذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| ۹ | وَالْخَامِسَةَ | وَلْ خَا مِ سَ ةَ | اور پانچویں (مرتبہ) | خ م س | خُمس حصہ مال کا، حواسِ خمسہ |
| | اَنَّ | اَنْ نَ | یہ کہ بے شک | | |
| | غَضَبَ | غَ ضَ بَ | غضب ہو | غ ض ب | غضبناک، غضبِ الٰہی، غیظ و غضب |
| | اللّٰهِ | لْ لَا هِ | اللہ کا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | عَلَيْهَآ | عَ لَا ئِيْ هَا.. | اس (عورت) پر | | |
| | اِنْ | اِنْ | اگر | | اِن شاءَ اللہ |
| | كَانَ | كَ ا نَ | ہووہ (مرد) | ك و ن | |

بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝۸ وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ

یقیناً اس کا مرد جھوٹ بولنے والوں میں سے ہے ⑧ اور پانچویں دفعہ کے کہ اس پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہو اگر اس کا خاوند

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۹ | مِ نَصْ صَا دِ قِيْ نَ | سچوں میں سے | ص د ق | صادق، صدیق، مُصدّق، صدق |
| ۱۰ | وَلَوْلَا | وَ لَا وْ لَا | اور اگر نہ ہوتا | | |
| | فَضْلُ | فَ ضْ لُ | فضل | ف ض ل | فضل، فضیلت، افضل، فضائل |
| | اللّٰهِ | لْ لَا هِ | اللہ کا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | عَلَيْكُمْ | عَ لَا ئِيْ كُ مْ | تم پر | | |
| | وَرَحْمَتُهٗ | وَ رَحْ مَ تُ هُوْ | اور اس کی رحمت | ر ح م | رحم، رحمت، رحیم، رحم و کرم |
| | وَاَنَّ | وَ اَنْ نَ | اور یہ کہ بلاشبہ | | |
| | اللّٰهَ | لْ لَا هَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | تَوَّابٌ | تَوْ وَا بُنْ | بہت توبہ قبول کرنے والا ہے | ت و ب | توبہ، تائب، توبہ قبول کرنیوالا |
| | حَكِيْمٌ ۝۱۰ ع | حَ كِيْ مْ | نہایت حکمت والا ہے (تو جھوٹوں کو سزا ملتی) | ح ك م | حکیم، حکمت و دانائی، حاکم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝٩ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ۝١٠ ع

سچوں میں سے ہو ⑨ اگر اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم تم پر نہ ہوتا (تو تم پر مشقت اترتی) اور اللہ تعالیٰ توبہ قبول کرنے والا باحکمت ہے ⑩

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١١ | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | وہ لوگ جو | | |
| | جَآءُوْ | جَا...ءُ وْ | لائے ہیں | ج ی ء | |
| | بِالْاِفْكِ | بِلْ اِفْ کِ | جھوٹ (بہتان) گھڑ | ء ف ك | واقعہ اِفک |
| | عُصْبَةٌ | عُ صْ بَ تُ | ایک گروہ ہے | ع ص ب | عُصبہ (جتھا/گروہ) |
| | مِّنْكُمْ ؕ | م مِنْ کُ مْ | تم ہی میں سے | | مِنْ وعَنْ، مِنْ جُملہ، مِنْ حَیْثُ الْقَوم |
| | لَا تَحْسَبُوْهُ | لَا تَ حْ سَ بُوْ هُ | تم اسے نہ سمجھو | ح س ب | حَسْب وگُماں، حَسْبِ حال |
| | شَرًّا | شَرْ رَ | بُرا | ش ر ر | شَرّ، شَرِیر، شَرِیر آدمی، خَیر وشَرّ |
| | لَّكُمْ ؕ | ل لَ کُ مْ | اپنے لئے | | |
| | بَلْ | بَ لْ | بلکہ | | |
| | هُوَ | هُ وَ | وہ | | |

اِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ؕ لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ؕ بَلْ هُوَ

جو لوگ یہ بہت بڑا بہتان باندھ لائے ہیں یہ بھی تم میں سے ہی ایک گروہ ہے، تم اسے اپنے لئے بُرا نہ سمجھو بلکہ یہ تو تمہارے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | خَيْرٌ | خَا یْ رُ | بہت بہتر ہے | خ ی ر | خَیر خواہی، خَیر وشَر، خَیر وبَرکت |
| | لَّكُمْ ؕ | ل لَ کُ مْ | تمہارے لئے | | |
| | لِكُلِّ | لِ کُل لِ | ہر ایک | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | امْرِئٍ | مْ رِ ءِ | شخص کے لئے | م ر ء | |
| | مِّنْهُمْ | م مِنْ هُمْ | ان میں سے (سزا ہے اس قدر) | | مِنْ وعَنْ، مِنْ جُملہ، مِنْ حَیْثُ الْقَوم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَّا | مَ | وہ جو | | مَا شَاءَ اللہ، مَافَوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | اكْتَسَبَ | کْ تَ سَ بَ | اس نے کمایا | ك س ب | کَسبِ کثیر، کَسبِ حلال، کَسبِ فیض |
| | مِنَ الْاِثْمِ ۚ | مِ نَلْ اِثْ م | گناہ سے | ء ث م | رَاقِم آثم، بندۂ آثم |
| | وَالَّذِيْ | وَلْ لَ ذِیْ | اور وہ شخص جس نے | | قَول وقَرَار، حُزن ومَلال، غم وحُزن |
| | تَوَلّٰى | تَ وَلْ لَا | اُٹھایا | و ل ی | |
| | كِبْرَهٗ | کِبْ رَ ہُوْ | بڑا بوجھ اس (گناہ) کا | ك ب ر | کِبَر، اَکبر، کُبریٰ، کَبِیر، کَبِیرہ |

خَيْرٌ لَّكُمْ ۭ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ ۚ وَالَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ

حق میں بہتر ہے، ہاں! ان میں سے ہر ایک شخص پر اتنا گناہ ہے جتنا اس نے کمایا ہے اور ان میں سے جس نے اس کے بہت بڑے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْهُمْ | مِنْ ہُمْ | ان میں سے | | مِنْ وعَنْ، مِن جُملَہ، مِن حَیثُ القوم |
| | لَهٗ | لَ ہُوْ | اس کے لئے | | |
| | عَذَابٌ | عَ ذَا بُنْ | عذابِ | ع ذ ب | عَذَابِ اِلٰہی، عَذَابِ جَہنّم، عَذَابِ آخرت |
| | عَظِيْمٌ ⑪ | عَ ظِیْ م | عظیم ہے | ع ظ م | عَظِیم، اَعظَم، عَظمَت، وَزارتِ عُظمیٰ |
| ۱۲ | لَوْلَآ | لَا وْ لَا .. | کیوں نہیں | | لَاتعداد، لَاعِلاج، لَاعلم، لَاجَواب |
| | اِذْ | اِذْ | جب | | |
| | سَمِعْتُمُوْهُ | سَ مِ عْ تُ مُوْ ہُ | تم نے اس کو سنا (تو) | س م ع | سَامِع، مَسمُوع، قُوتِ سَمَاعت |
| | ظَنَّ | ظَنْ نَ | خیال کیا | ظ ن ن | ظَنّ، حُسنِ ظَنّ، سُوءِ ظَنّ، بدظَنّ |
| | الْمُؤْمِنُوْنَ | لْ مُ x مِ نُوْ نَ | مومن مردوں نے | ء م ن | اَمن واَمَان، مُؤمن، اِیمَان |
| | وَالْمُؤْمِنٰتُ | وَلْ مُ x مِ نَا تُ | اور مومن عورتوں نے | ء م ن | اَمن واَمَان، مُؤمن، اِیمَان |

مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ⑪ لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ

حصے کو سرانجام دیا ہے اس کے لئے عذاب بھی بہت ہی بڑا ہے ⑪ اسے سنتے ہی مومن مردوں عورتوں نے اپنے حق میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِاَنْفُسِهِمْ | بِ اَنْ فُ سِ ہِمْ | اپنے دلوں میں | ن ف س | نَفس، اَنفُس، نَفسانَفسی، تَنفّس |
| | خَيْرًا ۙ | خَائِیْ رَاؤں | نیک | خ ی ر | خیر خواہی، خیر وشر، خیر وبرکت |
| | وَّ قَالُوْا | وْ وَ قَالُوْ | اور (کیوں نہیں) کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | هٰذَآ | ہَا ذَا.. | یہ (تو) | | مَسجِدِ ہٰذا، حامِلِ رُقعہ ہٰذا، لِہٰذا |
| | اِفْكٌ | اِفْ کُ | بڑا جھوٹ (بہتان) ہے | ء ف ك | واقعہ اِفک |
| | مُّبِيْنٌ ⑫ | م مُ بِیْ ن | کھلا | ب ی ن | بیان، مُبَیَّنہ طور پر، دَلیلِ بَیّن |
| ١٣ | لَوْ لَا جَآءُوْ | لَاْ وْ لَاْ جَا...ءُ وْ | وہ کیوں نہیں لائے | ج ی ء | |
| | عَلَيْهِ | عَ لَاْ ئِیْ ہِ | اس (الزام) پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | بِاَرْبَعَةِ | بِ اَرْ بَ عَ ۃِ | چار (مرد) | ر ب ع | رُبعُ القرآن، رُبعِ پارہ، رُباعی |

بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّ قَالُوْا هٰذَآ اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ⑫ لَوْ لَا جَآءُوْ عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ

نیک گمانی کیوں نہ کی اور کیوں نہ کہہ دیا کہ یہ تو کھلم کھلا صریح بہتان ہے⑫ وہ اس پر چار گواہ کیوں نہ لائے؟

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | شُهَدَآءَ ۚ | شُ ہَ دَا...ءَ | گواہ؟ | ش ه د | شاہِد، شَہید، مَشہود، مشاہدہ |
| | فَاِذْ | فَ اِذْ | پھر جب | | |
| | لَمْ يَاْتُوْا | لَمْ یَ x تُوْ | وہ نہیں لائے | ء ت ی | |
| | بِالشُّهَدَآءِ | بِش شُ ہَ دَا...ءِ | گواہ | ش ه د | شاہِد، شَہید، مَشہود، مشاہدہ |
| | فَاُولٰٓئِكَ | فَ اُ لَاْ...ءِ کَ | تو وہ لوگ | | |
| | عِنْدَ | عِ نْ دَ | ہاں | ع ن د | عِندَاللہ ماجُور ہوں (اللہ کے پاس سے اجر ملے گا) |
| | اللّٰهِ | ل لَاْ ہِ | اللہ کے | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | هُمْ | ہُ مْ | وہی | | |
| | الْكٰذِبُوْنَ ⑬ | لْ کَا ذِ بُوْ نَ | جھوٹے ہیں | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کَذّاب مُسیلمہ کَذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

شُهَدَآءَ ۚ فَاِذْ لَمْ يَاْتُوْا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۳﴾

اور جب گواہ نہیں لائے تو یہ بہتان باز لوگ یقیناً اللہ تبارک و تعالیٰ کے نزدیک محض جھوٹے ہیں ﴿۱۳﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۴ | وَلَوْلَا فَضْلُ | وَلَاوْلَا فَضْ لُ | اور اگر نہ ہوتا فضل | ف ض ل | فضل، فضیلت، افضل، فضائل |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالمین |
| | عَلَيْكُمْ | عَ لَا ئِ کُ مْ | تم پر | | عَلَی الاعلان، عَلَی العموم |
| | وَرَحْمَتُهٗ | وَ رَحْ مَ تُ هُوْ | اور اس کی رحمت | ر ح م | رحم، رحمت، رحیم، رحم و کرم |
| | فِي الدُّنْيَا | فِدْ دُنْ یَا | دنیا میں | د ن و | دِین و دُنیا، دُنیاوی زندگی |
| | وَالْاٰخِرَةِ | وَلْ آ خِ رَ ةِ | اور آخرت (میں) | ء خ ر | آخرت کا دن، اُخروی کامیابی<br>آخرت کا سفر |
| | لَمَسَّكُمْ | لَ مَسْ سَ کُ مْ | تو یقیناً تمہیں پہنچتا | م س س | مَس کرنا (چھونا)، مَساس کرنا |
| | فِيْ مَآ | فِیْ مَا.. | اس کے سبب کہ | | فِی الحال، فِی الفور، فِی الوقت |
| | اَفَضْتُمْ | اَ فَضْ تُمْ | تم مشغول ہوئے | ف ی ض | |
| | فِيْهِ | فِیْ هِ | اس (جھوٹی بات) میں | | فِی الحال، فِی الفور، فِی الوقت |

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ

اگر اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم تم پر دنیا اور آخرت میں نہ ہوتا تو یقیناً تم نے جس بات کے چرچے شروع کر رکھے تھے اس بارے میں تمہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَذَابٌ | عَ ذَا بُنْ | عذاب | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جہنّم<br>عَذابِ آخرت |
| | عَظِيْمٌ ﴿۱۴﴾ ۚ | عَ ظِیْ مُ | بہت بڑا | ع ظ م | عَظیم، اَعظم، عَظمت، وزارتِ عُظمیٰ |
| ۱۵ | اِذْ | اِ ذْ | جب | | |
| | تَلَقَّوْنَهٗ | تَ لَقْ قَوْ نَ هُوْ | تم اس (بات) کو ایک<br>دوسرے سے لیتے تھے | ل ق ی | مُلاقاتی حضرات، شرفِ مُلاقات |
| | بِاَلْسِنَتِكُمْ | بِ اَلْ سِ نَ تِ کُ مْ | اپنی زبانوں کے ساتھ | ل س ن | لِسانی گروہ، لِسانیات |
| | وَتَقُوْلُوْنَ | وَ تَ قُوْ لُوْ نَ | اور تم کہتے تھے | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِاَفۡوَاهِكُمۡ | بِ اَف وَا ہِ کُ مۡ | اپنے مونہوں کے ساتھ | ف و ہ | اَفواہیں پھیلانا، غلط اَفواہ |
| | مَّا | مَا | وہ (بات) کہ | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | لَيۡسَ | لَا ئِ سَ | نہیں تھا | | |
| | لَكُمۡ | لَ کُ مۡ | تمہیں | | |

عَذَابٌ عَظِيۡمٌ ۚ﴿۱۴﴾ اِذۡ تَلَقَّوۡنَهٗ بِاَلۡسِنَتِكُمۡ وَ تَقُوۡلُوۡنَ بِاَفۡوَاهِكُمۡ مَّا لَيۡسَ لَكُمۡ

بہت بڑا عذاب پہنچتا ﴿۱۴﴾ جبکہ تم اسے اپنی زبانوں سے نقل درنقل کرنے لگے اور اپنے منہ سے وہ بات نکالنے لگے جس کی تمہیں مطلق خبر نہ تھی،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِهٖ | بِ ہِیۡ | اس کا | | |
| | عِلۡمٌ | عِ لۡ مُنۡ | کوئی علم | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعَلِّم، مَعلوم، علاّمہ |
| | وَّ تَحۡسَبُوۡنَهٗ | وَ تَ حۡ سَ بُوۡ نَ ہُوۡ | اور تم اسے گمان کرتے تھے | ح س ب | حَسَب وگُماں، حَسَبِ حَال |
| | هَيِّنًا ۖۗ | ہَا ئِ یِ نَا ؤں | معمولی | ہ و ن | |
| | وَّ | وَ | جبکہ | | |
| | هُوَ | ہُ وَ | وہ | | |
| | عِنۡدَ | عِ نۡ دَ | ہاں | ع ن د | عِندَاللہ مَاجُور ہوں (اللہ کے پاس سے اجر ملے گا) |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | عَظِيۡمٌ ﴿۱۵﴾ | عَ ظِیۡ مۡ | بہت بڑی (بات) تھی | ع ظ م | عَظِیم، اَعظَم، عَظمَت، وَزارتِ عُظمٰی |
| ۱۶ | وَلَوۡلَاۤ | وَلَا ؤ لَا .. | اور کیوں نہیں | | لَاتعداد، لَاعِلاج، لَاعِلم، لَاجَواب |
| | اِذۡ | اِ ذۡ | جب | | |
| | سَمِعۡتُمُوۡهُ | سَ مِ عۡ تُ مُوۡ ہُ | تم نے اس کو سنا | س م ع | سَامِع، مَسمُوع، قُوتِ سَماعَت |

بِهٖ عِلۡمٌ وَّ تَحۡسَبُوۡنَهٗ هَيِّنًا ۖۗ وَّ هُوَ عِنۡدَ اللّٰهِ عَظِيۡمٌ ﴿۱۵﴾ وَلَوۡلَاۤ اِذۡ سَمِعۡتُمُوۡهُ

گوتم اسے ہلکی بات سمجھتے رہے لیکن اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ بہت بڑی بات تھی ﴿۱۵﴾ تم نے ایسی بات کو سنتے ہی کیوں نہ کہہ دیا کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قُلۡتُمۡ | قُ لۡ تُ مۡ | تم نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | مَّا يَكُوۡنُ | مَا يَ كُوۡ نُ | نہیں ہے لائق | ك و ن | |
| | لَنَآ | لَ نَا.. | ہمارے لئے | | |
| | اَنۡ | اَ نۡ | یہ کہ | | |
| | نَّتَكَلَّمَ | نَ تَ كَلۡ لَ مَ | ہم کلام کریں | ك ل م | کلام، مُتکلّم، اَندازِ تکلُّم، کلامُ اللہ |
| | بِهٰذَا ۖ | بِ ہَا ذَا | اس (بات) کے ساتھ | | مسجدِ ہٰذا، حامِلِ رُقعہ ہٰذا، لِہٰذا |
| | سُبۡحٰنَكَ | سُبۡ حَا نَ كَ | تو پاک ہے (اے اللہ!) | س ب ح | سُبحانَ اللہ کہنا، سُبحان، تسبیح وتحمید |
| | هٰذَا | ہَا ذَا | یہ (تو) | | مسجدِ ہٰذا، حامِلِ رُقعہ ہٰذا، لِہٰذا |
| | بُهۡتَانٌ | بُ ہۡ تَا نُنۡ | بُہتان ہے | ب ه ت | بُہتان لگانا، بُہتان طرازی |
| | عَظِيۡمٌ ⑯ | عَ ظِیۡ مُنۡ | بہت ہی بڑا | ع ظ م | عَظیم، اَعظم، عَظمت، وزارتِ عُظمیٰ |

قُلۡتُمۡ مَّا يَكُوۡنُ لَنَآ اَنۡ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبۡحٰنَكَ هٰذَا بُهۡتَانٌ عَظِيۡمٌ ⑯

ہمیں ایسی بات منہ سے نکالنی بھی لائق نہیں، یا اللہ! تُو پاک ہے، یہ تو بہت بڑا بہتان ہے اور تہمت ہے ⑯

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۷ | يَعِظُكُمُ | يَ عِ ظُ كُ مُ | تمہیں نصیحت کرتا ہے | و ع ظ | وَعظ، وَاعظ، وَعظ ونصیحت |
| | اللّٰهُ | لۡ لَا هُ | اللہ | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | اَنۡ | اَ نۡ | یہ کہ | | |
| | تَعُوۡدُوۡا | تَ عُوۡ دُوۡ | تم دوبارہ (نہ) لوٹو | ع و د | عَود کرنا (لَوٹنا)، عائد (لَوٹنے والا) |
| | لِمِثۡلِهٖۤ | لِ مِثۡ لِ ہِیۡ.. | اس جیسی بات کی طرف | م ث ل | مِثال، مِثل، اَمثِلہ، تمثیل، مِثالیں |
| | اَبَدًا | اَ بَ دَنۡ | کبھی بھی | ء ب د | اَبدُالآباد، اَبدی نیند سُلا دینا |
| | اِنۡ | اِ نۡ | اگر | | اِن شَاءَ اللہ |
| | كُنۡتُمۡ | كُنۡ تُمۡ | تم ہو | ك و ن | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُّؤْمِنِيْنَ ۚ ⑰ | مُ x مِ نِیْ نَ | ایماندار | ء م ن | اَمن واَمان،مُؤمن،اِیمان |
| | وَيُبَيِّنُ | وَیُ بَ یْ یِ نُ | اور کھول کر بیان کرتا ہے | ب ی ن | بیان، مُبَیَّنہ طور پر، دَلیلِ بَیِّن |
| ۱۸ | اللّٰهُ | لْ لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |

يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۚ ⑰ وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ

اللہ تعالیٰ تمہیں نصیحت کرتا ہے کہ پھر کبھی بھی ایسا کام نہ کرنا اگر تم سچے مؤمن ہو ⑰ اللہ تعالیٰ تمہارے سامنے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَكُمُ | لَ كُ مُ | تمہارے لئے | | |
| | الْاٰيٰتِ ط | لَ آ یَا تِ | (اپنی) آیتیں | ء ی ی | آیتِ قرآنی، آیۃُ الکُرسی، آیتِ کریمہ |
| | وَاللّٰهُ | وَلْ لَا هُ | اور اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | عَلِيْمٌ | عَ لِیْ مُنْ | خوب جاننے والے | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامَہ |
| | حَكِيْمٌ ⑱ | حَ کِیْ مْ | خوب حکمت والا ہے | ح ك م | حَکیم، حِکمت و دانائی، حاکِم |
| ۱۹ | اِنَّ | اِنْ نَ | بلاشبہ | | |
| | الَّذِيْنَ | لْ لَ ذِیْ نَ | وہ لوگ جو | | |
| | يُحِبُّوْنَ | یُ حِبْ بُوْ نَ | پسند کرتے ہیں | ح ب ب | حُبّ، اَحباب، مُحِبّ، مَحَبَّت، حَبیب |
| | اَنْ | اَنْ | یہ کہ | | |
| | تَشِيْعَ | تَ شِیْ عَ | پھیلے | ش ی ع | شائع کرنا، اِشاعت (پھیلانا) |
| | الْفَاحِشَةُ | لْ فَا حِ شَ ةُ | بے حیائی | ف ح ش | فُحش کلامی، فَواحِش، فاحِشہ، فَحّاشی |

لَكُمُ الْاٰيٰتِ ط وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ⑱ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ

اپنی آیتیں بیان فرما رہا ہے، اور اللہ تعالیٰ علم و حکمت والا ہے ⑱ جو لوگ مسلمانوں میں بے حیائی پھیلانے کے آرزو مند

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِي الَّذِيْنَ | فِلْ لَ ذِیْ نَ | ان لوگوں میں جو | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے | ء م ن | اَمن واَمان،مُؤمن،اِیمان |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَهُمْ | لَ ہُمْ | ان کے لئے | | |
| | عَذَابٌ | عَ ذَ ا بُنْ | عذاب ہے | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جَہنّم، عَذابِ آخرت |
| | اَلِيْمٌ ۙ | اَ لِیْ مُنْ | نہایت دردناک | ء ل م | اَلمناک حادِثہ، رَنج واَلَم |
| | فِي الدُّنْيَا | فِدْ دُنْ یَا | دنیا میں | د ن و | دِین ودُنیا، دُنیاوِی زندگی |
| | وَالْاٰخِرَةِ ۭ | وَلْ آ خِ رَ ہ | اورآخرت (میں) | ء خ ر | آخرت کا دن، اُخروی کامیابی، آخرت کا سفر |
| | وَاللّٰهُ | وَل لَا ہُ | اوراللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | يَعْلَمُ | یَ عْ لَ مُ | جانتا ہے | ع ل م | عِلْم، تَعلیم، مُعلّم، مَعلُوم، عَلاّمہ |
| | وَاَنْتُمْ | وَ اَنْ تُمْ | اورتم | | عدل وانصاف، قول وقرار، مکروفریب |

فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ

رہتے ہیں ان کے لئے دنیا اور آخرت میں درد ناک عذاب ہیں، اللہ تعالیٰ سب کچھ جانتا ہے اور تم کچھ بھی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَا تَعْلَمُوْنَ ⑲ | لَا تَ عْ لَ مُوْ نَ | نہیں جانتے | ع ل م | عِلْم، تَعلیم، مُعلّم، مَعلُوم، عَلاّمہ |
| ٢٠ | وَلَوْلَا | وَ لَوْ لَا | اوراگرنہ ہوتا | | قول وقرار، حزن وملال، غم وحزن |
| | فَضْلُ | فَضْ لُ | فضل | ف ض ل | فضل، فَضیلت، اَفضل، فضائل |
| | اللّٰهِ | لْ لَا ہِ | اللہ کا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | عَلَيْكُمْ | عَ لَا یْ کُ مْ | تم پر | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الاِعلان |
| | وَرَحْمَتُهٗ | وَ رَحْ مَ تُ ہُوْ | اوراس کی رحمت | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرم |
| | وَاَنَّ | وَ اَنْ نَ | اور یہ کہ بلاشبہ | | سَیروسَیاحت، علم وحِکمت، شب وروز |
| | اللّٰهَ | لْ لَا ہَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | رَءُوْفٌ | رَ ءُوْ فُنْ | نہایت نرمی کرنے والا | ر ء ف | رَؤُفُ الرَّحیم، رَأفت، عَبدُالرَّؤُف |
| | رَّحِيْمٌ ⑳ ع | رَ رَ حِیْ مُنْ | خوب رحم کرنیوالا ہے (تو تہمت لگانیوالوں کو فوراً عذاب دیتا) | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿١٩﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٠﴾ ع

نہیں جانتے ⑲ اگر تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اسکی رحمت نہ ہوتی اور یہ بھی کہ اللہ تعالیٰ بڑی شفقت رکھنے والا مہربان ہے، (تو تم پر عذاب اتر جاتا) ⑳

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٢١ | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ | یَا.. اَی یُ ہَل لَ ذِیْنَ | اے وہ لوگو جو | | |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے ہو! | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، اِیمان |
| | لَا تَتَّبِعُوْا | لَا تَت تَ بِ عُوْ | تم پیروی نہ کرو | ت ب ع | تابعدار، تابِع فرماں، اِتّباعِ سُنّت |
| | خُطُوٰتِ | خُ طُ وَا تِ | قدموں کی | خ ط و | خُطْوَہ (جو کسی کے چلنے سے زمین پر پاؤں کے نشان پڑتے ہیں) |
| | الشَّيْطٰنِ ؕ | ش شَا ئِ طَا نِ | شیطان کے | ش ط ن | شیطانی خیال، شیطانی وسوسے |
| | وَمَنْ | وَ مَا ئِنْ | اور جو کوئی | | سَیر وسَیاحت، علم وحکمت، شب وروز |
| | يَّتَّبِعْ | یَت تَ بِ عْ | پیروی کرتا ہے | ت ب ع | تابعدار، تابِع فرماں، اِتّباعِ سُنّت |
| | خُطُوٰتِ | خُ طُ وَا تِ | قدموں کی | خ ط و | خُطْوَہ (جو کسی کے چلنے سے زمین پر پاؤں کے نشان پڑتے ہیں) |
| | الشَّيْطٰنِ | ش شَا ئِ طَا نِ | شیطان کے | ش ط ن | شیطانی خیال، شیطانی وسوسے |

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ

اے ایمان والو! شیطان کے قدم بقدم نہ چلو، جو شخص شیطانی قدموں کی پیروی کرے تو وہ تو بے حیائی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاِنَّهٗ | فَ اِن نَ ہُوْ | تو بلاشبہ وہ | | |
| | يَاْمُرُ | یَ x مُ رُ | حکم کرتا ہے | ء م ر | اَمرِ رَبّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | بِالْفَحْشَآءِ | بِلْ فَ حْ شَا ... ءِ | بے حیائی کا | ف ح ش | فُحش کَلامی، فَواحِش، فَاحِشہ، فَحّاشی |
| | وَالْمُنْكَرِ ؕ | وَلْ مُنْ کَ رِ | اور بُرے کام کا | ن ك ر | نَہی عَنِ المُنکر، مُنکَرات، مُنکِرین |
| | وَلَوْلَا | وَلَا وْ لَا | اور اگر نہ ہوتا | | عدل واِنصاف، قول وقرار، مکر وفریب لاتعداد، لاعِلاج، لاعِلم، لاجَواب |
| | فَضْلُ | فَضْ لُ | فضل | ف ض ل | فَضل، فَضِیلَت، اَفضَل، فَضَائِل |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْكُمْ | عَ لَا ئِ کُ م | تم پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | وَرَحْمَتُهٗ | وَ رَ ح مَ تُ ہُو | اور اس کی رحمت | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم و کَرم |
| | مَا زَكٰى | مَا زَ کَا | تو پاک نہ ہوتا | ز ك و | زَکوٰۃُ الفِطر، مالِ زکوٰۃ، نِصابِ زکوٰۃ، بکریوں کی زکوٰۃ |

فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ۭ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى

اور بُرے کاموں کا ہی حکم کرے گا، اور اگر اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم تم پر نہ ہوتا تو تم میں سے کوئی بھی کبھی بھی پاک صاف

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْكُمْ | مِن کُ م | تم میں سے | | مِن و عَن، مِن جُملہ، مِن حَیثُ القَوم |
| | مِّنْ اَحَدٍ | مِن اَ حَ دِ ن | کوئی ایک بھی | ء ح د | واحِد، وَحدانیت، تَوحید، مُوَحِّد |
| | اَبَدًا ۙ | اَ بَ دَا ؤں | کبھی | ء ب د | اَبَدُالآباد، اَبَدی نیند سُلا دینا |
| | وَّلٰكِنَّ | وَلَا کِن نَ | اور لیکن | | سَیر و سَیاحت، عِلم و حِکمت، شَب و روز |
| | اللّٰهَ | ل لَا ہَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | يُزَكِّيْ | یُ زَ ک کِی | پاک کرتا ہے | ز ك و | تَزکیہ، مُزَکّی، تَزکیۂ نَفس |
| | مَنْ | مَ ئِیں | جسے | | |
| | يَّشَآءُ ۭ | یَ شَا...ء | وہ چاہتا ہے | ش ی ء | اِن شَاءَ اللہ، مَا شَاءَ اللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |
| | وَاللّٰهُ | وَل لَا ہُ | اور اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | سَمِيْعٌ | سَ مِی عُن | خوب سننے والا | س م ع | سامِع، قُوتِ سَماعت، آلۂ سَماعت |
| | عَلِيْمٌ ﴿٢١﴾ | عَ لِی م | خوب جاننے والا ہے | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامَہ |

مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢١﴾

نہ ہوتا، لیکن اللہ تعالیٰ جسے پاک کرنا چاہے کر دیتا ہے، اور اللہ تعالیٰ سب سننے والا سب جاننے والا ہے ﴿٢١﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٢٢ | وَلَا يَاْتَلِ | وَلَا یَ x تَ لِ | اور قسم نہ کھائیں | | |
| | اُولُوا الْفَضْلِ | اُ لُل فَض لِ | فضل والے | ف ض ل | فَضل، فَضِیلت، اَفضَل، فَضائل |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْكُمْ | مِنْ کُ مْ | تم میں سے | | مِنْ وعَنْ، مِنْ جُملَہ، مِنْ حَیْثُ الْقَوم |
| | وَالسَّعَةِ | وَ س سَ عَ ةِ | اور وسعت والے | و س ع | وُسعتِ ظرفی، وَسیع، وَاسِع وَسِیع وعَرِیض |
| | اَنْ | آ ءِیْں | اس بات پر کہ | | |
| | يُّؤْتُوْٓا | یُ x تُو.. | وہ (نہیں) دیں گے (اپنا مال) | ء ت ی | |
| | اُولِي الْقُرْبٰى | اُ لِلْ قُ رْ بَا | قرابت داروں کو | ق ر ب | قُرب، قَرِیب، اَقرب، قَرِیبی عَزِیز و اَقارِب |
| | وَالْمَسٰكِيْنَ | وَلْ مَ سَا کِیْ نَ | اور مسکینوں کو | س ك ن | مَسکینی، یتیم مِسکین، دارِ مسکین |

وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْٓا اُولِي الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ

تم میں سے جو بزرگی اور کشادگی والے ہیں انہیں اپنے قرابت داروں اور مسکینوں اور مہاجروں کو فی سبیل اللہ دینے سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالْمُهٰجِرِيْنَ | وَلْ مُ ہَا جِ رِیْ نَ | اور ہجرت کرنے والوں کو | ہ ج ر | ہجرتِ مدینہ، مُہاجرِ مکّی، مُہاجرین |
| | فِيْ سَبِيْلِ | فِیْ سَ بِیْ لِ | راہ میں | س ب ل | سَبِیل، سُبُل، فِی سَبِیلِ اللہ |
| | اللّٰهِ ۖ | ل لَا ہِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | وَلْيَعْفُوْا | وَلْ یَ عْ فُوْ | اور چاہیے کہ وہ معاف کردیں | ع ف و | عفو ودرگزر، مُعافی، عَافیت |
| | وَلْيَصْفَحُوْا ۭ | وَلْ یَصْ فَ حُوْ | اور چاہیے وہ درگزر کریں | ص ف ح | |
| | اَلَا تُحِبُّوْنَ | آ لَا تُ حِب بُوْ نَ | کیا تم پسند نہیں کرتے | ح ب ب | حُبّ، اَحباب، مُحِبّ، مَحَبّت، حَبِیب |
| | اَنْ | آ ءِیْں | یہ کہ | | |
| | يَّغْفِرَ | یَ غْ فِ رَ | بخش دے | غ ف ر | غفّار، عَبدُ الغفور، غافِر، اِستِغفار |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |

وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا ۭ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ

قسم نہ کھالینی چاہیے، بلکہ معاف کر دینا اور درگزر کر لینا چاہیے، کیا تم نہیں چاہتے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے قصور معاف فرما دے؟

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَكُمْ ۭ | لَ کُ مْ | تمہیں؟ | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاللّٰهُ | وَل لَا ہُ | اور اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | غَفُوْرٌ | غَ فُوْ رُ | بہت بخشنے والا | غ ف ر | غَفَّار، عَبدُ الغَفُور، غَافِر، اِستِغفَار |
| | رَّحِيْمٌ ﴿٢٢﴾ | رَ رَ حِیْ مُ | نہایت رحم کرنے والا ہے | ر ح م | رَحم، رَحمَت، رَحِیم، رَحم وکَرم |
| ٢٣ | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِیْ نَ | وہ لوگ جو | | |
| | يَرْمُوْنَ | یَ رْ مُوْ نَ | (زنا کی) تُہمت لگاتے ہیں | ر م ی | رُمَاۃ، رَمی کرنا (کنکری مارنا) |
| | الْمُحْصَنٰتِ | لْ مُ حْ صَ نَا تِ | پاک دامن | ح ص ن | مُحصِن (حصار بند/ شادی شدہ) اِحصَان (پاک دامنی) |
| | الْغٰفِلٰتِ | لْ غَا فِ لَا تِ | بے خبر | غ ف ل | غَفلَت، غَافِل آدمی، مُغَفَّل |
| | الْمُؤْمِنٰتِ | لْ مُ x مِ نَا تِ | مؤمن عورتوں پر | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمِن، اِیمان |

لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٢﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ

ہمیں ایسی بات منہ سے نکالنی بھی لائق نہیں، اے اللہ! تُو پاک ہے، یہ تو بہت بڑا بہتان (تہمت) ہے ﴿١٦﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لُعِنُوْا | لُ عِ نُوْ | ان پر لعنت کی گئی ہے | ل ع ن | لَعنَت کرنا، لَعِین، مَلعُون، لَعن طَعن |
| | فِي الدُّنْيَا | فِد دُن یَا | دنیا میں | د ن و | دِین ودُنیا، دُنیَاوِی زندگی |
| | وَالْاٰخِرَةِ ۡ | وَلْ آ خِ رَ ۃِ | اور آخرت (میں) | ء خ ر | آخِرَت کا دن، اُخروِی کامیابی آخِرَت کا سفر |
| | وَلَهُمْ | وَ لَ ہُمْ | اور ان کے لئے | | سَیر وسَیَاحَت، عِلم وحِکمَت، شَب وروز |
| | عَذَابٌ | عَ ذَا بُنْ | عذابِ | ع ذ ب | عَذَابِ اِلٰہی، عَذَابِ جَہَنَّم عَذَابِ آخرت |
| | عَظِيْمٌ ﴿٢٣﴾ | عَ ظِیْ مْ | عظیم ہے | ع ظ م | عَظِیم، اَعظَم، عَظمَت، وَزَارَتِ عُظمٰی |
| ٢٤ | يَّوْمَ | یَا ؤْ مَ | جس دن | ی و م | یَومِ قائِد، یَومِ اِقبال، یَومِ عِید |
| | تَشْهَدُ | تَشْ ہَ دُ | شہادت دیں گی | ش ھ د | شَاہِد، شَہِید، مَشہُود، مشاہَدہ |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِ ہِمْ | ان پر (ان کے خلاف) | | عَلَی الاِعلَان، عَلَی العُمُوم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۠ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿٢٣﴾ يَّوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ

وہ دنیا و آخرت میں ملعون ہیں اور ان کے لئے بڑا بھاری عذاب ہے﴿۲۳﴾ جس دن ان کے مقابلے میں ان کی زبانیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَلْسِنَتُهُمْ | اَلْ سِ نَ تُ ہُمْ | ان کی زبانیں | ل س ن | لِسانی گروہ، لِسانِیات |
| | وَاَيْدِيْهِمْ | وَ آ ئِ دِیْ ہِمْ | اوران کے ہاتھ | ی د ی | یدِ بیضا، یدِطولیٰ، رَفعِ یدین، قطعِ ید |
| | وَاَرْجُلُهُمْ | وَ اَ رْ جُ لُ ہُمْ | اوران کے پیر | ر ج ل | رِجْل (پاؤں/واحد) رِجْلَیْن (دوپاؤں/تثنیہ) اَرْجُل (پاؤں/جمع) |
| | بِمَا | بِ مَا | اس کی بابت جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | كَانُوْا | کَ انُوْ | وہ تھے | ك و ن | |
| | يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٤﴾ | یَ عْ مَ لُوْ نَ | عمل کیا کرتے | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |
| ۲۵ | يَوْمَئِذٍ | یَا ؤْ مَ ءِ ذِ یْں | اس دن | ی و م | یَومِ قائد، یَومِ اِقبال، یَومِ عید |
| | يُّوَفِّيْهِمُ | یُ وَ ف فِیْ ہِ مُ | انہیں پورا دے گا | و ف ی | وَفَا شَعارِی، عَہدِ وَفَا، وَفَاداری |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |

اَلْسِنَتُهُمْ وَاَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٤﴾ يَوْمَئِذٍ يُّوَفِّيْهِمُ اللّٰهُ

اور ان کے ہاتھ پاؤں ان کے اعمال کی گواہی دیں گے﴿۲۴﴾ اس دن اللہ تعالیٰ انہیں پورا پورا بدلہ حق و انصاف کے ساتھ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | دِيْنَهُمُ | دِیْ نَ ہُمُ | ان کا بدلہ | د ی ن | یَومُ الدِّین (بدلہ کا دن)، تَدَایُن (معاملہ لین دین) آیتِ تَدَایُن (معاملہ لین دین کی آیت) |
| | الْحَقَّ | لْ حَق قَ | پورا پورا (جو لائق ہے) | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقت |
| | وَيَعْلَمُوْنَ | وَ یَ عْ لَ مُوْ نَ | اور وہ جان لیں گے | ع ل م | عِلْم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامہ |
| | اَنَّ | اَن نَ | کہ بے شک | | |
| | اللّٰهَ | ل لَا ہَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | هُوَ الْحَقُّ | ہُ وَ لْ حَق قُ | ہی حق ہے | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقت |
| | الْمُبِيْنُ ﴿٢٥﴾ | لْ مُ بِیْ ن | (حق کو) بیان کرنے والا ہے | ب ی ن | بیان، مُبَیَّنہ طَور پر، دَلِیلِ بَیِّن |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٢٦ | اَلۡخَبِيۡثٰتُ | لۡ خَ بِیۡ ثَا تُ | خبیث عورتیں | خ ب ث | خَبِیثُ النَّفس،کَلِمَہَ خَبِیث،خَبَاثَت |
| | لِلۡخَبِيۡثِيۡنَ | لِلۡ خَ بِیۡ ثِیۡ نَ | خبیث مردوں کے لئے ہیں | خ ب ث | خَبِیثُ النَّفس،کَلِمَہَ خَبِیث،خَبَاثَت |

دِيۡنَهُمُ الۡحَقَّ وَ يَعۡلَمُوۡنَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الۡحَقُّ الۡمُبِيۡنُ ﴿۲۵﴾ اَلۡخَبِيۡثٰتُ لِلۡخَبِيۡثِيۡنَ

دے گا اور وہ جان لیں گے کہ اللہ تعالیٰ ہی حق ہے (اور وہی) ظاہر کرنے والا ہے ﴿۲۵﴾ خبیث عورتیں خبیث مردوں کے لائق ہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالۡخَبِيۡثُوۡنَ | وَلۡ خَ بِیۡ ثُوۡ نَ | اور خبیث مرد | خ ب ث | خَبَاثَت، خَبَائِث، اُمُّ الخَبَائِث (شراب) |
| | لِلۡخَبِيۡثٰتِ ۚ | لِلۡ خَ بِیۡ ثَا ت | خبیث عورتوں کے لئے ہیں | خ ب ث | خَبِیثُ النَّفس،کَلِمَہَ خَبِیث،خَبَاثَت |
| | وَالطَّيِّبٰتُ | وَ طۡ طَا ئِ یِ بَا تُ | اور پاکیزہ عورتیں | ط ی ب | طَیِّب،کَلِمَہ طَیِّبَہ،مَدِینَہ طَیِّبَہ |
| | لِلطَّيِّبِيۡنَ | لِطۡ طَا ئِ یِ بِیۡ نَ | پاکیزہ مردوں کے لئے ہیں | ط ی ب | طَیِّب اَشیَاء،کَلِمَہ طَیِّبَہ،مَدِینَہ طَیِّبَہ |
| | وَالطَّيِّبُوۡنَ | وَ طۡ طَا ئِ یِ بُوۡ نَ | اور پاکیزہ مرد | ط ی ب | طَیِّب اَشیَاء،کَلِمَہ طَیِّبَہ،مَدِینَہ طَیِّبَہ |
| | لِلطَّيِّبٰتِ ۚ | لِطۡ طَا ئِ یِ بَا ت | پاکیزہ عورتوں کے لئے ہیں | ط ی ب | طَیِّب اَشیَاء،کَلِمَہ طَیِّبَہ،مَدِینَہ طَیِّبَہ |
| | اُولٰٓئِكَ | اُ لَا ...ءِ کَ | یہ (پاکیزہ) لوگ | | |

وَالۡخَبِيۡثُوۡنَ لِلۡخَبِيۡثٰتِ ۚ وَالطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيۡنَ وَالطَّيِّبُوۡنَ لِلطَّيِّبٰتِ ۚ اُولٰٓئِكَ

اور خبیث مرد خبیث عورتوں کے لائق ہیں اور پاک عورتیں پاک مردوں کے لائق ہیں اور پاک مرد پاک عورتوں کے لائق ہیں، ایسے پاک لوگوں کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُبَرَّءُوۡنَ | مُ بَ رۡ رَ ءُ وۡ نَ | بری ہیں | ب ر ء | بَرِیءُ الذِّمہ، بَرَأت، مُبَرَّا ہونا |
| | مِمَّا | مِمۡ مَا | اس سے جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافَوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | يَقُوۡلُوۡنَ ؕ | یَ قُوۡ لُوۡ ن | وہ (خبیث لوگ ان کی بابت) کہتے ہیں | ق و ل | قول و قرار، اَقوَالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | لَهُمۡ | لَ ہُمۡ | انہی کے لئے | | |
| | مَّغۡفِرَةٌ | مَ غۡ فِ رَ تُنۡ | عظیم بخشش | غ ف ر | غَفَّار، عَبدُ الغَفُور، غَافِر، اِستِغفَار |
| | وَّ رِزۡقٌ | وۡ وَ رِ زۡ قُنۡ | اور رزق ہے | ر ز ق | رِزق، رَازِق، رَزَّاق، رِزقِ حلال |
| | كَرِيۡمٌ ع ﴿۲۶﴾ | کَ رِیۡ م | عزت والا | ك ر م | کَرِیم، اَکرَم، مُکَرَّم، تکریم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٢٧ | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ | یَا..اَیْ یُہَل لَ ذِیْنَ | اے وہ لوگو جو | | |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے ہو! | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، اِیمان |

مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ ۭ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ رِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿٢٦﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

متعلق جو کچھ بکواس (بہتان باز) کر رہے ہیں وہ ان سے بالکل بری ہیں، ان کے لئے بخشش ہے اور عزت والی روزی ﴿٢٦﴾ اے ایمان والو!

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَا تَدْخُلُوْا | لَا تَ دْ خُ لُوْ | تم داخل نہ ہو | د خ ل | دَاخِل، دُخُول، وَزَارتِ دَاخِلہ |
| | بُيُوْتًا | بُ یُوْ تَن | (اور) گھروں میں | ب ی ت | بَیتُ المَعمُور، بَیتُ اللہ، بَیتُ المُقدّس |
| | غَيْرَ | غَا ئِیْ رَ | سوائے | غ ی ر | غَیر مُلکی، غَیر مَشروط، غَیرُ اللہ |
| | بُيُوْتِكُمْ | بُ یُوْ تِ کُ مْ | اپنے گھروں کے | ب ی ت | بَیتُ المَعمُور، بَیتُ اللہ، بَیتُ المُقدّس |
| | حَتّٰى | حَت تَا | یہاں تک کہ | | حَتَّی الاِمکان، حَتّیٰ کہ |
| | تَسْتَاْنِسُوْا | تَسْ تَ x نِ سُوْ | تم اجازت لے لو | ء ن س | اُنسِیّت، مَانُوس ہونا، اُنس ہونا |
| | وَتُسَلِّمُوْا | وَ تُ سَل لِ مُوْ | اور تم سلام کرلو | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلمان، سَلامتی، تَسلِیم |
| | عَلٰٓى اَهْلِهَا ۭ | عَ لَا ... اَہْ لِ ہَا | ان کے اہلِ خانہ پر | ء ل ھ | اَہلِ محلّہ، اَہلِ خانہ، اَہل وعیال |
| | ذٰلِكُمْ | ذَا لِ کُ مْ | یہ | | |

لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَهْلِهَا ۭ ذٰلِكُمْ

اپنے گھروں کے سوا اور گھروں میں نہ جاؤ جب تک کہ اجازت نہ لے لو اور وہاں کے رہنے والوں کو سلام نہ کرلو، یہی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | خَيْرٌ | خَا ئِیْ رُ | بہت بہتر ہے | خ ی ر | خَیر خواہی، خَیر و شَر، خَیر و بَرَکت |
| | لَّكُمْ | ل لَ کُ مْ | تمہارے لیے | | |
| | لَعَلَّكُمْ | لَ عَل لَ کُ مْ | تاکہ تم | | |
| | تَذَكَّرُوْنَ ﴿٢٧﴾ | تَ ذَ کْ کَ رُوْ نَ | نصیحت حاصل کرو | ذ ك ر | تَذکِیر و نَصِیحت، ذِکر و اَذکار، ذَاکِر |
| ٢٨ | فَاِنْ | فَ اِ | پھر اگر | | اِن شَاءَ اللہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَّمۡ تَجِدُوۡا | ل لَمۡ تَ جِ دُوۡ | تم نہ پاؤ | و ج د | وَجد، وَجدان، وَاجِد(نام)، مَوجُود |
| | فِيۡهَآ | فِيۡ ہَا.. | ان میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | اَحَدًا | اَ حَ دَنۡ | کسی کو | ء ح د | وَاحِد، وَحدَانیت، تَوحِید، مُوَحِّد |
| | فَلَا تَدۡخُلُوۡهَا | فَ لَا تَ دۡ خُ لُوۡ ہَا | توتم ان میں داخل نہ ہو | د خ ل | دَاخِل، دُخُول، وَزَارَتِ دَاخِلہ |

خَيۡرٌ لَّكُمۡ لَعَلَّكُمۡ تَذَكَّرُوۡنَ ۝٢٧ فَاِنۡ لَّمۡ تَجِدُوۡا فِيۡهَآ اَحَدًا فَلَا تَدۡخُلُوۡهَا

تمہارے لئے سراسر بہتر ہے تاکہ تم نصیحت حاصل کرو ۝٢٧ اگر وہاں تمہیں کوئی بھی نہ مل سکے تو پھر اجازت ملے بغیر اندر نہ جاؤ،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | حَتّٰى | حَ تَ تَا | حتیٰ کہ | | حَتَّی الاِمکان، حَتّٰی کہ |
| | يُؤۡذَنَ | يُ x ذَ نَ | اجازت دی جائے | ء ذ ن | اِذنِ رَبِّی، اِذنِ اِلٰہی، اِذنِ عَام |
| | لَكُمۡ ج | لَ كُ مۡ | تمہیں | | |
| | وَاِنۡ | وَ اِنۡ | اور اگر | | اِن شَاءَاللہ |
| | قِيۡلَ | قِيۡ لَ | کہا جائے | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | لَكُمُ | لَ كُ مُ | تمہیں: | | |
| | ارۡجِعُوۡا | رۡ جِ عُوۡ | تم لوٹ جاؤ | ر ج ع | رُجُوع، رَجعت، مَرجَعِ خَلَائِق |
| | فَارۡجِعُوۡا | فَ رۡ جِ عُوۡ | توتم لوٹ جاؤ | ر ج ع | رُجُوع، رَجعت، مَرجَعِ خَلَائِق |
| | هُوَ | ہُ وَ | یہ (واپسی) | | |
| | اَزۡكٰى | اَ زۡ كَا | بہت پاکیزہ ہے | ز ك و | تَزکِیہ، مُزَکّی، تزکیہ نفس، زَکوٰۃ |
| | لَكُمۡ ط | لَ كُ مۡ | تمہارے لئے | | |
| | وَاللّٰهُ | وَلۡ لَا هُ | اور اللہ | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |

حَتّٰى يُؤۡذَنَ لَكُمۡ ۚ وَاِنۡ قِيۡلَ لَكُمُ ارۡجِعُوۡا فَارۡجِعُوۡا هُوَ اَزۡكٰى لَكُمۡ ؕ وَاللّٰهُ

اور اگر تم سے لوٹ جانے کو کہا جائے تو تم لوٹ ہی جاؤ، یہی بات تمہارے لئے پاکیزہ ہے، جو کچھ تم کر رہے ہو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِمَا | بِ مَا | اس کو جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفطرت، مَاتحت |
| | تَعْمَلُوْنَ | تَ عْ مَ لُوْ نَ | تم عمل کرتے ہو | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |
| | عَلِيْمٌ ۝٢٨ | عَ لِيْ م | خوب جاننے والا ہے | ع ل م | عِلْم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمَہ |
| ٢٩ | لَيْسَ | لَا ئِیْ سَ | نہیں ہے | | |
| | عَلَيْكُمْ | عَ لَا ئِیْ كُ مْ | تم پر | | عَلَى الاِعلان، عَلَى العُمُوم |
| | جُنَاحٌ | جُ نَا حُنْ | کوئی گناہ | ج ن ح | |
| | اَنْ | اَنْ | اس سے کہ | | |
| | تَدْخُلُوْا | تَ دْ خُ لُوْ | تم داخل ہو | د خ ل | دَاخِل، دُخُول، وَزَارَتِ دَاخِلہ |
| | بُيُوْتًا | بُ یُوْ تَنْ | ایسے گھروں میں | ب ی ت | بَيْتُ المَعمُور، بَيْتُ اللہ، بَيْتُ المُقَدَّس |
| | غَيْرَ | غَا ئِیْ رَ | کہ نہیں | غ ی ر | غَیرمُلکی، غَیرمَشروط، غَیرُاللہ |
| | مَسْكُوْنَةٍ | مَسْ كُوْ نَ تِنْ | رہائش ہوتی | س ك ن | سَاکِن، سَکَنَہ، سُکُونَت، سَکِینَت |

بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ۝٢٨ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ

اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے ۝٢٨ ہاں! غیر آباد گھروں میں جہاں تمہارا کوئی فائدہ یا اسباب ہو، جانے میں تم پر کوئی گناہ نہیں،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْهَا | فِیْ هَا | (اور) ان میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | مَتَاعٌ | مَ تَا عُ | کوئی فائدہ ہو | م ت ع | مَتَاعِ کَاروَان، مَتَاعِ عَزِیز، تَمَتُّع (فائدہ اٹھانا)، حَجِّ تَمَتُّع |
| | لَّكُمْ ط | ل لَ كُ مْ | تمہارے لئے | | |
| | وَاللّٰهُ | وَلْ لَا هُ | اور اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | يَعْلَمُ | یَ عْ لَ مُ | جانتا ہے | ع ل م | عِلْم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمَہ |
| | مَا | مَا | جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفطرت، مَاتحت |
| | تُبْدُوْنَ | تُبْ دُوْ نَ | تم ظاہر کرتے ہو | ب د و | بَادِیُ النَّظَر، مُبْدِی (ظاہر کرنیوالا) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَمَا | وَ مَا | اور جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفطرت، مَاتحت |
| | تَكْتُمُوْنَ ﴿٢٩﴾ | تَ كْ تُ مُوْ نَ | تم چھپاتے ہو | ك ت م | کِتمانِ حق (حق چھپانا)<br>کِتمانِ شہادت (شہادت چھپانا) |
| ٣٠ | قُلْ | قُ لْ | آپ کہہ دیجئے | ق و ل | قَول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | لِّلْمُؤْمِنِيْنَ | لِلْ مُ x مِ نِيْ نَ | مؤمن مردوں سے: | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، اِیمان |

فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ﴿٢٩﴾ قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

تم جو کچھ بھی ظاہر کرتے ہو اور جو چھپاتے ہو اللہ تعالیٰ سب کچھ جانتا ہے ﴿٢٩﴾ مسلمان مردوں سے کہو کہ اپنی نگاہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَغُضُّوْا | يَ غُضْ ضُوْ | وہ نیچی رکھیں | غ ض ض | |
| | مِنْ اَبْصَارِهِمْ | مِنْ اَبْ صَا رِ هِمْ | اپنی نگاہیں | ب ص ر | بَصارت، بَصیرت، سَمع وبَصر |
| | وَيَحْفَظُوْا | وَ يَ حْ فَ ظُوْ | اور وہ حفاظت کریں | ح ف ظ | حِفظ، حافِظ، حِفاظت، مَحفُوظ |
| | فُرُوْجَهُمْ ۭ | فُ رُوْ جَ هُمْ | اپنی شرمگاہوں کی | ف ر ج | فَرج (شرم گاہ)، فُرُوج (جمع) |
| | ذٰلِكَ | ذَا لِ كَ | یہ | | |
| | اَزْكٰى | اَزْ كَا | بہت پاکیزہ ہے | ز ك و | تزکیہ، مُزَکّی، تزکیہ نفس، زکوٰۃ |
| | لَهُمْ ۭ | لَ هُمْ | ان کے لئے | | |
| | اِنَّ | اِنْ نَ | بلاشبہ | | |
| | اللّٰهَ | ل لَا هَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | خَبِيْرٌۢ | خَ بِيْ رُمْ | خوب خبردار ہے | خ ب ر | خَبیر، خَبردار، خَبرناک (اخبار) |

يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ۭ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ

نیچی رکھیں، اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت رکھیں، یہی ان کے لئے پاکیزگی ہے، لوگ جو کچھ کریں اللہ تعالیٰ سب سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِمَا | بِ مَا | ان (کاموں) سے جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفطرت، مَاتحت |
| | يَصْنَعُوْنَ ﴿٣٠﴾ | يَصْ نَ عُوْ نَ | وہ کرتے ہیں | ص ن ع | صانِع، صَنعت کاری، صَنعتی شہر |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۱ | وَقُلْ | وَ قُ ل | اور آپ کہہ دیجئے | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | لِّلْمُؤْمِنٰتِ | لِل مُ x مِ نَا تِ | مؤمن عورتوں سے : | ء م ن | اَمن و اَمان، مُؤمن، اِیمان |
| | يَغْضُضْنَ | یَ غْ ضُ ضْ نَ | وہ نیچی رکھیں | غ ض ض | |
| | مِنْ اَبْصَارِهِنَّ | مِنْ اَبْ صَا رِ ہِن نَ | اپنی نظریں | ب ص ر | بَصارت، بَصیرت، سَمع و بَصر |
| | وَيَحْفَظْنَ | وَ یَ حْ فَ ظْ نَ | اور وہ حفاظت کریں | ح ف ظ | حِفظ، حافِظ، حِفاظت، محفُوظ |

بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ

خبردار ہے ۝ مسلمان عورتوں سے کہو کہ وہ بھی اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی عصمت میں فرق نہ آنے دیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فُرُوْجَهُنَّ | فُ رُو جَ ہُن نَ | اپنی شرمگاہوں کی | ف ر ج | فَرج (شرم گاہ)، فُرُوج (جمع) |
| | وَلَا يُبْدِيْنَ | وَلَا یُبْ دِی نَ | اور وہ ظاہر نہ کریں | ب د و | بَادِیُ النَّظر، مُبدِی (ظاہر کرنیوالا) |
| | زِيْنَتَهُنَّ | زِی نَ تَ ہُن نَ | اپنی زینت (بناؤ سنگھار) | ز ی ن | تزئین و آرائش، مُزَیَّن کرنا، زین (نام) |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلیل |
| | مَا | مَا | وہ جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | ظَهَرَ | ظَ ہَ رَ | ظاہر ہو | ظ ھ ر | ظاہِر، طَہارت، مُطَہَّر، اَزواجِ مُطہَّرات |
| | مِنْهَا | مِنْ ہَا | اس میں سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | وَلْيَضْرِبْنَ | وَلْ یَ ضْ رِ بْ نَ | اور چاہئے کہ وہ ڈالے رہیں | ض ر ب | |
| | بِخُمُرِهِنَّ | بِ خُ مُ رِ ہِن نَ | اپنی اوڑھنیاں | خ م ر | خُماری ہونا، خُمار، خُمُر (اوڑھنی)<br>خَمر (شراب بھی عقل کو ڈھانپ دیتی ہے) |

فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ

اور اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں، سوائے اس کے جو ظاہر ہے اور اپنے گریبانوں پر اپنی اوڑھنیاں ڈالے رہیں،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ ۖ | عَ لَا جُ یُو بِ ہِن نَ | اپنے گریبانوں پر | ج ی ب | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | وَلَا يُبْدِيْنَ | وَلَا یُبْ دِی نَ | اور وہ ظاہر نہ کریں | ب د و | بَادِیُ النَّظر، مُبدِی (ظاہر کرنیوالا) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | زِيْنَتَهُنَّ | زِ یْ نَ تَ ہُن نَ | اپنی زینت (بناؤ سنگھار) | ز ی ن | تزئین وآرائش، مُزَیَّن کرنا، زین (نام) |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | لِبُعُوْلَتِهِنَّ | لِ بُ عُوْ لَ تِ ہِن نَ | اپنے خاوندوں کے لئے | ب ع ل | |
| | اَوْ | آ ؤ | یا | | |
| | اٰبَآئِهِنَّ | آ بَا...ءِ ہِن نَ | اپنے باپ دادا کے لئے | ء ب و | آباؤاَجداد، اِسکے آباء، آبائی عَلاقہ |
| | اَوْ | آ ؤ | یا | | |

عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ ۖ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ

اور اپنی آرائش کو کسی کے سامنے ظاہر نہ کریں، سوائے اپنے خاوندوں کے یا اپنے والد کے یا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اٰبَآءِ | آ بَا...ءِ | باپ دادا کے لئے | ء ب و | آباؤاَجداد، اِسکے آباء، آبائی عَلاقہ |
| | بُعُوْلَتِهِنَّ | بُ عُوْ لَ تِ ہِن نَ | اپنے خاوندوں کے | ب ع ل | |
| | اَوْ | آ ؤ | یا | | |
| | اَبْنَآئِهِنَّ | اَبْ نَا...ءِ ہِن نَ | اپنے بیٹوں کے لئے | ب ن و | اِبن، اَبناء، بَنُون، اَبنائے جَامِعَہ |
| | اَوْ | آ ؤ | یا | | |
| | اَبْنَآءِ | اَبْ نَا...ءِ | بیٹوں کے لئے | ب ن و | اِبن، اَبناء، بَنُون، اَبنائے جَامِعَہ |
| | بُعُوْلَتِهِنَّ | بُ عُوْ لَ تِ ہِن نَ | اپنے شوہروں کے (دیگر بیویوں سے) | ب ع ل | |
| | اَوْ | آ ؤ | یا | | |
| | اِخْوَانِهِنَّ | اِخْ وَا نِ ہِن نَ | اپنے بھائیوں کے لئے | ء خ و | اُخُوَّت پُروگرام، مُؤاخات اُخُوَّت، اَخوانُ المُسلِمین |
| | اَوْ | آ ؤ | یا | | |
| | بَنِيْٓ | بَ نِیْ.. | بیٹوں کیلئے | ب ن و | اِبن، اَبناء، بَنُون، اَبنائے جَامِعَہ |
| | اِخْوَانِهِنَّ | اِخْ وَا نِ ہِن نَ | اپنے بھائیوں کے | ء خ و | اُخُوَّت پُروگرام، مُؤاخات اُخُوَّت، اَخوانُ المُسلِمین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

**اٰبَآءِ بُعُوۡلَتِہِنَّ اَوۡ اَبۡنَآئِہِنَّ اَوۡ اَبۡنَآءِ بُعُوۡلَتِہِنَّ اَوۡ اِخۡوَانِہِنَّ اَوۡ بَنِیۡۤ اِخۡوَانِہِنَّ**

اپنے خسر کے یا اپنے لڑکوں کے یا اپنے خاوند کے لڑکوں کے یا اپنے بھائیوں کے یا اپنے بھتیجوں کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَوۡ | آ ؤ | یا | | |
| | بَنِیۡۤ | بَ نِیۡ.. | بیٹوں کے لئے | ب ن و | اِبن، اَبناء، بَنُون، اَبنائے جامعہ |
| | اَخَوٰتِہِنَّ | اَ خَ وَا تِ ہِن نَ | اپنی بہنوں کے | ء خ و | اُختِ علی (علی کی بہن)، اَخوات (جمع) |
| | اَوۡ | آ ؤ | یا | | |
| | نِسَآئِہِنَّ | نِ سَا...ءِ ہِن نَ | اپنی (مسلمان) عورتوں کیلیۓ | ن س و | نِساءُ المُؤمِنین، تربیتِ نِسواں، نِسوانیت |
| | اَوۡ | آ ؤ | یا | | |
| | مَا | مَا | ان کے لئے جن کے | | مَاحول، مَافوقُ الفِطرت، مَاجرہ |
| | مَلَکَتۡ | مَ لَ کَ تۡ | مالک ہوئے | م ل ك | مِلک، مِلکیّت، اِملاک، مُلک، مَالِک |
| | اِذَا | اِ ذَا | تو اچانک | | |
| | فَرِيْقٌ | فَ رِیْ قٌ | کچھ لوگ | ف ر ق | فَرق، فَرِیق، فِرقہ، مُتفرّق |
| | مِّنْهُمْ | م مِنْ هُمْ | ان میں سے | | مِنْ وعَنْ، مِنْ جُملَہ، مِنْ حَیثُ القَوم |
| | مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۸﴾ | مُ عْ رِضُوْن | منہ پھیرنے والے ہوتے ہیں | ع ر ض | اِعرَاض کرنا، اِعرَاض برتنا |
| ۴۹ | وَاِنْ | وَ اِنْ | اور اگر | | اِن شَاءَاللہ |
| | يَّكُنْ | یَ کُ | ہو | ك و ن | |
| | لَّهُمُ | ل لَ هُ مُ | ان کے لئے | | |
| | الْحَقُّ | لْ حَق قُ | حق | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقت |
| | يَاْتُوْٓا | یَ x تُو.. | تو آتے ہیں | ء ت ی | |

لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَاِنْ يَّكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْٓا

ان کے جھگڑے چکا دے تو بھی ان کی ایک جماعت منہ موڑنے والی بن جاتی ہے ﴿۴۸﴾ ہاں! اگر انہی کو حق پہنچتا ہو تو مطیع و فرماں بردار

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَيْهِ | اِ لَا ئِ هِ | اس کی طرف | | رُجُوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | مُذْعِنِيْنَ ﴿۴۹﴾ | مُ ذْ عِ نِیْ ن | اس حال میں کہ جلدی حکم ماننے والے ہوتے ہیں | ذ ع ن | |
| ۵۰ | اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ | اَ فِیْ قُ لُوْ بِ هِمْ | کیا ان کے دلوں میں | ق ل ب | قَلب، قُلوب، قَلبی تَعلُّق |
| | مَّرَضٌ | مَ رَ ضُنْ | روگ ہے | م ر ض | مَرِیض، مَرضیٰ، مَرضُ الموت |
| | اَمِ ارْتَابُوْٓا | اَمِ رْ تَا بُوْ.. | یا انہوں نے شک کیا | ر ی ب | لَارَیب کِتَاب، لَارَیب بَات |
| | اَمْ | اَ مْ | یا | | |
| | يَخَافُوْنَ | یَ خَا فُوْنَ | وہ ڈرتے ہیں | خ و ف | خَوفِ خُدا، خَائِف، خوفزدہ، خوفناک |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْ | آ ءِنْ | اس بات سے کہ | | |
| | يَّحِيْفَ | یَ حِیْ فَ | ظلم کرے گا | ح ی ف | |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |

اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ ﴿۴۹﴾ اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ يَخَافُوْنَ اَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ

ہوکر اسکی طرف چلے آتے ہیں ﴿۴۹﴾ کیا انکے دلوں میں بیماری ہے؟ یا یہ شک وشبہ میں پڑے ہوئے ہیں؟ یا انہیں اس بات کا ڈر ہے کہ اللہ تعالیٰ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِ ہِمْ | ان پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | وَرَسُوْلُهٗ ؕ | وَ رَسُوْلُ ہٗ | اور اس کا رسول؟ | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالتِ مُحَمَّدِیَّہ |
| | بَلْ | بَ لْ | (نہیں) بلکہ | | |
| | اُولٰٓئِكَ هُمُ | اُلَا...ءِ کَ ہُ مُ | یہی لوگ | | |
| | الظّٰلِمُوْنَ ﴿۵۰﴾ | ظ ظَا لِ مُوْنَ | ظالم ہیں | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمِین |
| ۵۱ | اِنَّمَا | اِن نَ مَا | بس | | |
| | كَانَ | کَ ا نَ | ہے | ك و ن | |
| | قَوْلَ | قَا وْ لَ | بات | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | الْمُؤْمِنِيْنَ | لْ مُ x ءِ مِ نِیْ نَ | مؤمنوں کی | ء م ن | اَمن و اَمَان، مُؤمِن، اِیمَان |

عَلَيْهِمْ وَرَسُوْلُهٗ ؕ بَلْ اُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۵۰﴾ اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ

اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) ان کی حق تلفی نہ کریں؟ بات یہ ہے کہ یہ لوگ خود ہی بڑے ظالم ہیں ﴿۵۰﴾ ایمان والوں کا قول تو یہ ہے کہ جب

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِذَا | اِ ذَا | جب | | |
| | دُعُوْٓا | دُ عُوْ.. | انہیں بلایا جاتا ہے | د ع و | دُعا، دَعوت، اَدعِیہ، دَاعِی اِلَی اللہ |
| | اِلَى اللّٰهِ | اِلَل لَا هِ | اللہ کی طرف | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | وَرَسُوْلِهٖ | وَ رَسُوْلِ ہِیْ | اور اسکے رسول (کی طرف) | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالتِ مُحَمَّدِیَّہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِيَحْكُمَ | لِ یَ حْ کُ مَ | تا کہ وہ فیصلہ کرے | ح ك م | حُکّام، محکمۂ عدل، حاکم، حَکَم، تحکُّم |
| | بَيْنَهُمْ | بَ ئْ نَ ہُمْ | ان کے درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاقوامی |
| | اَنْ | آ ئِیْں | یہ کہ | | |
| | يَّقُوْلُوْا | یَ قُوْ لُوْ | وہ کہتے ہیں: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | سَمِعْنَا | سَ مِ عْ نَا | ہم نے سنا | س م ع | سَامع، مَسموع، قوت سَماعت |
| | وَاَطَعْنَا ؕ | وَ اَ طَ عْ نَا | اور ہم نے اطاعت کی | ط و ع | اِطاعت رَسُول، اِطاعت گُزار، مُطیع |

اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اَنْ يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ؕ

انہیں اس لئے بلایا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ان میں فیصلہ کر دے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم نے سنا اور مان لیا، یہی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاُولٰٓئِكَ | وَ اُ لَآ ... ءِ کَ | اور لوگ ہیں | | سَیر وسیاحت، علم وحکمت، شب وروز |
| | هُمُ | ہُ مُ | یہی | | |
| | الْمُفْلِحُوْنَ ۝٥١ | لْ مُفْ لِ حُوْ نَ | فلاح پانے والے | ف ل ح | فَلَاح وبَہبود، حَیَّ عَلَی الفَلَاح فَلَاحی اِدارہ، فَلَاحِ اِنسانیت |
| ٥٢ | وَمَنْ | وَ مَا ئِیْں | اور جو شخص | | عَدل واِنصاف، قول وقرار، مکر وفریب |
| | يُّطِعِ | یُ طِ عِ | اطاعت کرے | ط و ع | اِطاعت رَسُول، اِطاعت گُزار، مُطیع |
| | اللّٰهَ | ل لَا ہَ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | وَرَسُوْلَهٗ | وَ رَ سُوْ لَ ہُوْ | اور اس کے رسول کی | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسالت مُحمّدیہ |
| | وَيَخْشَ | وَ یَ خْ شَ | اور وہ ڈرے | خ ش ی | خَشیّتِ اِلٰہی، خَشیّتِ طَاری ہونا |
| | اللّٰهَ | ل لَا ہَ | اللہ سے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | وَيَتَّقْهِ | وَ یَت تَق ہِ | اور اس کا تقویٰ اختیار کرے | و ق ی | مُتّقی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝٥١ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَخْشَ اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ

لوگ کامیاب ہونے والے ہیں ۝٥١ جو بھی اللہ تعالیٰ کی اسکے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی فرماں برداری کریں، خوف الٰہی رکھیں اور اسکے عذابوں سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاُولٰٓئِكَ | فَ اُ لَا ... ءِ كَ | تو لوگ ہیں | | |
| | هُمُ | هُ مُ | یہی | | |
| | الْفَآئِزُوْنَ ﴿۵۲﴾ | لْ فَا ... ءِ زُوْ نَ | کامیاب | ف و ز | فَائِز، فَائِزُون، فَائِزَہ (نام) عُہدہ پر فائز ہونا |
| ۵۳ | وَ اَقْسَمُوْا | وَ اَقْ سَ مُوْ | اور انہوں نے قسمیں کھائیں | ق س م | قسم، اللہ کی قسم، قسم کھانا |
| | بِاللّٰهِ | بِلْ لَا هِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | جَهْدَ | جَ هْ دَ | پختہ | ج ہ د | جِدّ و جُہد، جُہدِ مُسلسل، جہد |
| | اَيْمَانِهِمْ | اَيْ مَا نِ هِمْ | قسمیں اپنی | ی م ن | یَمین و یَسار (دائیں بائیں)، مَیمَنہ و مَیسَرہ |
| | لَئِنْ | لَ ءِ نْ | البتہ اگر | | |
| | اَمَرْتَهُمْ | اَ مَ رْ تَ هُمْ | آپ ان کو (جہاد کا) حکم دیں | ء م ر | اَمرِ رَبّی، اَمر، آمِر، مَامُور |

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ

ڈرتے رہیں، وہی نجات پانے والے ہیں ﴿۵۲﴾ بڑی پختگی کے ساتھ اللہ تعالی کی قسمیں کھا کھا کر کہتے ہیں کہ آپ (ﷺ) کا حکم ہوتے ہی نکل

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَيَخْرُجُنَّ ؕ | لَ يَ خْ رُ جُنْ نَ | تو یقیناً وہ ضرور نکلیں گے | خ ر ج | خارِج، وَزارتِ خارِجہ مَخرَج، خُرُوج |
| | قُلْ | قُ لْ | آپ کہہ دیجئے: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | لَّا تُقْسِمُوْا ۚ | لَا تُقْ سِ مُوْ | تم مت قسمیں کھاؤ | ق س م | قسم، اللہ کی قسم، قسم کھانا |
| | طَاعَةٌ | طَا عَ تُ | (تمہاری) اطاعت | ط و ع | اِطاعتِ رَسُول، اِطاعت گُزار، مُطیع |
| | مَّعْرُوْفَةٌ ؕ | م مَ عْ رُوْ فَ ةٌ | معروف ہے | ع ر ف | عُرف، عارِف، تَعرِیف، تَعارُف |
| | اِنَّ | اِنْ نَ | بلاشبہ | | |
| | اللّٰهَ | لْ لَا هَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | خَبِيْرٌۢ | خَ بِيْ رُمْ | خوب خبردار ہے | خ ب ر | خَبِیر، خَبَردار، خَبَرناک (اخبار) |
| | بِمَا | بِ مَا | اس سے جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۵۳﴾ | تَ عۡ مَ لُوۡ نَ | تم عمل کرتے ہو | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |

لَیَخۡرُجُنَّ ؕ قُلۡ لَّا تُقۡسِمُوۡا ۚ طَاعَۃٌ مَّعۡرُوۡفَۃٌ ؕ اِنَّ اللّٰہَ خَبِیۡرٌۢ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۵۳﴾

کھڑے ہونگے، کہہ دیجئے کہ بس قسمیں نہ کھاؤ (تمہاری) اطاعت (کی حقیقت) معلوم ہے، جو کچھ تم کر رہے ہو اللہ تعالیٰ اس سے باخبر ہے ﴿۵۳﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵۴ | قُلۡ | قُ لۡ | آپ کہہ دیجئے: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | اَطِیۡعُوا | اَ طِیۡ عُ | تم اطاعت کرو | ط و ع | اِطَاعَتِ رَسُول، اِطَاعَت گُزار، مُطِیع |
| | اللّٰہَ | ل لَا ہَ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | وَ اَطِیۡعُوا | وَ اَ طِیۡ عُ | اور تم اطاعت کرو | ط و ع | اِطَاعَتِ رَسُول، اِطَاعَت گُزار، مُطِیع |
| | الرَّسُوۡلَ ۚ | رَ رُ سُوۡ لَ | رسول کی | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالَتِ مُحَمَّدِیَّہ |
| | فَاِنۡ | فَ اِنۡ | پھر اگر | | اِن شَاءَ اللہ |
| | تَوَلَّوۡا | تَ وَ ل لَا ؤ | تم منہ پھیر جاؤ گے | و ل ی | |
| | فَاِنَّمَا | فَ اِ نۡ نَ مَا | تو بس | | |
| | عَلَیۡہِ | عَ لَا ئِیۡ ہِ | اس (رسول) کے ذمے ہے | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | مَا | مَا | جو کچھ | | مَاشَاءَاللہ، مَافَوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | حُمِّلَ | حُ م مِ لَ | اس پر بار (بوجھ) رکھا گیا | ح م ل | حَمل، حَامِلَہ عَورَت، حَامِلِ قُرآن |
| | وَ عَلَیۡکُمۡ | وَ عَ لَا ئِیۡ کُ مۡ | اور تمہاری ذمے ہے | | سَیر و سَیاحت، عِلم و حِکمَت، شَب و روز عَلٰی وَجہِ البَصِیرَت، عَلَی الاِعلان |

قُلۡ اَطِیۡعُوا اللّٰہَ وَ اَطِیۡعُوا الرَّسُوۡلَ ۚ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَاِنَّمَا عَلَیۡہِ مَا حُمِّلَ وَ عَلَیۡکُمۡ

کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ کا حکم مانو رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی اطاعت کرو، پھر بھی اگر تم نے روگردانی کی تو رسول کے ذمے تو صرف وہی ہے جو اس پر لازم کر دیا گیا ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَّا | مَا | جو کچھ | | مَاشَاءَاللہ، مَافَوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | حُمِّلۡتُمۡ ؕ | حُ م مِلۡ تُمۡ | تم پر بار (بوجھ) رکھا گیا | ح م ل | حَمل، حَامِلَہ عَورَت، حَامِلِ قُرآن |
| | وَ اِنۡ | وَ اِنۡ | اور اگر | | سَیر و سَیاحت، عِلم و حِکمَت، شَب و روز اِن شَاءَ اللہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تُطِيْعُوْهُ | تُ طِیْ عُوْہُ | تم اطاعت کروگے اس (رسول) کی | ط و ع | اِطاعتِ رَسول،اِطاعت گُزار،مُطیع |
| | تَهْتَدُوْا ؕ | تَ ہْ تَ دُوْ | توتم ہدایت پا جاؤ گے | ہ د ی | ہِدایت،ہَادیٔ عالَم،ہَادیٔ کائنات |
| | وَمَا | وَ مَا | اور نہیں | | سَیر و سَیاحت،علم و حکمت،شب و روز |
| | عَلَى الرَّسُوْلِ | عَ لَ رْ رَ سُوْ لِ | رسول کے ذمے ہے | ر س ل | رَسول،رُسُل،مُرسل،رِسالتِ مُحمّدیّہ |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلّا ماشاءاللہ،اِلّا یہ کہ،اِلّا قلیل |
| | الْبَلٰغُ | لْ بَ لَا غُ | پہنچا دینا | ب ل غ | بَالِغ،بُلُوغت،اَبلاغِ عامہ |
| | الْمُبِيْنُ ﴿۵۴﴾ | لْ مُ بِیْ ن | کھلم کھلا | ب ی ن | بیان،مُبیّنہ طور پر،دَلیلِ بَیّن |

مَّا حُمِّلْتُمْ ؕ وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۵۴﴾

اورتم پر اسکی جوابدہی ہے جوتم پر رکھا گیا ہے ہدایت توتمہیں اُسی وقت ملے گی جب رسول کی ماتحتی کرو،سنو! رسول کے ذمے تو صرف صاف طور پر پہنچا دینا ہے ﴿۵۴﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَعَدَ | وَ عَ دَ | وعدہ کیا ہے | و ع د | وَعدہ وَفائی،وَعدہ و وَعید،وَعدہ کرنا |
| ۵۵ | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ،اِلٰہی،آلِہہ،اِلٰہُ العالمین |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِیْ نَ | ان لوگوں سے جو | | |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے | ء م ن | اَمن و اَمان،مُومن،ایمان |
| | مِنْكُمْ | مِنْ کُ مْ | تم میں سے | | مِنْ وعَنْ،مِنْ جُملہ،مِنْ حَیثُ القوم |
| | وَعَمِلُوا | وَ عَ مِ لُ | اور انہوں نے عمل کئے | ع م ل | عَمل،اَعمال،عَامِل،مَعمُول |
| | الصّٰلِحٰتِ | صْ صَا لِ حَا تِ | نیک | ص ل ح | صَالِحین،صُلحاء،اَعمالِ صالح |
| | لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ | لَ یَسْ تَ خْ لِ فَنْ نَ ہُمْ | (کہ) یقیناً وہ انہیں ضرور خلافت عطا کرے گا | خ ل ف | ناخلف،سَلَف وخَلَف،خَلیفہ،خلافت |
| | فِى الْاَرْضِ | فِلْ اَرْضِ | زمین میں | ء ر ض | اَرض و سَماء،اَراضی،کُرۂ اَرض |

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِى الْاَرْضِ

تم میں سے ان لوگوں سے جو ایمان لائے ہیں اور نیک اعمال کئے ہیں اللہ تعالیٰ وعدہ فرما چکا ہے کہ انہیں ضرور زمین میں خلیفہ بنائے گا جیسے کہ

| عام زبان میں استعمال | عربی مادہ | ترجمہ | اردو تلفظ | قرآنی الفاظ | آیت نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| | | جس طرح کہ | کَ مَ | كَمَا | |
| نا خلف، سَلَف و خَلَف، خَلیفہ، خلافت | خ ل ف | اس نے خلافت دی تھی | سْ تَ خْ لَ فَ | اسْتَخْلَفَ | |
| | | ان لوگوں کو جو | ل لَ ذِ یْ نَ | الَّذِيْنَ | |
| قَبل اسکے، قَبل اَز نماز، قَبل اَز طَعام | ق ب ل | ان سے پہلے تھے | مِنْ قَبْ لِ ہِمْ | مِنْ قَبْلِهِمْ ۠ | |
| مَکان، مَکیں، اِمکان، بَا تمکین | م ك ن | اور یقیناً وہ ضرور مضبوط کردیگا | وَ لَ یُ مَ کْ کِ نَن نَ | وَلَيُمَكِّنَنَّ | |
| | | ان کے لئے | لَ ہُمْ | لَهُمْ | |
| دِینِ اسلام، دِینِ مَتین، دِینِ مُحمّدی | د ی ن | ان کا دین | دِ یْ نَ ہُمْ | دِيْنَهُمُ | |
| | | وہ جو | ل لَ ذِ یْ | الَّذِي | |
| رَاضی، مَرضی، رَضائے اِلٰہی | ر ض و | اس نے پسند کیا | رْ تَ ضَا | ارْتَضٰى | |

كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۠ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى

ان لوگوں کو خلیفہ بنایا تھا جو ان سے پہلے تھے اور یقیناً ان کیلئے ان کے اس دین کو مضبوطی کے ساتھ محکم کر کے جمادے گا جسے ان کیلئے وہ پسند

| عام زبان میں استعمال | عربی مادہ | ترجمہ | اردو تلفظ | قرآنی الفاظ | آیت نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| | | ان کے لئے | لَ ہُمْ | لَهُمْ | |
| بَدلہ، تَبدِیل، تَبادلہ خیال | ب د ل | اور یقیناً وہ انہیں ضرور بدل کردے گا | وَ لَ یُ بَد دِ لَن نَ ہُمْ | وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ | |
| بَعد اَز نماز، بَعد اَزاں، بَعد اَز ظُہر | ب ع د | بعد | مِمْ بَ عْ دِ | مِّنْۢ بَعْدِ | |
| خَوفِ خُدا، خَائِف، خَوفزدہ، خَوفناک | خ و ف | ان کے خوف کے | خَا ؤ فِ ہِمْ | خَوْفِهِمْ | |
| اَمن و اَمان، مُومن، اِیمان | ء م ن | امن (میں) | اَ مْ نَا | اَمْنًا ؕ | |
| عَبد، عِبادَت، عابِد، مَعبُود | ع ب د | وہ میری عبادت کریں گے | یَ عْ بُ دُوْ نَ نِیْ | يَعْبُدُوْنَنِيْ | |
| شِرک، مُشرِک، مُشرِکین، شُرَکاء | ش ر ك | وہ شریک نہیں ٹھہرائیں گے | لَا یُشْ رِ کُوْ نَ | لَا يُشْرِكُوْنَ | |
| | | میرے ساتھ | بِیْ | بِيْ | |
| شَئے، اَشیاء، اَشیائے خُوردنی اَشیائے خُوردنوش | ش ی ء | کسی چیز کو بھی | شَا ئِ اً | شَيْـًٔا ؕ | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـًٔا ؕ

فرما چکا ہے اور انکے اس خوف وخطر کو وہ امن وامان سے بدل دے گا، وہ میری عبادت کریں گے میرے ساتھ کسی کو بھی شریک نہ ٹھہرائیں گے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَمَنْ | وَ مَنْ | اور جو کوئی | | سیروسیاحت،علم وحکمت،شب وروز |
| | كَفَرَ | کَ فَ رَ | کفر کرے گا | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّارِ مکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | بَعْدَ ذٰلِكَ | بَ عْ دَ ذَا لِ كَ | بعد اس کے | ب ع د | بعد از نماز، بعد از اں، بعد از ظہر |
| | فَاُولٰٓئِكَ هُمُ | فَ اُ لَا...ءِ كَ هُ مُ | تو یہی لوگ | | |
| | الْفٰسِقُوْنَ ۝۵۵ | لْ فَا سِ قُوْ نَ | فاسق ہیں | ف س ق | فِسق وفُجُور، فَاسِق وفَاجِر، فَاسِق |
| ۵۶ | وَاَقِيْمُوا | وَ اَ قِيْ مُ | اور تم قائم کرو | ق و م | اِقامتِ صلوٰۃ، مُقیم، قِیام، قَومہ |
| | الصَّلٰوةَ | صْ صَ لَا ةَ | نماز | ص ل و | صلوٰۃِ ظُہر، صلوٰۃِ عید، صلوٰۃِ جُمعہ |
| | وَاٰتُوا | وَ آ تُ | اور تم ادا کرو | ء ت ی | |
| | الزَّكٰوةَ | زْ زَ كَا ةَ | زکاۃ | ز ك و | زکوٰۃُ الفِطر، مالِ زکوٰۃ، نِصابِ زکوٰۃ، بکریوں کی زکوٰۃ |

وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝۵۵ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ

اس کے بعد بھی جو لوگ ناشکری اور کفر کریں وہ یقیناً فاسق ہیں ۝۵۵ نماز کی پابندی کرو، زکوٰۃ ادا کرو اور اللہ تعالیٰ کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاَطِيْعُوا | وَ اَ طِيْ عُ | اور تم اطاعت کرو | ط و ع | اِطاعتِ رسول، اِطاعت گُزار، مُطیع |
| | الرَّسُوْلَ | رْ رَ سُوْ لَ | رسول کی | ر س ل | رَسول، رُسُل، مُرسَل، رِسالتِ محمدیہ |
| | لَعَلَّكُمْ | لَ عَلْ لَ كُ مْ | تاکہ تم پر | | |
| | تُرْحَمُوْنَ ۝۵۶ | تُ رْ حَ مُوْ نَ | رحم کیا جائے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرم |
| ۵۷ | لَا تَحْسَبَنَّ | لَا تَ حْ سَ بَنْ نَ | آپ ہرگز گمان نہ کریں | ح س ب | حَسب وگُماں، حَسبِ حال |
| | الَّذِيْنَ | لْ لَ ذِ يْ نَ | ان لوگوں کی بابت جنہوں نے | | |
| | كَفَرُوْا | کَ فَ رُوْ | کفر کیا | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّارِ مکّہ، کُفرانِ نعمت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُعْجِزِيْنَ | مُ عْ جِ زِ يْنَ | کہ وہ (ہمیں) عاجز کرنے والے ہیں | ع ج ز | عاجز ہونا، عجز و انکساری، عاجزی |

وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝٥٦ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مُعْجِزِيْنَ

فرمانبرداری میں لگے رہو، تاکہ تم پر رحم کیا جائے ۝٥٦ یہ خیال آپ (ﷺ) کبھی بھی نہ کرنا کہ منکر لوگ زمین میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِي الْاَرْضِ ج | فِلْ اَرْض | زمین میں | ء ر ض | اَرض و سَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | وَمَاْوٰىهُمُ | وَ مَ x وَا هُمُ | اور ان کا ٹھکانہ | ء و ی | ملجاء و ماویٰ، جَنَّتُ المَاویٰ |
| | النَّارُ ط | ن نَار | آگ ہے | ن و ر | نارِ نمرود، نارِ جہنم، نارِ سموم |
| | وَلَبِئْسَ | وَ لَ بِ x سَ | اور یقیناً بُری ہے وہ | ب ء س | |
| | الْمَصِيْرُ ع ۝٥٧ | لْ مَ صِیْ ر | واپسی کی جگہ | ص ی ر | |
| ٥٨ | يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ | یَا..اَ یُ یُہَ لْ لَ ذِیْنَ | اے وہ لوگو جو | | |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے ہو! | ء م ن | اَمن و اَمان، مُؤمن، اِیمان |

فِي الْاَرْضِ ج وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ط وَلَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ع ۝٥٧ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

(اِدھر اُدھر بھاگ کر) ہمیں ہرا دینے والے ہیں، ان کا اصلی ٹھکانہ تو جہنم ہے جو یقیناً بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے ۝٥٧ ایمان والو!

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِيَسْتَاْذِنْكُمُ | لِ يَسْ تَ x ذِ نْ كُ مُ | چاہئے کہ تم سے اجازت طلب کریں | ء ذ ن | اِذنِ رَبّی، اِذنِ الٰہی، اِذنِ عام |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ ی نَ | وہ (غلام) جن کے | | |
| | مَلَكَتْ | مَ لَ كَ تْ | مالک ہوئے | م ل ك | مِلک، مَلکیّت، اِملاک، مُلک |
| | اَيْمَانُكُمْ | اَیْ مَا نُ كُ مْ | تمہارے دائیں ہاتھ | ی م ن | یَمین و یَسار (دائیں بائیں)، مَیمنہ و مَیسرہ |
| | وَالَّذِيْنَ | وَ ل لَ ذِ ی نَ | اور وہ (بچے بھی) جو | | |
| | لَمْ يَبْلُغُوا | لَمْ يَبْ لُ غُ | نہیں پہنچے | ب ل غ | بَالغ، بُلُوغت، اَبلاغِ عامہ |
| | الْحُلُمَ | لْ حُ لُ مَ | بلوغت کو | ح ل م | اِحتِلام (ناپاک ہونا)، مُحتَلِم ہونا |
| | مِنْكُمْ | مِنْ كُ مْ | تم میں سے | | مِنجَانب، مِن حَیثُ القَوم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ثَلٰثَ | ثَ لَا ثَ | تین | ث ل ث | ثُلثُ اللَّیل، ثُلثُ القرآن، ثَلاثَہ |

لِیَسۡتَاۡذِنۡکُمُ الَّذِیۡنَ مَلَکَتۡ اَیۡمَانُکُمۡ وَالَّذِیۡنَ لَمۡ یَبۡلُغُوا الۡحُلُمَ مِنۡکُمۡ ثَلٰثَ

تم سے تمہاری ملکیت کے غلاموں کو اور انہیں بھی جو تم میں سے بلوغت کو نہ پہنچے ہوں (اپنے آنے کی) تین وقتوں میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَرّٰتٍ ؕ | مَرْرَات | بار (یعنی تین اوقات میں): | م ر ر | روز مرّہ کا پروگرام |
| | مِنۡ قَبۡلِ | مِنْ قَبْ لِ | پہلے | ق ب ل | قبل اسکے، قبل اَز نماز، قبل اَز طعام |
| | صَلٰوةِ | صَ لَا ةِ | نماز | ص ل و | صَلٰوۃ وسلام، صَلٰوۃ ظُہر، صَلٰوۃُ الحاجت |
| | الۡفَجۡرِ | اَلْ فَ جْ رِ | فجر سے | ف ج ر | فجر کاذِب، فجر صادِق، نمازِ فجر |
| | وَحِیۡنَ | وَ حِیْ نَ | اور جس وقت | ح ی ن | قول وقرار، حزن وملال، غم وحزن |
| | تَضَعُوۡنَ | تَ ضَ عُوْ نَ | تم اتار دیتے ہو | و ض ع | وَاضع، وَضع داری، وَضعِ حمل |
| | ثِیَابَکُمۡ | ثِ یَا بَ کُ مْ | اپنے کپڑے | ث و ب | ثَوب (کپڑا)، ثِیاب (کپڑے) |
| | مِّنَ الظَّهِيۡرَةِ | مِ نَظْ ظَ ہِیْ رَ ةِ | دوپہر کو | ظ ھ ر | ظاہِر، ظُہور، مَظہر، ظِہار، ظُہر کی نماز |

مَرّٰتٍ ؕ مِنۡ قَبۡلِ صَلٰوةِ الۡفَجۡرِ وَحِیۡنَ تَضَعُوۡنَ ثِیَابَکُمۡ مِّنَ الظَّهِيۡرَةِ

اجازت حاصل کرنی ضروری ہے، نماز فجر سے پہلے اور ظہر کے وقت جب کہ تم اپنے کپڑے اتار رکھتے ہو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَمِنۡۢ بَعۡدِ | وَمِمْ بَ عْ دِ | اور کے بعد | ب ع د | بَعد اَز نماز، بَعد اَزاں، بَعد اَز ظہر |
| | صَلٰوةِ | صَ لَا ةِ | نماز | ص ل و | صَلٰوۃِ ظُہر، صَلٰوۃِ عید، صَلٰوۃِ جُمعہ |
| | الۡعِشَآءِ ۛ | اَلْ عِ شَا...ءِ | عشاء | ع ش ی | عِشائیہ، نمازِ عشاء، وقتِ عشاء |
| | ثَلٰثُ | ثَ لَا ثُ | (یہ) تین ہیں | ث ل ث | ثُلثُ اللَّیل، ثُلثُ القرآن، ثَلاثَہ |
| | عَوۡرٰتٍ | عَا ؤ رَا تٍ | پردے (کے اوقات) | ع و ر | عَورت، عَورتیں، باپردہ عَورت |
| | لَّکُمۡ ؕ | لَ لَ کُ مْ | تمہارے لئے | | |
| | لَیۡسَ | لَا ئِیْ سَ | نہیں ہے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْكُمْ | عَ لَا ئِ کُ مْ | تم پر | | عَلَى الإعلان، عَلَى العموم |
| | وَلَا | وَ لَا | اور نہ | | عدل و انصاف، قول و قرار، مکر و فریب، لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِ هِمْ | ان پر ہی | | عَلَى الإعلان، عَلَى العموم |

وَمِنْ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ ۗ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ط لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ

اور عشاء کی نماز کے بعد، تینوں وقت تمہاری (خلوت) اور پردہ کے ہیں، ان وقتوں کے ماسوا نہ تو تم پر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | جُنَاحٌ | جُ نَا حُ مْ | کوئی گناہ | ج ن ح | |
| | بَعْدَهُنَّ ط | بَ عْ دَ هُنْ نَ | ان (وقتوں) کے بعد | ب ع د | بعد از نماز، بعد از آں، بعد از ظہر |
| | طَوّٰفُوْنَ | طَا ؤْ وَا فُوْ نَ | وہ بکثرت پھرنے (آنے جانے) والے ہیں | ط و ف | طائف، طائفہ منصورہ، طواف |
| | عَلَيْكُمْ | عَ لَا ئِ کُ مْ | تم پر | | عَلَى الإعلان، عَلَى العموم |
| | بَعْضُكُمْ | بَ عْ ضُ کُ مْ | (یعنی) بعض تمہارے | ب ع ض | بعض لوگ، بعض النّاس، بعض اشیاء |
| | عَلٰى بَعْضٍ ط | عَ لَا بَ عْ ضْ | بعض پر | ب ع ض | بعض لوگ، بعض النّاس، بعض اشیاء |
| | كَذٰلِكَ | کَ ذَا لِ کَ | اسی (مذکور کی) طرح | | |
| | يُبَيِّنُ | یُ بَا ئِ يِ نُ | کھول کر بیان کرتا ہے | ب ی ن | بیان، مبیّنہ طور پر، دلیل بیّن |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہ العالمین |

جُنَاحٌ بَعْدَهُنَّ ط طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ط كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ

کوئی گناہ ہے نہ ان پر تم سب آپس میں ایک دوسرے کے پاس بکثرت آنے جانے والے ہو (ہی)، اللہ تعالیٰ اس طرح کھول کھول کر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَكُمُ | لَ کُ مُ | تمہارے لئے | | |
| | الْاٰيٰتِ ط | لْ آ یا ت | (اپنی) آیتیں | ء ی ی | آیتِ قرآنی، آیۃ الکرسی، آیتِ کریمہ |
| | وَاللّٰهُ | وَلْ لَا هُ | اور اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہ العالمین |
| | عَلِيْمٌ | عَ لِ یْ مُنْ | خوب جاننے والا | ع ل م | علم، تعلیم، معلّم، معلوم، علامہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | حَكِيْمٌ ۝٥٨ | حَ كِ يْ مٌ | خوب حکمت والا ہے | ح ك م | حکیم، حکمت و دانائی، حاکم |
| ۵۹ | وَاِذَا | وَ اِ ذَا | اور جب | | سیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | بَلَغَ | بَ لَ غَ | پہنچ جائیں | ب ل غ | بالغ، بُلُوغت، اَبلاغِ عامہ |
| | الْاَطْفَالُ | لْ اَطْ فَا لُ | بچے | ط ف ل | طِفلِ مکتب، اَطفال، رَوضَۃُ الْاَطفال |
| | مِنْكُمُ | مِنْ كُ مُ | تم میں سے | | مِنْ وعَنْ، مِن جُملہ، مِنْ حَیثُ الْقوم |
| | الْحُلُمَ | لْ حُ لُ مَ | بلوغت کو | ح ل م | اِحتِلام (ناپاک ہونا)، مُحتَلِم ہونا |

لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝٥٨ وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ

اپنے احکام تم سے بیان فرما رہا ہے، اللہ تعالیٰ پورے علم اور کامل حکمت والا ہے ۝٥٨ اور تمہارے بچے (بھی) جب بلوغت کو پہنچ جائیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَلْيَسْتَاْذِنُوْا | فَ لْ يَسْ تَ x ذِ نُوْ | تو چاہئے کہ وہ (بھی) اجازت طلب کریں | ء ذ ن | اِذنِ رَبِّی، اِذنِ اِلٰہی، اِذنِ عام |
| | كَمَا | كَ مَ | جس طرح | | کالعدم، کالعدم جماعت، کَمَا حَقُّہٗ |
| | اسْتَاْذَنَ | سْ تَ x ذَ نَ | اجازت لیتے تھے | ء ذ ن | اِذنِ رَبِّی، اِذنِ اِلٰہی، اِذنِ عام |
| | الَّذِيْنَ | لْ لَ ذِ يْ نَ | وہ لوگ جو | | |
| | مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ | مِنْ قَبْ لِ هِمْ | ان سے پہلے تھے | ق ب ل | قَبل اسکے، قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام |
| | كَذٰلِكَ | كَ ذَا لِ كَ | اسی طرح | | |
| | يُبَيِّنُ | يُ بَ يْ يِ نُ | کھول کر بیان کرتا ہے | ب ی ن | بیان، مُبیَّنہ طور پر، دَلیلِ بَیِّن |
| | اللّٰهُ | لْ لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ الْعَالَمِیْن |
| | لَكُمْ | لَ كُ مْ | تمہارے لئے | | |

فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ

تو جس طرح انکے اگلے لوگ اجازت مانگتے ہیں انہیں بھی اجازت مانگ کر آنا چاہئے، اللہ تعالیٰ تم سے اسی طرح اپنی آیتیں بیان

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اٰيٰتِهٖ ۭ | آ يَا تِ هٖ | اپنی آیتیں | ء ی ی | آیتِ قرآنی، آیۃُ الکرسی، آیتِ کریمہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاللّٰهُ | وَ ل لَا هُ | اور اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | عَلِيْمٌ | عَ لِ یْ مُنْ | خوب جاننے والا | ع ل م | عِلْم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمَہ |
| | حَكِيْمٌ ۝٥٩ | حَ کِ یْ مْ | خوب حکمت والا | ح ك م | حَکیم، حِکمَت و دانائی، حاکِم |
| ٦٠ | وَالْقَوَاعِدُ | وَلْ قَ وَا عِ دُ | اور گھروں میں بیٹھ رہنے والی (بوڑھی) | ق ع د | قُعُود، قاعِد، مَقاعِد، قَعدہ اُولیٰ |
| | مِنَ النِّسَآءِ | مِ نَنْ نِ سَا...ءِ | عورتیں | ن س و | نِسَاءُ المُؤمِنِین، تربیتِ نسواں، نِسوانیت |
| | الّٰتِيْ | ل لَا تِیْ | وہ جو | | |
| | لَا يَرْجُوْنَ | لَا یَ رْ جُوْ نَ | امید نہیں رکھتیں | ر ج و | رَجاء، اِرجاء، اُمّید و رَجاء |
| | نِكَاحًا | نِ کَا حَنْ | نکاح کی | ن ك ح | نِکاحِ محمّدی، نِکاحِ مَسنُون |

اٰيٰتِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝٥٩ وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحًا

فرماتا ہے، اللہ تعالیٰ ہی علم و حکمت والا ہے ۝٥٩ بڑی بوڑھی عورتیں جنہیں نکاح کی امید (اور خواہش ہی) نہ رہی ہو وہ اگر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَلَيْسَ | فَ لَا یْ سَ | تو نہیں ہے | | |
| | عَلَيْهِنَّ | عَ لَا یْ ہِنْ نَ | ان پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | جُنَاحٌ | جُ نَا حُنْ | کوئی گناہ | ج ن ح | نِکاحِ محمّدی، نِکاحِ مَسنُون، نِکاح خواں |
| | اَنْ يَّضَعْنَ | اَ ئیْنْ یَ ضَ عْ نَ | یہ کہ وہ اتار دیں | و ض ع | وَضعِ حَمل |
| | ثِيَابَهُنَّ | ثِ یَا بَ ہُنْ نَ | اپنے (حجاب والے) کپڑے | ث و ب | ثَوب (کپڑا)، ثِیاب (کپڑے) |
| | غَيْرَ | غَ یْ رَ | جبکہ نہ ہوں | غ ی ر | غَیرمُلکی، غَیرمَشروط، غَیرُاللہ |
| | مُتَبَرِّجٰتٍۭ | مُ تَ بَرْ رِ جَا تِمْ | وہ ظاہر کرنے والی | ب ر ج | تَبَرُّج (اظہارِ زینت)، مُتَبَرِّج |
| | بِزِيْنَةٍ ؕ | بِ زِ یْ نَ ۃْ | (اپنی) زینت | ز ی ن | تَزئین و آرائش، مُزَیَّن کرنا، زین (نام) |

فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِيْنَةٍ ؕ

اپنے کپڑے اتار رکھیں تو ان پر کوئی گناہ نہیں، بشرطیکہ وہ اپنا بناؤ سنگھار ظاہر کرنے والیاں نہ ہوں، تاہم اگر ان سے بھی احتیاط رکھیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَ اَنۡ | وَ آ ئیں | اور یہ کہ | | عدل و انصاف، قول و قرار، مکر و فریب |
| | یَّسۡتَعۡفِفۡنَ | یَں تَ عۡ فِفۡ نَ | وہ بچیں (اس سے بھی) | ع ف ف | عفیف، عفّت و پاکدامنی، عفیفہ |
| | خَیۡرٌ | خَائِرُ | (تو یہ) بہت بہتر ہے | خ ی ر | خیر خواہی، خیر و شر، خیر و برکت |
| | لَّهُنَّ ؕ | ل لَ ہُن نَ | ان کے لئے | | |
| | وَاللّٰهُ | وَل لَا ہُ | اور اللہ | ء ل ہ | الٰہ، الٰہی، آلہہ، الٰہ العالمین |
| | سَمِیۡعٌ | سَ مِی عُنۡ | خوب سننے والا | س م ع | سامع، مسموع، قوت سماعت |
| | عَلِیۡمٌ ۝۶۰ | عَ لِی مٌ | خوب جاننے والا ہے | ع ل م | علم، تعلیم، معلّم، معلوم، علاّمہ |
| ٦١ | لَیۡسَ | لَا ئِی سَ | نہیں ہے | | |
| | عَلَی الۡاَعۡمٰی | عَ لَلۡ اَ عۡ مَا | اندھے پر | ع م ی | اَعمیٰ (اندھا آدمی)، عُمیٌ (اندھے) |
| | حَرَجٌ | حَ رَ جُنۡ | کوئی حرج | ح ر ج | حرج مرج، اس میں کوئی حرج نہیں |

وَ اَنۡ یَّسۡتَعۡفِفۡنَ خَیۡرٌ لَّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ سَمِیۡعٌ عَلِیۡمٌ ۝۶۰ لَیۡسَ عَلَی الۡاَعۡمٰی حَرَجٌ

تو ان کے لئے بہت افضل ہے، اور اللہ تعالیٰ سنتا جانتا ہے ۝۶۰ (مطلقاً) کوئی حرج نہیں اندھے پر،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّلَا | وَ لَا | اور نہ | | عدل و انصاف، قول و قرار، مکر و فریب<br>لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب |
| | عَلَی الۡاَعۡرَجِ | عَ لَلۡ اَ عۡ رَ جِ | لنگڑے پر | ع ر ج | |
| | حَرَجٌ | حَ رَ جُنۡ | کوئی حرج | ح ر ج | حرج مرج، اس میں کوئی حرج نہیں |
| | وَّلَا | وَ لَا | اور نہ | | عدل و انصاف، قول و قرار، مکر و فریب<br>لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب |
| | عَلَی الۡمَرِیۡضِ | عَ لَلۡ مَ رِ ی ضِ | مریض پر | م ر ض | مریض، مرض الموت، امراض |
| | حَرَجٌ | حَ رَ جُنۡ | کوئی حرج | ح ر ج | حرج مرج، اس میں کوئی حرج نہیں |
| | وَّلَا | وَ لَا | اور نہ | | عدل و انصاف، قول و قرار، مکر و فریب<br>لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب |
| | عَلٰۤی اَنۡفُسِکُمۡ | عَ لَا۔۔ اَنۡ فُسِ کُ مۡ | خود تم پر ہی (کوئی حرج) | ن ف س | نفس، انفس، نفساً نفسی، تنفّس |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنۡ | اَنۡ | یہ کہ | | |
| | تَاۡكُلُوۡا | تَ x كُ لُوۡ | تم کھاؤ | ء ك ل | اَکلِ حلال، مَاکُول، مَاکُولات |

**وَّ لَا عَلَى الۡاَعۡرَجِ حَرَجٌ وَّ لَا عَلَى الۡمَرِيۡضِ حَرَجٌ وَّ لَا عَلٰٓى اَنۡفُسِكُمۡ اَنۡ تَاۡكُلُوۡا**

لنگڑے پر، بیمار پر اور خود تم پر کہ تم اپنے گھروں سے کھا لو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنۡۢ | مِ مۡ | سے | | مِنۡ جَانِب، مِنۡ جُمۡلَه |
| | بُيُوۡتِكُمۡ | بُ یُو تِ کُ مۡ | اپنے گھروں | ب ی ت | بیتُ المعمور، بیتُ الله، بیتُ المُقدّس |
| | اَوۡ | اَ وۡ | یا | | |
| | بُيُوۡتِ | بُ یُو تِ | گھروں سے | ب ی ت | بیتُ المعمور، بیتُ الله، بیتُ المُقدّس |
| | اٰبَآئِكُمۡ | آ با... ءِ کُ مۡ | اپنے باپ دادا کے | ء ب و | آباؤ اَجداد، اِس کے آباء، آبائی عَلاقہ |
| | اَوۡ | اَ وۡ | یا | | |
| | بُيُوۡتِ | بُ یُو تِ | گھروں سے | ب ی ت | بیتُ المعمور، بیتُ الله، بیتُ المُقدّس |
| | اُمَّهٰتِكُمۡ | اُم مَ ہا تِ کُ مۡ | اپنی ماؤں کے | ء م م | اُمِّ ہانی، اُمِّ عبّاس، اُمِّ ارقم |
| | اَوۡ | اَ وۡ | یا | | |
| | بُيُوۡتِ | بُ یُو تِ | گھروں سے | ب ی ت | بیتُ المعمور، بیتُ الله، بیتُ المُقدّس |
| | اِخۡوَانِكُمۡ | اِ خۡ وَا نِ کُ مۡ | اپنے بھائیوں کے | ء خ و | اُخوّت پروگرام، مُواخات اُخوّت، اخوانُ المُسلمین |

**مِنۡۢ بُيُوۡتِكُمۡ اَوۡ بُيُوۡتِ اٰبَآئِكُمۡ اَوۡ بُيُوۡتِ اُمَّهٰتِكُمۡ اَوۡ بُيُوۡتِ اِخۡوَانِكُمۡ**

یا اپنے باپوں کے گھروں سے یا اپنی ماؤں کے گھروں سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَوۡ | اَ وۡ | یا | | |
| | بُيُوۡتِ | بُ یُو تِ | گھروں سے | ب ی ت | بیتُ المعمور، بیتُ الله، بیتُ المُقدّس |
| | اَخَوٰتِكُمۡ | اَ خَ وَا تِ کُ مۡ | اپنی بہنوں کے | ء خ و | اُختِ علی (علی کی بہن)، اَخوات (جمع) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَوْ | آ ؤ | یا | | |
| | بُيُوْتِ | بُ یُوْ تِ | گھروں سے | ب ی ت | بَیتُ المَعمُور، بَیتُ اللہ، بَیتُ المُقدّس |
| | اَعْمَامِكُمْ | اَعْ مَا مِ کُ مْ | اپنی خالاؤں کے | ع م م | |
| | اَوْ | آ ؤ | یا | | |
| | بُيُوْتِ | بُ یُوْ تِ | گھروں سے | ب ی ت | بَیتُ المَعمُور، بَیتُ اللہ، بَیتُ المُقدّس |
| | عَمّٰتِكُمْ | عَمْ مَا تِ کُ مْ | اپنی پھوپھیوں کے | ع م م | |
| | اَوْ | آ ؤ | یا | | |
| | بُيُوْتِ | بُ یُوْ تِ | گھروں سے | ب ی ت | بَیتُ المَعمُور، بَیتُ اللہ، بَیتُ المُقدّس |

اَوْ بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ

یا اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَخْوَالِكُمْ | اَخْ وَا لِ کُ مْ | اپنے ماموؤں کے | خ و ل | خَال (ماموں)، خَالَہ، خَالاَؤں |
| | اَوْ | آ ؤ | یا | | |
| | بُيُوْتِ | بُ یُوْ تِ | گھروں سے | ب ی ت | بَیتُ المَعمُور، بَیتُ اللہ، بَیتُ المُقدّس |
| | خٰلٰتِكُمْ | خَا لاَ تِ کُ مْ | اپنی خالاؤں کے | خ و ل | خَال (ماموں)، خَالَہ، خَالاَؤں |
| | اَوْ | آ ؤ | یا | | |
| | مَا | مَا | ان (گھروں) سے کہ | | مَا حَول، مَا فَوقُ الفِطرَت، مَا جرَہ |
| | مَلَكْتُمْ | مَ لَ کْ تُ مْ | تم مالک ہو | م ل ك | مِلک، مَلکِیّت، اِملاک، مُلک |
| | مَّفَاتِحَهٗٓ | مَ فَا تِ حَ ہُوْ.. | ان کی چابیوں کے | ف ت ح | مِفتَاح، مَفَاتِیحُ الغَیب، فَتح |
| | اَوْ | آ ؤ | یا | | |
| | صَدِيْقِكُمْ ط | صَ دِ یْ قِ کُ مْ | اپنے دوستوں کے (گھروں سے) | ص د ق | صَادِق، صَدِیق، مُصَدِّق، صِدق |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَيْسَ | لَ اَ ئِ سَ | نہیں ہے | | |

اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗٓ اَوْ صَدِيْقِكُمْ ۭ لَيْسَ

یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے یا ان گھروں سے جن کی کنجیوں کے تم مالک ہو یا اپنے دوستوں کے گھروں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْكُمْ | عَ لَ اَ ئِ كُ مْ | تم پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | جُنَاحٌ | جُ نَا حُنْ | کوئی گناہ | ج ن ح | |
| | اَنْ | اَنْ | یہ کہ | | |
| | تَاْكُلُوْا | تَ x كُ لُوْ | تم کھاؤ | ء ك ل | اَکلِ حلال، مَاکُول، مَاکُولات |
| | جَمِيْعًا | جَ مِیْ عَنْ | (سب) اکٹھے | ج م ع | جَمع، جَمِیع، اِجماع، مَجمَع، مجمُوعہ |
| | اَوْ | آ ءْ | یا | | |
| | اَشْتَاتًا ۭ | اَشْ تَا تَا | الگ الگ | ش ت ت | |
| | فَاِذَا | فَ اِ ذَا | پھر جب | | |
| | دَخَلْتُمْ | دَ خَ لْ تُ مْ | تم داخل ہو | د خ ل | دَاخِل، دُخُول، وَزَارتِ دَاخِلہ |
| | بُيُوْتًا | بُ یُوْ تَنْ | گھروں میں | ب ی ت | بَیتُ المَعمُور، بَیتُ اللہ، بَیتُ المُقَدَّس |
| | فَسَلِّمُوْا | فَ سَلْ لِ مُوْ | تو سلام کرو | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلمان، سَلَامَتی، تَسلِیم |

عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا اَوْ اَشْتَاتًا ۭ فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا

سے، تم پر اس میں بھی کوئی گناہ نہیں کہ تم سب ساتھ بیٹھ کر کھانا کھاؤ یا الگ الگ، پس جب تم گھروں میں جانے لگو تو اپنے گھر والوں کو سلام کرو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلٰٓي اَنْفُسِكُمْ | عَ لَا ۔۔ اَنْ فُ سِ كُ مْ | اپنے (لوگوں) پر | ن ف س | نَفس، اَنفُس، نَفسَا نَفسی، مُتَنَفِّس |
| | تَحِيَّةً | تَ حِیْ یَ تَ | (یعنی) دعائے خیر (کرو) | ح ی ی | تَحِیَّۃُ الوُضُو (وُضُو کا تحفہ) تَحِیَّۃُ المَسجِد (مَسجد کا تُحفہ) |
| | مِّنْ عِنْدِ | مِ مِنْ عِ نْ دِ | طرف سے | ع ن د | عِندَ اللہ مَاجُور ہوں (اللہ کے پاس سے اجر ملے گا) |
| | اللّٰهِ | لْ لَا هِ | (جو مقرر ہے) اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُبٰرَكَةً | مُ بَا رَ كَ تَنْ | بابرکت | ب ر ك | بَرَکت، بَرَکات، مُبارَک باد |
| | طَيِّبَةً ط | طَ ئِ یِ بَ ۃً | پاکیزہ | ط ی ب | طَیِّب، کَلِمہ طَیِّبَہ، مَدِینہ طَیِّبَہ |
| | كَذٰلِكَ | كَ ذَا لِ كَ | اسی طرح | | |
| | يُبَيِّنُ | يُ بَ ا ئِ یِ نُ | کھول کر بیان کرتا ہے | ب ی ن | بَیان، مُبَیِّنَہ طور پر، دَلیلِ بَیِّن |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |

عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ط كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ

لیا کرو، دعائے خیر ہے جو بابرکت اور پاکیزہ ہے، اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل شدہ، یوں ہی اللہ تعالیٰ کھول کھول کر تم سے اپنے احکام

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَكُمُ | لَ كُ مُ | تمہارے لئے | | |
| | الْاٰيٰتِ | لْ آ يَا تِ | آیتیں | ء ی ی | آیتِ قُرآنی، آیۃُ الکُرسی آیتِ کَریمہ |
| | لَعَلَّكُمْ | لَ عَلْ لَ كُ مْ | تاکہ تم | | |
| | تَعْقِلُوْنَ ع ۶۱ | تَ عْ قِ لُوْ نَ | عقل کرو | ع ق ل | عَقل، عَاقِل، مَعقُول، عَقِیل |
| ۶۲ | اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ | اِن نَ مَ لْ مُ x مِ نُوْ نَ | مؤمن تو بس | ء م ن | اَمن و اَمان، مُؤمِن، اِیمان |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | وہ لوگ ہیں جو | | |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے | ء م ن | اَمن و اَمان، مُؤمِن، اِیمان |
| | بِاللّٰهِ | بِل لَا ہِ | اللہ پر | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | وَرَسُوْلِهٖ | وَ رَ سُوْ لِ ہِیْ | اور اس کے رسول (پر) | ر س ل | رَسول، رُسُل، مُرسَل، رِسالَت مُحَمَّدِیَہ |

لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ع ۶۱ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

بیان فرمارہا ہے تاکہ تم سمجھ لو ۶۱ باایمان لوگ تو وہی ہیں جو اللہ تعالیٰ پر اور اسکے رسول (ﷺ) پر یقین رکھتے ہیں اور جب ایسے معاملہ میں جس میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاِذَا | وَ اِ ذَا | اور جب | | عَدل و اِنصاف، قَول و قَرار، مَکر و فَریب |
| | كَانُوْا | كَا نُوْ | وہ ہوتے ہیں | ك و ن | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَعَهٗ | مَ عَ ہُوْ | اس (رسول) کے ساتھ | | مَعَ اَہل وعیال، مَعِیَّت |
| | عَلٰۤى اَمۡرٍ | عَ لَآ... اَمْ رِنْ | ایسے کام پر | ا م ر | اَمرِ رَبِّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | جَامِعٍ | جَا مِ عِ | جو جمع کرنے والا (اجتماع کا متقاضی) ہے | ج م ع | جَمَع، جَمِیع، اِجماع، مَجمَع، مَجمُوعہ |
| | لَّمۡ يَذۡهَبُوۡا | لَمْ یَ ذْ ہَ بُوْ | اور وہ نہیں جاتے | ذ ھ ب | ذَاہِب (جانے والا)، مَذہَبِیَّت، ذَہَاب، مَذہَب، بَینَ المَذَاہِب |
| | حَتّٰى | حَتْ تَا | یہاں تک کہ | | حَتَّی الاِمکان، حَتّٰی کہ |
| | يَسۡتَاۡذِنُوۡهُ ؕ | یَسْ تَ x ذِ نُوْ ہُ | وہ اس (رسول) سے اجازت مانگ لیں | ء ذ ن | اِذنِ رَبِّی، اِذنِ اِلٰہی، اِذنِ عَام |
| | اِنَّ | اِنْ نَ | بلاشبہ | | |
| | الَّذِيۡنَ | لْ لَ ذِ یْ نَ | وہ لوگ جو | | |

وَاِذَا كَانُوۡا مَعَهٗ عَلٰۤى اَمۡرٍ جَامِعٍ لَّمۡ يَذۡهَبُوۡا حَتّٰى يَسۡتَاۡذِنُوۡهُ ؕ اِنَّ الَّذِيۡنَ

لوگوں کے جمع ہونے کی ضرورت ہوتی ہے نبی (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) کے ساتھ ہوتے ہیں تو جب تک آپ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) سے اجازت نہ لیں کہیں نہیں جاتے، جو لوگ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَسۡتَاۡذِنُوۡنَكَ | یَسْ تَ x ذِ نُوْ نَ کَ | آپ سے اجازت مانگتے ہیں | ء ذ ن | اِذنِ رَبِّی، اِذنِ اِلٰہی، اِذنِ عَام |
| | اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ | اُ لَآ...ءِ کَ لْ لَ ذِ یْ نَ | وہی لوگ ہیں جو | | |
| | يُؤۡمِنُوۡنَ | یُ x مِ نُوْ نَ | ایمان لاتے ہیں | ء م ن | اَمن واَمان، مُومِن، اِیمان |
| | بِاللّٰهِ | بِلْ لَا ہِ | اللہ پر | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | وَرَسُوۡلِهٖ ۚ | وَ رَ سُوْ لِ ہٖ | اور اس کے رسول (پر) | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالَت مُحَمَّدِیَّہ |
| | فَاِذَا | فَ اِ ذَا | چنانچہ جب | | |
| | اسۡتَاۡذَنُوۡكَ | سْ تَ x ذَ نُوْ کَ | وہ آپ سے اجازت طلب کریں | ء ذ ن | اِذنِ رَبِّی، اِذنِ اِلٰہی، اِذنِ عَام |

يَسۡتَاۡذِنُوۡنَكَ اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ يُؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ ۚ فَاِذَا اسۡتَاۡذَنُوۡكَ

ایسے موقع پر آپ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) سے اجازت لے لیتے ہیں حقیقت میں یہی ہیں جو اللہ تعالیٰ پر اور اسکے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) پر ایمان لا چکے ہیں، پس جب ایسے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِبَعۡضِ | لِ بَ عْ ضِ | کسی (بعض) | ب ع ض | بَعض لوگ، بَعضُ النَّاس، بَعضِ اَشیاء |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | شَاْنِهِمْ | شَ x نِ ہِمْ | اپنے کام کے لئے | ش ء ن | ان کے شُئُوْن (معاملات) |
| | فَاْذَنْ | فَ x ذَ | تو آپ اجازت دیں | ء ذ ن | اِذنِ رَبّی، اِذنِ الٰہی، اِذنِ عام |
| | لِّمَنْ | ل لِ مَنْ | جسے | | |
| | شِئْتَ | شِ x تَ | آپ چاہیں | ش ی ء | ان شَاءَاللہ، مَاشَاءَاللہ، مَشیتِ الٰہی |
| | مِنْهُمْ | مِنْ ہُمْ | ان میں سے | | مِنْ وعَنْ، مِنْ جُملَہ، مِنْ حَیْثُ الْقَوم |
| | وَاسْتَغْفِرْ | وَ سْ تَ غْ فِ رْ | اور آپ بخشش طلب کریں | غ ف ر | غَفّار، عَبدُالغَفُور، غَافِر، اِستِغفار |
| | لَهُمُ | لَ ہُمُ | ان کے لئے | | |
| | اللّٰهَ ط | ل لَا ہَ | اللہ سے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | اِنَّ | اِ ن نَ | بلاشبہ | | |
| | اللّٰهَ | ل لَا ہَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |

لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ

لوگ آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے اپنے کسی کام کیلئے اجازت طلب کریں تو آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ان میں سے جسے چاہیں اجازت دے دیں اور ان کیلئے اللہ تعالیٰ سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | غَفُوْرٌ | غَ فُوْ رٌ | نہایت بخشنے والا، | غ ف ر | غَفّار، عَبدُالغَفُور، غَافِر، اِستِغفار |
| | رَّحِيْمٌ ﴿٦٢﴾ | ر رَ حِیْ مٌ | بہت رحم کرنے والا ہے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحِیم، رَحم وکَرم |
| ٦٣ | لَا تَجْعَلُوْا | لَا تَ جْ عَ لُوْ | تم نہ بناؤ | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | دُعَآءَ | دُ عَا...ءَ | بلانے کو | د ع و | دُعا، دَعوت، اَدعِیہ، دَاعی اِلَی اللہ |
| | الرَّسُوْلِ | ر رَ سُوْ لِ | رسول کے | ر س ل | رَسول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالت مُحَمَّدِیَّہ |
| | بَيْنَكُمْ | بَا یْ نَ کُ مْ | اپنے درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ، بَینُ الاَقوامی |
| | كَدُعَآءِ | کَ دُ عَا...ءِ | بلانے کی طرف | د ع و | دُعا، دَعوت، اَدعِیہ، دَاعی اِلَی اللہ |
| | بَعْضِكُمْ | بَ عْ ضِ کُ مْ | تمہارے بعض کے | ب ع ض | بعض لوگ بَعضُ النَّاس بَعض اَشیاء |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَعْضًا ؕ | بَ عْ ضًا | بعض کو | ب ع ض | بعض لوگ بَعضُ النَّاس بَعضُ اشیاء |

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٦٢﴾ لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ؕ

بخشش کی دعا مانگیں، بیشک اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے ﴿٦٢﴾ تم اللہ تعالیٰ کے نبی (ﷺ) کے بلانے کو ایسا بلاوا نہ کرلو جیسا کہ آپس میں ایک

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَدْ | قَ دْ | تحقیق | | |
| | يَعْلَمُ | يَ عْ لَ مُ | جانتا ہے | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامَہ |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ يْ نَ | ان لوگوں کو جو | | |
| | يَتَسَلَّلُوْنَ | يَ تَ سَلْ لَ لُوْ نَ | کھسک جاتے ہیں | س ل ل | |
| | مِنْكُمْ | مِنْ كُ مْ | تم میں سے | | |
| | لِوَاذًا ۚ | لِ وَا ذًا | چپکے سے | ل و ذ | |
| | فَلْيَحْذَرِ | فَلْ يَ حْ ذَ رِ | پس چاہئے کہ ڈریں | ح ذ ر | تَحذِیرُ النَّاس (لوگوں کو ڈرانا) اَلحَذَر اَلاَمَاں |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ يْ نَ | وہ لوگ جو | | |
| | يُخَالِفُوْنَ | يُ خَا لِ فُوْ نَ | مخالفت کرتے ہیں | خ ل ف | اِختِلَافِ اُمت، اِختِلَافات اِختِلَافِ مذہب، فُروعی اِختلاف |

قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ۚ فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ

دوسرے کو ہوتا ہے، تم میں سے انہیں اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے جو نظر بچا کر چپکے سے سرک جاتے ہیں، سنو! جو لوگ حکم رسول کی مخالفت کرتے ہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
